Click on http://www.paksociety.com for more


## اداریہ

مجھے کچھ کہنا ہے — مدیرہ 15

## سلسلے وار ناول

اعتبارِ وفا — نگہت سیما 26

آخری امید — قیصرہ حیات 68

اے عشق ترے ہیں کھیل عجب — دُرِ ثمن بلال 166

## منی ناول

زندگی خاک نہ تھی — شیریں حیدر 104

## ناولٹ

کھوئے کھوئے سے لمحے — تابندہ نعیم 140

جرسِ الفت کے اسیر — فرحین اظفر 196

## مکمل ناول

نبھانا ہے محبت سے — سکینہ فرخ 230

## افسانے

خطائے نظر سے پہلے — شبانہ شوکت 57

سوئی تاگے دھاگے تک — فریدہ لاکھانی 61

تم بِن — کائنات غزل 63

نورِ دیارِ دل — غزالہ عزیز 91

معذور — قرۃ العین خرم ہاشمی 133

اے عمرِ رواں آہستہ کے چل — عاشفہ مسعود 155

وہی ہوتا ہے جو — شمیم فضل خالق 161

ہم روح سفر ہیں — شہناز وسیم 187

زندگی تماشا بنی — نیلم احمد بشیر 219

وہ کون تھی — ہالہ احمد 227

## خصوصی مضامین

یادوں کی مالا — ڈاکٹر ذکیہ بلگرامی 18

شمعِ ہدایت — اختر شجاعت 255

کیا خیال ہے — عظمیٰ آفاق سعید 261

باتیں بہار و خزاں کی — قارئین 263

پاکیزہ کے مہمان — شائستہ زریں 268

## مستقل عنوانات

دین کی باتیں — ادارہ 16

بہنوں کی محفل — مدیرہ 278

پاکیزہ ڈائری — عظمیٰ آفاق سعید 287

جلترنگ — انجم انصار 290


پبلشر و پروپرائٹر: ذیشان رسول مقامِ اشاعت: گراؤنڈ فلور C-63 فیز II ایکس ٹینشن، ڈیفنس، مین کورنگی روڈ کراچی 75500
پرنٹر: جمیل حسن • مطبوعہ : ابن حسن پرنٹنگ پریس ہاکی اسٹیڈیم کراچی

READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

کی چاہ بھی تھی جس کا ذکر وہ سنتا اور پڑھتا چلا آیا تھا...... شاہی مسجد کے قریب گاڑی پارک کر کے وہ پیدل ہی قلعے کی بوسیدہ دیواروں کو تکتے ہوئے سر جھکائے آگے بڑھ رہا تھا۔ دل عجیب طرح سے دھک دھک کر رہا تھا۔ کئی بار خیال آیا کہ وہ یہاں سے ہی پلٹ جائے اور شیر خان کو جانے دے لیکن دل میں آنے والے خیال کے برعکس وہ یونہی سر جھکائے چلتا ہوا شیر خان کے ساتھ گلی میں داخل ہو گیا۔ اندر پیلی تیز روشنیوں والے بلب جل رہے تھے۔ موتیے اور گلاب کے پھولوں کی خوشبو اس کے نتھنوں سے ٹکرائی تو اس نے سر اٹھا کر دیکھا۔ وہ پھولوں والی دکانوں کے پاس سے گزر رہے تھے۔ کہیں کسی دکان سے خریدار پھول خرید رہے تھے۔ وہ تھوڑا سا اور آگے بڑھے تو بوسیدہ لکڑی کی رنگ اُڑی بالکونیوں، دروازوں اور دریچوں پر رنگین آنچل لہرا رہے تھے، کبھی کی پڑھی منٹو کی کہانیوں کے منظر آنکھوں کے سامنے آئے تو اس نے گھبرا کر شیر خان کی طرف دیکھا۔

''شیر خان کسی سے شاہجہان کے گھر کا تو پوچھو۔''

شیر خان نے ایک پان کی دکان پر رک کر شاہجہان کا پتا پوچھا تو اس نے کتھے والی انگلیاں چاٹتے ہوئے سامنے کی طرف اشارہ کیا۔

''ارے یہی تو ہے سامنے شاہجہان بیگم کا چوبارہ......'' انہوں نے قدم آگے بڑھائے ہی تھے کہ جانے کس نے شاہجہان بیگم کو خبر کر دی تھی کہ وہ خود ہی لپکتی جھپکتی باہر آ گئی تھی۔

''آیئے...... آیئے صاحب آ جایئے۔'' وہ انہیں لیے اندر داخل ہوئی۔ یہ ایک بڑا ہال نما کمرا تھا جس کے آدھے فرش پر قالین بچھا تھا۔ اور سرخ ساٹن کے غلاف والے گاؤ تکیے رکھے تھے۔ وہ اس ہال نما کمرے سے گزر کر انہیں ایک اور کمرے میں لے آئی تھی جس میں ایک صوفہ اور ایک ڈبل بیڈ تھا۔

''بیٹھیے صاحب......'' اس نے انہیں صوفے پر بیٹھنے کا اشارہ کیا تھا۔

''شیدے نے آپ کو گلی کی طرف آتے دیکھا اور دوڑتا ہوا آیا اور اس نے بتایا کہ خان دادا کے بندے آ رہے ہیں۔ مانو میں تو قربان ہی ہو گئی۔ مجھے پتا تھا کہ خان دادا میری درخواست پر خاموش نہیں بیٹھیں گے۔''

''نہیں شکریہ ہم بیٹھنے نہیں آئے۔'' اس نے نفی میں سر ہلایا تھا۔ یک دم ہی اسے کوفت سی ہونے لگی تھی۔

''تمہارا وہ طیفا، بدمعاش نہیں آیا؟''

''آتا ہی ہوگا...... بس آپ بیٹھو آرام سے۔'' اس نے ایک بار پھر انہیں بیٹھنے کا اشارہ کیا تھا اور خود دروازے سے سر نکال کر آواز دینے لگی۔

''موراں...... او موراں...... اِدھر مر جلدی آ دو ٹھنڈی بوتلیں لے آ......''

''نہیں اس کی ضرورت نہیں ہے۔'' اس نے منع کیا۔

تیرہ چودہ سال کی ایک دبلی پتلی سانولی سی لڑکی اندر آئی تھی۔

''جا بھاگ کے پکڑ لا دو بوتلیں......''

''نہیں...... ضرورت نہیں ہے۔'' اس بار اس نے سختی سے منع کیا تھا۔

''اچھا پان تو لیں گے ناں...... کیا غضب کی گلوری بناتا ہے اپنا شیرو...... گھنٹوں منہ مہکا رہتا ہے، اصلی چاندی کے ورق میں لپیٹ کر دیتا ہے۔'' اس سے بات کرتے کرتے اس نے موراں کی طرف دیکھا۔

''جا ناں...... کھڑی منہ کیا تک رہی ہے، بھاگ کر دو میٹھے خوشبو والے پان پکڑ لا...... شیرو سے کہنا خاص مہمان ہیں۔''

''توبہ کس قدر بولتی ہے یہ عورت......'' وہ از حد بیزار ہوا تھا۔ ایک بار تو...... اس کا جی چاہا تھا شیر خان کو اکیلا



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM
READING Section

Click on http://www.paksociety.com for more

چھوڑ کر چلا جائے۔ شیر خان کون سا کسی سے کم ہے۔ نبڑ لے گا خود ہی اس سے...... لیکن پھر اس نے خود ہی اس خیال کو جھٹک دیا...... اب یہاں تک آ گیا تھا تو اس پھنّے خان کو بھی دیکھ لے۔ موراں، شاہجہان کے آرڈر پر بھاگ گئی تھی وہ بیزار سا بیٹھ گیا تھا۔ اور اس نے شیر خان کو بھی بیٹھنے کے لیے کہا تھا...... شاہجہان بیڈ پر بیٹھ گئی تھی۔

''کیا بتاؤں صاحب کتنی رونق ہوتی تھی یہاں پر، اس کمبخت نے وہ دنگا فساد کیا یہاں آ کر کہ اب اس کے ڈر سے کوئی جھانکتا بھی نہیں...... کہتا ہے میرے اور میرے بندوں کے علاوہ کسی نے یہاں قدم رکھا تو ٹانگیں توڑ دے گا۔ گردن دبا دے گا۔''

وہ پھر شروع ہو چکی تھی...... اور ابھی نہ جانے کب تک بولتی کہ ظہورا اندر داخل ہوا۔

''وہ آ گیا ہے...... شیرو سے پان بنوا رہا ہے...... تین بندے ساتھ ہیں۔''

شاہجہان بوکھلا کر کھڑی ہو گئی تھی۔

''اندر آنے دو دیکھ لیتے ہیں اسے۔''

''آپ ابھی اِدھر ہی بیٹھو میں دیکھتی ہوں۔'' شاہجہان بڑی پھرتی سے باہر نکل کر غالباً اسی ہال نما کمرے میں گئی تھی۔ لحہ بھر کے توقف کے بعد وہ بھی شیر خان کو اپنے ساتھ آنے کا اشارہ کرتا ہوا ہال میں آیا تھا۔ شاہجہان ہال کے وسط میں ہراساں سی کھڑی تھی اور ظہورا اس کے استقبال کے لیے دروازے پر کھڑا تھا۔

''ایک بات کا دھیان رکھیے گا صاحب یہاں خون خرابہ نہ ہو...... بس زبانی کلامی سمجھا دیجیے گا۔''

اس نے شیر خان کو ریوالور نکالتے دیکھ لیا تھا۔

''اور اگر وہ زبانی کلامی نہ سمجھا تو......؟'' شیر خان نے ریوالور دوبارہ جیب میں ڈال لیا تھا۔

''ویسے لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے۔''

''تمہاری بات ٹھیک ہے شیر خان لیکن خون خرابے سے چوبارہ بدنام ہو جاتا ہے، ایک بار......'' وہ پتا نہیں کیا کہنا چاہتی تھی کہ دروازہ زور سے کھلا...... اور وہ اندر داخل ہوا۔ ثمر حیات نے گہری نظروں سے اس کا جائزہ لیا تھا۔ بوسکی کا کرتا لٹھے کی کلف لگی شلوار، سنہری زری کی کھیڑیاں اور کندھے پر قیمتی چادر...... دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے دائیں مونچھ کو بل دیتا ہوا یہ وہی تھا پچکی ناک اور بڑے سیاہ مسّے والا...... اس کے پیچھے اس کے تینوں بندے بھی اندر آئے تھے۔ ان پر ایک نظر ڈال کر اس نے شاہجہان کی طرف دیکھا تھا۔

''یہ تُو نے آج پھر تماش بین اکھٹے کر لیے...... کیا کہا تھا میں نے تم سے کہ اِدھر اب کوئی نہیں آئے گا۔'' وہ بولا۔

''چل اوئے اِدھر سے نکلو...... گم کرو اپنی شکلیں۔'' اس کے بندوں میں سے ایک نے آگے بڑھ کر کہا تھا جبکہ طیفا اسی بے نیازی سے مونچھ کو انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے مروڑتا ہوا کارپٹ کی طرف بڑھتے ہوئے شاہجہان بیگم کے قریب رکا تھا۔

''بلاؤ ذرا اس چھمک چھلو کو آج کچھ ایسا پیش کرے کہ پھڑک اٹھوں۔''

''اوئے تم ابھی تک کھڑے کیا پٹر پٹر تک رہے ہو، ہٹو یہاں سے۔'' اسی بندے نے آگے بڑھ کر شیر خان کے بازو پر ہاتھ رکھا تھا۔

وہ شیر خان سے ذرا پیچھے کھڑا گہری نظروں سے طیفے کو دیکھ رہا تھا جب شیر خان نے اس بندے کا ہاتھ جھٹک کر اس کی کلائی پکڑ کر مروڑ دی۔ وہ درد سے بلبلایا تو طیفا بیٹھتے بیٹھتے رک گیا اور شیر خان کو زہریلی نظروں سے گھورنے لگا۔ اس کی پچکی ہوئی ناک کے نتھنے پھڑکنے لگے تھے۔

''کون ہو تم اور تمہیں جرأت کیسے ہوئی طیفے کے بندے کا بازو مروڑنے کی۔ اور سنا نہیں تھا تم نے، چلتے


READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

پھرتے نظر آؤ یہاں سے ورنہ......"

"ورنہ کیا؟" •

وہ آگے بڑھا تھا...... لیکن اس کی بات کا جواب دینے کے بجائے طیفے نے اپنے بندوں کو اشارہ کیا۔

"اٹھاؤ انہیں اور پھینک آؤ باہر کسی گندے نالے میں۔" وہ واپس کارپٹ کی طرف مڑا تو اس نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا تھا۔

"ہمیں جلیل خان نے بھیجا ہے۔"

"کون جلیل خان......؟" وہ پلٹتے ہوئے جیسے دہاڑا تھا۔

"تم احسان فراموش، گندی نالی کے کیڑے، تم نہیں جانتے جلیل خان کو؟"

شیر خان جو قدرے اندھیرے میں تھا یک دم روشنی میں آیا۔ اس کی آنکھوں میں روشنی کی چمک نظر آئی پھر یک دم اس کا رنگ پھیکا پڑ گیا اور اس کا مونچھوں کو بل دیتا ہاتھ نیچے گر گیا۔ اب ثمر حیات نے آگے بڑھ کر اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بہت آہستہ لیکن مضبوط آواز میں اسے جلیل خان کا پیغام دیا تھا۔ طیفے کا سر جھک گیا تھا۔ اس نے سر جھکائے جھکائے اپنے بندوں کو باہر جانے کا اشارہ کیا تھا۔ اور ان کے جاتے ہی یکا یک ثمر حیات کے قدموں میں بیٹھ گیا تھا۔

"معاف کر دیں دادا...... میں جلیل خان کا غلام اس کے در کا کتا...... خان دادا کہے تو میں اپنی گردن خود کاٹ کر اس کے سامنے رکھ دوں...... غلطی ہو گئی...... خان دادا سے کہیں مجھے معاف کر دیں۔" اس نے سر ہلایا تھا۔

"دادا...... میں اپنے باپ کی اولاد نہیں اگر دوبارہ یہاں بلکہ اس گلی میں قدم رکھوں۔"

پہلی بار اس کے لیے دادا کا لفظ طیفے نے استعمال کیا تھا اور اسے دل ہی دل میں ہنسی آئی تھی۔ کیا وہ دیکھنے میں دادا ٹائپ لگتا ہے؟ وہ صوفی نصیر کا بیٹا...... برصغیر میں تقسیم سے پہلے ہندوستان میں اڈوں اور باڑوں کے استاد دادا کہلاتے تھے۔ پتا نہیں اب بھی ایسے اڈے پاڑے ہوں گے۔ وہ نہیں جانتا تھا لیکن وہ نہ تو کسی اڈے کا دادا تھا نہ استاد وہ تو جلیل خان کا ایک کارکن تھا لیکن نہیں جانتا تھا کہ ایک روز لوگ اس کا اصل نام بھول جائیں گے اور ایک طویل عرصے تک دادا کا نام اس کے نام سے جڑا رہے گا۔ پہلے حیات دادا پھر حیاتی دادا اور پھر حاتی دادا......

طیفا اٹھا تھا اور سر جھکائے جا رہا تھا۔

"تم نے اچھی طرح سن لیا ہے ناں پھر کبھی یہاں قدم رکھا اور شاہجہان بیگم کی لڑکیوں کو تنگ کیا تو کان کھول کر سن لو پھر عمر بھر اپنی ٹانگوں پر نہ چل سکو گے۔"

اس نے اسی مضبوط لہجے میں کہا تھا۔ طیفے نے اب زبان سے کچھ نہیں کہا تھا بس ہاتھ جوڑ دیے تھے اور تیزی سے باہر نکل گیا تھا اور اس کے جاتے ہی جیسے سوئے ہوئے چوبارے میں زندگی جاگ اٹھی تھی۔ موراں نہ صرف مراد آبادی نقشین پلیٹ میں چاندی کے ورق میں لپٹے پان لے آئی تھی بلکہ ٹھنڈی، ٹھنڈی بوتلیں بھی لے آئی تھی۔ شاہجہان نے منہ کھولے کھڑے شیدے کو گھورا تھا۔

"منہ کیا دیکھ رہا ہے...... اندر سے موڑھے پکڑ کر لا اور چھوٹی تپائی بھی پکڑ لا۔"

"نہیں بس اب ہم چلیں گے۔ اگر پھر کوئی مسئلہ ہو تو فون کر دیجیے گا۔"

"ارے نہیں ایسے کیسے جانے دوں آپ کو......" شاہجہان ان کی خاطر تواضع کے لیے بچھی جا رہی تھی۔ شیدا موڑھے لے آیا تھا اور تپائی بھی۔ موراں نے جھٹ سے پان اور بوتلیں تپائی پر رکھی تھیں۔ شاہجہان نے پھر اسے ڈپٹا تھا۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

''موراں تجھے کب عقل آئے گی جا گلاس لے کر آ...... اب کیا یہ بوتلیں منہ سے لگائیں گے۔'' اس نے.... بے بسی سے شیر خان کی طرف دیکھا اور بیٹھ گیا۔

''موراں نے گلاسوں میں بوتلوں کا ٹھنڈا مشروب انڈیلا اور گلاس ان کی طرف بڑھائے۔ تب ہی رنگین کپڑوں میں ملبوس مہکتی ہوئی چند لڑکیاں نہ جانے کہاں سے آ کر ہال میں اکٹھی ہو گئی تھیں۔ وہ چہک رہی تھیں۔ خوش ہو رہی تھیں اور اس کی طرف اشارے کر کے سرگوشیاں کر رہی تھیں۔ وہ گھبرا سا گیا تھا۔

''ہم چلتے ہیں۔'' اس نے خالی گلاس تپائی پر رکھا اور اٹھنا چاہا۔

''ارے نہیں صاحب بیٹھیے ناں کچھ دیر تو......'' شاہجہان نے پھر اصرار کیا اور پان پیش کیے۔

اس کے بے حد اصرار پر اس نے پان اٹھا کر منہ میں ڈال لیا اور پان منہ میں ڈالتے ہی اسے نہ جانے کیا کیا کچھ یاد آ گیا تھا۔ وہ جب چھوٹا تھا اور ہر عید پر اماں سے کہہ کر میٹھا پان لے کر آتا اور اصرار کر کے اماں کو بھی کھلاتا...... بڑا ہونے پر بھی اس کی یہی روٹین رہی تھی۔ دل میں ایک ہوک سی اٹھی تھی کتنے سالوں بعد آج اس نے میٹھا پان کھایا تھا۔ اماں، ابا کے چہرے اس کی آنکھوں کے سامنے آ رہے تھے۔ وہ اس کا کھلے صحن والا گھر اور برآمدے میں دیوار پر لگا وہ بڑا سا آئینہ جس میں پان کھا کر وہ بار بار اپنے سرخ ہو جانے والے ہونٹ دیکھتا تھا۔ اماں ہنستی تھیں لیکن وہ ان کی ہنسی پر شرمندہ نہ ہوتا تھا۔ پان وہ صرف عید پر ہی کھاتا تھا کیونکہ ابا نے سمجھایا تھا کہ پان کھانے سے دانت گندے ہو جاتے ہیں۔ وہ کھو سا گیا تھا اسے پتا ہی نہیں چلا تھا کہ کب وہ رنگ برنگے کپڑوں والی لڑکیاں غائب ہوئی تھیں اور کب وہ گہرے سانولے رنگ کی بنگالی نقوش والی لڑکی اندر ہال میں آئی تھی۔ کیسے سب کچھ لمحوں میں ختم ہو گیا تھا۔ اس کا گھر، اماں، ابا...... ایک گہرا درد اس کے دل میں ہلکورے لینے لگا اور آنکھوں سے چھلکنے لگا تھا۔

''صاحب اٹھیے...... آرام سے نیچے بیٹھ جائیں، آپ کو کوئل کا گانا سنواتے ہیں۔''

شاہجہان نے کہا تو اس نے چونک کر اس کی طرف دیکھا تھا۔ تب ہی ظہورا بھی آ گیا۔

''ایسا بھلکا ہے ناں کہ سر بھی نہیں اٹھایا۔ گلی کے باہر تک اس کے پیچھے گیا ہوں۔ شاہجہان بیگم آج تو اس خوشی میں کوئل کا گانا سنوا دو۔'' وہ چہکا تھا۔

Downloaded From
Paksociety.com

''ہاں، ہاں اسی لیے تو بلوایا ہے اسے۔''

''ہائے دادا کیا بتاؤں کیا آواز ہے، کیا لوچ ہے، بندہ کوئل کی آواز میں ڈوب جاتا ہے، کھو جاتا ہے۔''

وہ اب اس سے مخاطب تھا۔

وہ احتجاج کرنا چاہتا تھا منع کرنا چاہتا تھا لیکن اندر شاید کہیں کوئی خواہش چھپی بیٹھی تھی۔ خواب کے سے عالم میں وہ گاؤ تکیے کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھ گیا۔ پتا نہیں کب سازندوں نے ساز سنبھالے تھے اور کب اس سانولی لڑکی نے مرتضیٰ برلاس کی غزل شروع کی تھی۔

جب آ کے سناتا ہے عدو تیری خبر ہر روز
ہم پر تو قیامت سی گزر جاتی ہے ہر روز

کوئل کی آواز میں واقعی جادو تھا۔ وہ گم سا ہو گیا تھا۔ یہ پہلی اور آخری بار تھی جب اس نے شاہجہان کے چوبارے پر گانا سنا تھا۔ حالانکہ جب جب وہ شاہجہان کے چوبارے پر آیا تھا اس کا جی چاہا تھا کہ ایک بار پھر اس کا گانا سنے لیکن اس نے کبھی شاہجہان سے کہا نہیں تھا۔ ورنہ شاہجہان تو منتظر رہتی تھی کہ وہ کوئی فرمائش کرے اور وہ اسے پورا کرے۔ اس رات وہ کوئل کا گانا سن کر فوراً ہی اٹھ کھڑا ہوا تھا اور گلی سے نکلتے ہوئے اس نے عہد کیا تھا کہ وہ اب کبھی یہاں قدم نہیں رکھے گا اگر فرحی کو پتا چلا کہ اب وہ ایسی جگہوں پر بھی جانے لگا ہے تو وہ کتنی خفا ہو گی۔ کبھی


READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

جب جلیل خان آ جائے گا اور وہ ایک نئی زندگی شروع کریں گے تب وہ فرحی کو اس کے متعلق بتائے گا...... اور یہ بھی کہ وہاں دو بندوں نے اسے دادا کہہ کر بلایا تھا۔ اس نے دل ہی دل میں یہاں نہ آنے کے عہد کو کئی بار دُہرایا تھا لیکن وہ نہیں جانتا تھا کہ انسان کے ارادے اور عہد تو ریت کی دیوار کی طرح ہوتے ہیں۔ اس روز وہ نہیں جانتا تھا کہ وہ یہاں ایک بار نہیں کئی بار آئے گا...... اور یہ پہلی بار نہیں تھی اس کے بعد بھی وہ کئی بار آیا تھا۔ ایک بار ریکھا کو پولیس والے تنگ کر رہے تھے...... اس کی لڑکیوں کو باری باری تھانے بلاتے اور بلاوجہ ہی لاک اپ میں بند کر دیتے۔

دراصل ریکھا نے اپنے علاقے کے ایس ایچ او سے پنگا لے رکھا تھا۔ اور وہ جان بوجھ کو اسے تنگ کر رہا تھا۔ ایک بار رانو بیمار پڑ گئی تھی اور اس کے علاج کے لیے نہ تو پیسہ تھا اور نہ ہی کوئی ڈاکٹر اس کا علاج کرنے کے لیے تیار ہوتا تھا۔ ہر بار شاہجہان ہی اس کے پاس آتی تھی یا فون کر دیتی تھی۔ پہلی بار کے بعد اس نے پھر جلیل خان سے نہیں پوچھا تھا وہ سمجھ گیا کہ جلیل خان نے مدد کے لیے آنے والوں کو کبھی انکار نہیں کیا تھا...... وہاں شاہی محلے میں سب ہی اس کی عزت کرتے تھے۔ پھولوں والوں سے لے کر چوبارے والی لڑکیاں تک سب اسے حیاتی دادا کہنے لگے تھے۔ کوئی بھی مسئلہ ہوتا اس کے پاس آتے...... وہ جلیل خان پر حیران ہوتا تھا۔

وہ اب اور بے چینی سے جلیل خان کی رہائی کا انتظار کر رہے تھے۔ وہ ہر پندرہ دن بعد خانیوال آ جاتا تھا...... فرحی اپنے بچوں میں مگن تھی۔ ہر بار اس کا دل مچلتا کہ وہ پلٹ کر اس دنیا میں نہ جائے اور یہاں ہی خانیوال میں رہ جائے...... وہ دنیا اس کے لیے نہیں تھی...... وہ پندرہ سولہ سال گزرنے کے بعد بھی خود کو اس میں اَن فٹ سمجھتا تھا۔ ایک بار وہ فرحی اور بچوں کے ساتھ ایبٹ آباد جا کر کچھ گھر بھی دیکھ آیا تھا۔ فرحی کو ایک گھر پسند آ گیا تھا...... وہ وہاں جلیل خان کے کسی دوست کے ہاں ٹھہرے تھے اور جلیل خان کے کہنے پر ہی وہاں گئے تھے اور جلیل خان کے دوست نے ہی انہیں گھر دکھائے تھے...... تاہم گھر کا سودا نہیں ہو سکا تھا کیونکہ وہ گھر جو فرحی نے پسند کیا تھا اس کی قیمت بہت زیادہ تھی۔ ان کا ارادہ تھا کہ وہ کچھ دنوں بعد پھر چکر لگائیں گے انہوں نے جلیل خان کے دوست سے کہا تھا کہ وہ ان کے لیے کوئی اچھا لیکن مناسب قیمت والا گھر دیکھ کر رکھے...... لیکن پھر وہ ایبٹ آباد نہ جا سکے تھے حالانکہ جلیل خان کے دوست نے انہیں بلایا تھا کہ ان کی پسند کے عین مطابق ایک گھر مل گیا ہے اور مالک مناسب قیمت مانگ رہا ہے۔ ریحان کی طبیعت ان دنوں بہت خراب رہنے لگی تھی۔ کمزور تو وہ شروع سے تھا لیکن ایکٹو تھا مگر اب اچانک اسے سانس کی تکلیف شروع ہو گئی تھی۔ حتیٰ کہ بعض اوقات فیڈر لیتے ہوئے بھی اس کی سانس اکھڑ تی تھی...... وہ بہت پریشان تھے۔ خانیوال میں فرحی نے کئی ڈاکٹروں کو دکھایا لیکن روز بروز جسے وہ بگڑتا جا رہا تھا۔ پھر ایک ڈاکٹر نے خیال ظاہر کیا کہ اسے لنگو کا نہیں دل کا پرابلم ہے۔ شاید دل میں سوراخ ہے۔ اس نے ہی انہیں ہارٹ اسپیشلسٹ ڈاکٹر شہریار کو دکھانے کا مشورہ دیا تھا جو اُن دنوں اسلام آباد میں تھے اور دل کے ایسے کئی آپریشن کر چکے تھے۔ وہ شیر خان اور دلدار کے علاوہ جلیل خان کے ایک اعتبار کے بندے افضل کو خان ہاؤس میں چھوڑ کر اور سارے معاملات ان کے سپرد کر کے خود فرحی کو اور بچوں کو لے کر اسلام آباد آ گیا تھا...... ڈاکٹر شہریار نے تصدیق کر دی تھی کہ ریحان کے دل میں سوراخ ہے۔ ابتدا میں وہ ہوٹل میں رہے تھے لیکن پھر انہوں نے ایک چھوٹا سا گھر کرائے پر لے کر روحان اور زیتون بانو کو بھی بلا لیا تھا۔ وہ تقریباً دو ماہ اسلام آباد میں رہے تھے۔ ریحان کا آپریشن ہو گیا تھا۔ شروع میں ہر ہفتے اور پھر پندرہ دن بعد وہ اسے ڈاکٹر کے پاس چیک اپ کے لیے لے کر جاتے رہے تھے۔ وہ صحت مند ہو رہا تھا اس کے رخساروں پر سرخی آ گئی تھی جب وہ ڈاکٹر سے اجازت لے کر خانیوال آئے تھے۔ لیکن وہاں آنے کے چند دن بعد ہی اس کی طبیعت پھر بگڑ گئی تھی۔ وہ جب لاہور جانے کی تیاری کر رہا تھا، لاہور کا ارادہ ملتوی کر کے ایک بار پھر اسلام آباد آ گیا تھا۔ ایک بار پھر اس بچے کو آپریشن کی تکلیف سے گزرنا پڑا تھا لیکن ایک امید تھی جو دل کے تاروں سے جڑی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more


تھی کہ وہ ٹھیک ہو جائے گا۔ فرحی کی پلکیں ہر وقت بھیگی رہتیں۔
''فرحی دعا کرو اللہ ہماری دعا ضرور سنے گا۔'' وہ اسے تسلی دیتا لیکن سب دعائیں ہتھیلیوں پر ہی اٹکی رہ گئیں اور ریحان نے آنکھیں بند کرلیں۔ یہ بہت کڑا وقت تھا اس کے لیے اور فرحی کے لیے بھی..... فرحی یوں تڑپ، تڑپ کر روتی کہ اسے سنبھالنا مشکل ہو جاتا۔
''کیا ہماری سزا کبھی ختم نہیں ہو گی ثمر.....؟'' وہ بھی منفی انداز میں سوچنے لگی تھی۔
''تم تو ایسی نہیں تھیں فرحی..... پھر اس طرح کیوں سوچ رہی ہو..... یہ کیوں نہیں سوچتیں کہ یہ بھی ایک آزمائش ہے۔ تم خود ہی تو کہتی تھیں کہ اللہ بعض اوقات اپنے بندوں کو آزماتا ہے۔ اللہ سے صبر کی دعا مانگو اس کی چیز تھی اس نے لے لی۔''
وہ اسے سمجھاتا لیکن بچے کی موت نے ایسا گھاؤ لگایا تھا جسے بھرنے میں وقت لگنا تھا۔ اس گھاؤ نے کتنے ہی پرانے زخموں کے منہ کھول دیے تھے..... فرحی کو سمجھاتے سمجھاتے وہ خود حوصلہ کھو دیتا تھا۔ ریحان کے بعد بھی وہ لاہور نہ جاسکا۔ جب بھی اس نے لاہور جانا چاہا فرحی کے آنسو اسے زنجیر کر لیتے..... وہ سراپا شکوہ تھی۔
''ہمارے ساتھ ہی ایسا کیوں ہوا ثمر؟'' وہ بے تحاشا روتی اور اسے اس حال میں چھوڑ کر جانا اس کے لیے ممکن نہ تھا۔
کبھی فرحی اسے سمجھاتی تھی..... اب اس نے یہ فرض سنبھال لیا تھا..... اور چاہنے کے باوجود لاہور نہیں جا پا رہا تھا۔ اسے لاہور سے آئے تین ماہ ہو گئے تھے..... ان تین ماہ میں کئی ایسے معاملات تھے جنہیں خود ہی شیر خان وغیرہ نے نبٹا دیا تھا کیونکہ جلیل خان نے انہیں سمجھا دیا تھا کہ وہ ثمر حیات کو پریشان نہ کریں لیکن پھر بھی تین ماہ بعد شیر خان کا فون آ گیا تھا۔
''میں آپ کو اب بھی پریشان نہیں کرنا چاہتا تھا۔ لیکن کچھ ایسے معاملات آپڑے ہیں کہ ہم تنہا کچھ نہیں کر سکتے۔ خان دادا سے بھی ملاقات نہیں ہو پا رہی..... آپ کے دکھ کا احساس ہے مجھے لیکن مجبوری ہے۔''
''کہو شیر خان کیا مسئلہ ہے؟''
''بیگم عبدالغفور کو ایک شخص بہت تنگ کر رہا ہے۔ وہ ان کی بیٹی سے شادی کرنا چاہتا ہے اور انہیں دھمکاتا ہے کہ اگر انہوں نے رشتہ نہ دیا تو لڑکی اٹھا لے گا یا چہرے پر تیزاب ڈال دے گا..... دو تین بار ہم نے زبانی کلامی سمجھایا ہے لیکن وہ باز نہیں آ رہا..... خدانخواستہ کچھ ایسا واقعہ ہو گیا تو دادا تو دادا ہم بھی محلے میں سر اٹھا کر نہ چل سکیں گے۔'' وہ تفصیل بتا رہا تھا اور ثمر حیات خاموشی سے سن رہا تھا۔
''شاہجہان بیگم بھی دو تین چکر لگا چکی ہیں کافی پریشان ہیں..... کوئی بڑا ہی مسئلہ ہے انہیں بھی..... اور سب سے بڑھ کر بسمل خان، سنگاپور اور ہانگ کانگ سے کافی مال لے کر آیا ہے..... کسی اور سے بھی بات چیت چل رہی ہے اس کی، کہہ رہا تھا کہ اگر ہم نے مال نہ اٹھایا تو کسی اور کو دے دے گا، گولڈ بھی لایا ہے..... اِدھر کسٹمر بھی مال کا تقاضا کر رہے ہیں..... اگر ہم نے.....''
''ٹھیک ہے.....'' ثمر حیات نے اس کی بات کاٹی تھی۔
''میں صبح آ رہا ہوں، تم پریشان مت ہو۔'' اور پھر پورے تین ماہ بعد اس نے لاہور خان ہاؤس میں قدم رکھا تھا۔ بسمل خان سے سودا کرنے اور مال آگے پہنچانے کے بعد اس نے بیگم عبدالغفور سے ملاقات کی تھی اور شاہجہان بیگم کی طرف جانے کا ارادہ کیا تھا کہ وہ خود ہی آ گئیں۔ پریشان حال سی وہ بار بار برقع کے بٹن بند کرتی اور کھولتی تھی۔
''دادا آپ کہاں چلے گئے تھے؟'' وہ روہانسی ہو رہی تھی۔


READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

''بہت مشکل میں ہیں ہم...... بدمعاش سے جان چھوٹی تو شریف آدمی گلے پڑ گیا۔''
اس نے سوالیہ نظروں سے شاہجہان کو دیکھا تھا۔
''کسی جاگیردار کا بیٹا ہے...... اور اس کا باپ صرف جاگیردار ہی نہیں سیاست دان بھی ہے...... ہماری مدد کرو دادا، ہم تباہ ہو جائیں گے۔''
شاہجہان ہاتھ جوڑنے لگی۔
''کیا کر رہی ہیں آپ ایسا مت کریں۔'' بے اختیار اس کے لبوں سے نکلا تھا۔
''کوئل مرگئی حیاتی دادا...... ان ظالموں نے اسے مار ڈالا۔''
شاہجہان رونے لگی تھی۔
''کوئل......!'' اس کے کانوں میں کوئل کی آواز گونجنے لگی۔ رنج اور غصے سے اس نے مٹھیاں بھینچیں۔
''وہ اسے گانا سننے کے لیے لے گئے تھے زبردستی...... اور پھر دو دن بعد اس کی لاش نوگزے کی قبر کے پاس پڑی ملی۔ رات کی تاریکی میں وہاں پھینک گئے تھے۔''
''کون ہے وہ؟'' ثمر حیات نے بہ مشکل اپنے غصے پر قابو پایا تھا۔
''اس کا ملازم اسے مٹھا سائیں کہتے ہیں۔''
''پاپا......'' عظام نے اندر قدم رکھا تو ثمر حیات نے چونک کر اسے دیکھا۔ اس کا چہرہ تمتما رہا تھا اور آنکھیں لو دے رہی تھیں۔
اس نے اس کی دمکتی آنکھوں کو دیکھا۔ یقیناً آنے والا فون اسی لڑکی کا ہوگا اور عظام کو اسی کے متعلق بات کرنا ہوگی لیکن وہ ابھی، ابھی ماضی کے سفر سے لوٹا تھا۔ ریحان کی موت کا دکھ اتنے سالوں بعد جیسے تازہ ہو گیا تھا اس کی آنکھوں کے سامنے بار بار دو سالہ ریحان آ رہا تھا۔ اس کے ننھے ہاتھوں کا لمس جیسے اس کے چہرے پر زندہ ہو گیا تھا...... وہ اس کی گود میں تھا جب اس نے آخری سانسیں لی تھیں۔
''پ...... پا......'' ننھے لبوں سے نکلا تھا۔
اس نے لمحے بھر کو آنکھیں کھول کر اسے دیکھا تھا اور ہاتھ بلند کر کے اس کے رخساروں کو چھوا تھا پھر اس کے ہاتھ نیچے گر گئے تھے اور وہ خوب صورت آنکھیں بند ہو گئی تھیں۔
''بیٹا میں اس وقت بہت تھکن محسوس کر رہا ہوں، انشاء اللہ صبح ہم طے کرلیں گے کہ کب جانا ہے نجل کے گھر...... اور بے فکر رہو...... مسز شاہجہان انکار نہیں کریں گی۔ کیونکہ میرا بیٹا ہے ہی اتنا خوب صورت اور اچھا۔''
اس نے مسکرانے کی کوشش کی۔
''ٹھیک ہے پاپا......!'' اس نے ثمر حیات کے تھکے ہوئے چہرے پر نظر ڈالی اور خدا حافظ کہتا ہوا اپنے کمرے میں چلا گیا۔

☆☆☆

میں نے اس طور سے چاہا تجھے اکثر جاناں
جیسے مہتاب کو بے انت سمندر چاہے
جیسے سورج کی کرن سیپ کے دل میں اترے
جیسے خوشبو کو ہوا رنگ سے ہٹ کر چاہے
جیسے بارش کی دعا آبلہ پا مانگتے ہیں



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

تھی...... لیکن رواحہ کے دل میں کیا تھا وہ نہیں جانتی تھی۔ اس نے کبھی اس طرح کی کوئی بات نہیں کی تھی جس سے اسے اندازہ ہوتا کہ وہ اس کے لیے اپنے دل میں کیا جذبات رکھتا ہے...... کئی بار اسے گمان تو ہوا تھا کہ رواحہ کے دل میں بھی اس کے لیے کچھ خاص جذبہ ہے لیکن وہ پُریقین نہیں تھی...... اور اپنی یک طرفہ محبت کا خیال اکثر اسے پریشان کر دیتا...... وہ اپنی محبت کا راز داں کس کو بنائے...؟ کس کے سامنے اپنا دل کھول کر رکھ دے.....؟ عالیہ پتا نہیں کیوں اس سے دور ہوگئی تھی...... وہ بہت کم یونیورسٹی آتی اور آتی بھی تو اس سے دور دور اور اُکھڑی اُکھڑی رہتی اور عالیہ کے علاوہ کسی اور سے اس کی اتنی گہری دوستی نہ تھی کہ دل کے ساتھ ہونے والی اس واردات کا بھید اسے دیتی۔ سو وہ محبت کے اس نئے نئے احساس سے ہراساں اور پریشان سی رہنے لگی تھی۔ اسے اپنے دل پر اختیار نہیں رہا تھا۔ رواحہ کے تصور سے ہی دل کی دھڑکنیں بے ترتیب ہو جاتیں۔ چند ماہ بعد فائنل ایگزام کے بعد سب بچھڑ جائیں گے پھر شاید وہ کبھی رواحہ سے نہ مل سکے اسے نہ دیکھ سکے۔ اس خیال سے ہی اس کا دل بند ہونے لگتا تھا۔ اور رواحہ کو تو شاید کبھی خبر بھی نہ ہو کہ اس کے نوخیز دل میں اس کی محبت کیسے اچانک اتر آئی تھی۔

یہ ابھی کل ہی کی تو بات تھی کہ وہ کلاس چھوڑ کر لان میں آ کر بیٹھ گئی تھی...... اور گھاس کے تنکے نوچ نوچ کر پھینک رہی تھی...... ذہن میں سیکڑوں خیالات آ رہے تھے۔ وہ تو محبت کا مذاق اڑاتی تھی۔ جب کبھی عالیہ محبت کا ذکر کرتی وہ اسے حماقت اور بے وقوفی کہتی لیکن اب خود اس کا دل اس حماقت میں مبتلا ہو گیا تھا اور وہ بھی یک طرفہ...... عالیہ ہوتی تو آج وہ ضرور اس کے سامنے اعتراف کر لیتی کہ وہ بھی کسی کی محبت میں گرفتار ہو چکی ہے لیکن آج بھی وہ نہیں آئی تھی...... وہ اپنی سوچوں میں کھوئی ہوئی تھی جب بہت آہستگی سے آ کر رواحہ اس کے قریب ہی بیٹھ گیا۔

''رتی کیا ہوا کیا تم کچھ پریشان ہو......؟ تم فوراً کلاس سے نکل آئیں، میں تمہارے پیچھے آنا چاہ رہا تھا لیکن پھر سر آ گئے تو نہیں آ سکا۔''

''بس یونہی پڑھنے کا موڈ نہیں تھا۔''

''نہیں رتی تم کچھ پریشان لگ رہی ہو...... گھر میں تو سب ٹھیک ہے ناں......'' وہ اسے دیکھتے ہوئے بولا تھا۔

رواحہ نے اس کی پریشانی کو محسوس کیا...... اس احساس نے اس کے اندر پھول کھلائے تھے۔

''یونہی بس وہ ممتاز حیدر جو جدائی کی نظم سنا رہا تھا اس سے دل اداس ہو گیا۔ چند ماہ کی بات ہے پھر سب بچھڑ جائیں گے۔ کوئی پتا نہیں کسی کو کوئی یاد بھی کرے گا یا نہیں۔''

''کم از کم میرے متعلق تم ایسا نہیں کہہ سکتیں رتی...... میں کبھی کسی کو نہیں بھول سکتا اور تمہیں تو بالکل بھی نہیں...... لیکن تم...... ہو سکتا ہے میں تمہیں یاد بھی نہیں رہوں، لڑکیاں شادی کے بعد اپنے گھر اور بچوں میں کھو کر سب کچھ بھول جاتی ہیں۔''

رواحہ شاید اسے کھوجنا چاہ رہا تھا کیونکہ اس کی نظریں اس کے چہرے پر تھیں۔

''ناممکن......'' اس کی آنکھیں جھلملا گئی تھیں۔

''میں......؟ مجھے سب یاد رہیں گے۔''

''کیا ایسا نہیں ہو سکتا رتی کہ ہمیں ایک دوسرے کو یاد نہ کرنا پڑے اور ہم ہمیشہ اکٹھے رہیں ایک ساتھ؟''

آج اس نے وہ بات کہہ دی تھی جسے سننے کو اس کے کان کب سے منتظر تھے۔ اس کی سماعتوں میں جیسے کسی نے رس گھول دیا تھا۔ اندر ایک ساتھ بہت سارے چراغ جل اٹھے تھے۔

''کیا ایسا ممکن ہے رواحہ......؟'' اس نے بے تحاشا دھڑکتے دل سے پوچھا تھا۔

''ناممکن تو کچھ بھی نہیں ہے رتی...... اگر تم بھی چاہو تو......''



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
Reading Section

Click on http://www.paksociety.com for more

''میں بھلا کیوں نہ چاہوں گی؟'' بے اختیار اس کے لبوں سے نکلا تھا اور پھر اس کی پلکیں جھک گئی تھیں۔ رخساروں پر جیسے آگ سی دہک اٹھی تھی۔ اسے لگا تھا جیسے رواحہ بے حد دلچسپی سے اسے دیکھ رہا تھا اور اس کی نظروں کی حدت سے اس کا دل پگھلا جا رہا تھا۔

''رتی......'' اس کی آواز جذبات سے مغلوب تھی۔

''کیا میرے کانوں نے صحیح سنا......؟ کیا واقعی تم بھی ایسا ہی چاہتی ہو؟'' اور اس نے نگاہیں جھکائے جھکائے اثبات میں سر ہلایا تھا۔

''تھینک یو رتی...... تھینک یو۔'' اس نے رواحہ کے چہرے کے تاثرات نہیں دیکھے تھے لیکن اس کے لہجے سے چھلکتی خوشی کو محسوس کر رہی تھی...... یعنی اس کی محبت یک طرفہ نہیں تھی اگر اس کا دل رواحہ کا اسیر ہوا تھا تو رواحہ بھی اس کے لیے اپنے دل میں ایسے ہی جذبے محسوس کرتا تھا۔

''بہت دنوں سے میں سوچ رہا تھا کہ میں تمہیں بتاؤں کہ تم میرے لیے کیا ہو...... اور یہ کہ میں بری طرح تمہاری محبت میں گرفتار ہو چکا ہوں اور اب اس محبت کے جال سے نکلنا میرے لیے ممکن نہیں...... میں بے بس ہو چکا ہوں...... اور یہ ابھی کی بات نہیں، بہت پہلے کی بات ہے جب میں نے پہلی بار تمہیں دیکھا تب ہی تم نے میرے دل میں اپنی مسند سنبھال لی تھی۔ میں کبھی ایک نظر کی محبت کا قائل نہیں رہا...... لیکن یقین کرو رتی، میں پہلی نظر میں ہی تمہارا گھائل ہو گیا تھا اور جب جب تمہیں دیکھا دل نے ہمیشہ تمہاری رفاقت کی چاہ کی۔'' دھیمے دھیمے لہجے میں اپنے جذبات کا اظہار کرتے رواحہ کا ہر لفظ اس کے دل پر نقش ہوتا چلا ہو گیا۔

''پتا ہے؟'' وہ ہولے سے ہنسا۔

''میں ہر روز جب گھر سے نکلتا تھا تو یہ عہد کر کے نکلتا تھا کہ آج میں تم سے ضرور حالِ دل کہوں گا اور تم سے تمہاری عمر بھر کی رفاقت کی چاہ کروں گا لیکن ہر روز ہمت ہار دیتا...... تمہاری ناراضی کا خیال مجھے روک دیتا...... حالانکہ میرے بابا چاہتے تھے کہ میں جلد تم سے بات کروں...... پتا نہیں انہیں اتنی بے چینی کیوں ہے؟''

''کیا......؟ کیا تم نے اپنے بابا سے بات کی میرے متعلق......؟'' وہ از حد حیران ہوئی۔

''ہاں......'' وہ مسکرایا تھا۔

''میرے بابا میرے بہت اچھے دوست ہیں۔'' اپنے بابا کے ذکر سے اس کی آنکھوں میں جگمگاہٹیں سی اتر آئی تھیں۔

''اور وہ اب چاہتے ہیں کہ میں تم سے بات کروں اور تمہاری اجازت ہو تو وہ تمہارے گھر آئیں۔''

''تم نے اتنا سوچ لیا اور مجھے بتایا تک نہیں۔'' وہ حیرانی سے اسے دیکھ رہی تھی۔

''تو...... کیا کرتا...... تمہاری ناراضی سے ڈر لگتا تھا ناں کہ کہیں تم خفا ہو جاؤ تو چند لمحوں کی رفاقت سے بھی محروم ہو جاؤں۔''

''تم بہت فضول ہو، تمہیں مجھے بتانا چاہیے تھا ناں کہ تم مجھ سے......''

اور اس نے بات ادھوری چھوڑ دی تھی۔

''تو اب بتا تو دیا ہے ناں......'' وہ شریر نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

''اچھا بتاؤ اگر پہلے بتا دیتا تو کیا کرتیں؟'' اور وہ اسے یہ نہیں کہہ سکی تھی کہ اگر پہلے بتا دیتے تو میں اتنی پریشان نہ ہوتی۔

''تو بابا کو بھیج دوں؟'' اس نے پوچھا تھا۔

''نہیں ابھی نہیں...... پہلے میں اپنے پاپا کو بتا دوں تمہارے متعلق پھر......''

''تمہارے پاپا......'' اس کی خوب صورت آنکھوں میں لمحہ بھر کے لیے فکر کا سایہ سا لہرایا تھا۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

''تمہارے پاپا ایک بزنس مین ہیں اور میرے بابا پروفیسر گو کسی چیز کی کمی نہیں لیکن شاید تمہارے پاپا جتنی دولت نہ ہو ہمارے پاس تو کیا وہ پھر بھی......؟''

''میرے پاپا مجھ سے بہت محبت کرتے ہیں۔ انہوں نے کبھی کسی چیز سے مجھے منع نہیں کیا......اور انہوں نے ایک بار خود کہا تھا مجھے کہ وہ میری پسند کو ہر حال میں ترجیح دیں گے۔ ہاں ہوسکتا ہے ماما کو کچھ اعتراض ہو......لیکن بہر حال فیصلہ تو پاپا کا ہی مانا جائے گا۔''

اور وہ مطمئن ہو گیا تھا۔

''او کے......تم پاپا سے بات کر کے بتانا......میرے بابا کو بہت جلدی ہے۔'' وہ ہنسا تھا۔

''بھلا کتنی جلدی؟'' وہ بھی ہنسی۔

''ابھی تو ہمارے ایگزام ہونے ہیں۔''

''تو ایگزام کے بعد ہی سہرا باندھ لیں گے۔'' وہ شوخ ہو رہا تھا۔

''بس تمہیں اپنے نام کرلیں۔ تم آج ہی اپنے پاپا سے بات کرنا۔''

اس نے تاکید کی تھی لیکن پاپا کل رات ہی لاہور سے آئے تھے اور آج ناشتا بھی انہوں نے اپنے کمرے میں کیا تھا۔ یوں بھی اس کا آج بات کرنے کا ارادہ نہیں تھا۔ اس کا خیال تھا پھر کسی روز مناسب موقع دیکھ کر بات کرے گی بلکہ پہلے کسی بہانے پاپا کو رواحہ سے ملوادے گی......رواحہ نے محبت کا اظہار کیا کر دیا تھا کہ کل سے اب تک وہ ڈھیروں میسجز کر چکا تھا۔

اس نے ایک بار پھر نظم پڑھنی شروع کی ہی تھی کہ افنان نے پیچھے سے آکر اس کا فون پکڑ لے۔

''ایسا کیا لطیفہ سینڈ کیا ہے کسی نے کہ جنابہ کے ہونٹوں سے مسکراہٹ ہی نہیں جدا ہو رہی۔''

''نہیں وہ لطیفہ تو نہیں۔''

وہ ذرا سا گھبرائی۔

''عالیہ نے ایک نظم بھیجی ہے۔'' اس نے فون لینے کے لیے ہاتھ آگے بڑھایا لیکن افنان نے ہاتھ ذرا سا بلند کرتے ہوئے پڑھا۔

''میں نے اس طور سے چاہا تجھے اکثر جاناں......

جیسے مہتاب کو بے انت سمندر چاہے......

واؤ......یہ عالیہ کو شاعری سے کب شغف ہوا۔؟'' اور شوکیس میں رکھے کرسٹل کے ڈیکوریشن پیس نازو سے صاف کرواتی ایمل نے چونک کر ارتفاع کی طرف دیکھا......اور اس کی نظریں اس کے چہرے پر ٹھہر سی گئیں۔

''اسے نہیں ہے شغف شاعری سے، کسی فرینڈ نے بھیجی ہوگی تو اس نے مجھے بھیج دی۔''

ارتفاع کو بروقت بات سوجھ گئی تھی۔

''اچھا مجھے دو فون......'' اس نے پھر ہاتھ آگے بڑھایا تھا۔

''پڑھنے تو دو کتنی خوب صورت نظم ہے، بھیجنے والی بڑی رومینٹک ہے۔'' اس نے ہاتھ پیچھے کیا لیکن ارتفاع نے ہاتھ بڑھا کر اس سے فون لے لیا......تب ہی ڈور بیل ہوئی۔

''وہ میرا دوست آگیا ہے......میں چلتا ہوں لیکن رتی اسے ڈیلیٹ مت کرنا میں آکر پڑھوں گا۔ بہت خوب صورت نظم ہے۔''

ارتفاع نے سر ہلایا تو وہ ایمل کی طرف مڑا۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

''او کے ماما! میں جنید کے ساتھ جا رہا ہوں، جلدی آ جاؤں گا۔''

ایمل نے سر ہلایا تھا اس کی نظریں اب بھی ارتفاع پر تھیں جس نے فون ہاتھ میں لیتے ہی رواحہ کا میسج بہت تیزی سے ڈیلیٹ کیا تھا۔ وہ نہیں چاہتی تھی کہ افنان، رواحہ کا نام دیکھے۔ تب ہی پھر سے میسج ٹون ہوئی اس نے دیکھا رواحہ نے پھر شعر بھیجا تھا۔

''دل یہ کہتا ہے کہ شاید ہو فسردہ تو بھی
دل کی کیا بات کریں دل تو ہے ناداں جاناں''

اور ساتھ ہی افسردگی ظاہر کرتا کارٹون۔ فوراً ہی ایک اور میسج آ گیا۔

''اب تو ایک دن گزارنا بھی مشکل ہے...... کیا بابا کو آج ہی بھیج دوں......؟'' اس کے ہونٹوں پر حیا آلودسی مسکراہٹ جمی تھی اور آنکھیں دمکنے لگی تھیں اور ارتفاع کی طرف دیکھتی ایمل کو جانے کیا ادراک ہوا کہ اس نے ہاتھ میں پکڑا کرسٹل کا گلدان نازو کو پکڑایا اور خود وہاں ہی صوفے پر بیٹھ گئی لیکن اس کی نظریں ارتفاع کے چہرے پر ہی تھیں۔ جہاں رنگ بکھرے ہوئے تھے، یہ رنگ اسے چونکا رہے تھے۔ ارتفاع کی انگلیاں تیزی سے موبائل فون سیٹ پر حرکت کر رہی تھیں۔ وہ رواحہ کو میسج ٹائپ کر رہی تھی۔ ارتفاع تو ہمیشہ اس سے خفا خفا اور ناراض ناراض سی رہتی تھی لیکن پچھلے کئی دنوں سے وہ کچھ بدلی بدلی لگ رہی تھی لیکن ایمل نے آج سے پہلے غور نہیں کیا تھا... وہ بہت خوش لگتی تھی اور خوشی کے یہ رنگ جو اس کے ہونٹوں پر کھلے ہوئے تھے اور آنکھوں میں دمک رہے تھے یہ رنگ تو......

''وہ کیوں اتنی خوش تھی آخر ایسا کیا مل گیا ہے اسے؟'' وہ پوچھنا چاہتی تھی لیکن جھجک گئی اس کے اور ارتفاع کے درمیان کبھی اتنی دوستی نہیں رہی تھی کہ ارتفاع اس سے اپنی ہر بات شیئر کرتی...... وہ اس سے کبھی اتنی بے تکلف نہیں تھی۔ یک دم یہ احساس بڑی شدت سے اس کے اندر پیدا ہوا کہ اس کے اور اس کی بیٹی کے درمیان بہت فاصلے ہیں اتنے کہ چند ماہ پہلے وہ اسے اپنی سوتیلی ماں سمجھ رہی تھی۔ اور کیا پتا اب بھی اس کے دل میں ایسا ہی کچھ خیال ہو...... ایک احساسِ زیاں یک دم ہی اس کے اندر پیدا ہوا۔ اسے ارتفاع کو خود سے دور نہیں رکھنا چاہیے تھا۔ اسے یاد آیا کہ ممی نے ایک بار کہا تھا۔ ''ماؤں کو اپنی بیٹیوں کا دوست ہونا چاہیے تاکہ وہ اپنے دل کی ہر بات اپنی ماؤں سے کر سکیں۔'' لیکن وہ تو کبھی اس کے اتنے قریب نہیں رہی تھی۔ وہ اپنے دل کی ہر بات باپ سے ہی کرتی تھی لیکن بہت سی ایسی باتیں بھی ہوتی ہیں جو بیٹیاں اپنے باپوں سے نہیں کر سکتیں...... اس نے ارتفاع کو خود سے دور رکھ کر بڑی غلطی کی تھی۔ وہ بہت چھوٹی تھی جب افنان پیدا ہوا۔ وہ اتنی جلدی دوسرا بچہ نہیں چاہتی تھی لیکن افنان کو دنیا میں آنا تھا سو آ گیا تھا اور پھر افنان تھا بھی بہت کمزور...... وہ اسی کی وجہ سے ارتفاع کو توجہ نہ دے پاتی تھی۔

جس کے نتیجے میں ارتفاع چڑچڑی ہوتی چلی گئی تھی۔ ایسے میں بابر نے ارتفاع کو سنبھال لیا تھا اور وہ اس کے لیے بابر کی ممنون تھی اور یہ ممنونیت آج بھی اس کے دل میں موجود تھی...... اور پھر جب افنان کچھ بڑا ہو گیا تھا...... تب بھی ارتفاع، بابر کے ساتھ ہی اٹیچڈ رہی...... یہاں اس سے غلطی ہوئی تھی اسے ارتفاع کو اس کے حال پر چھوڑنے کے بجائے اس پر توجہ دینی چاہی تھی لیکن اس نے ایسا نہیں کیا تھا اور ارتفاع خودسر ہو گئی تھی۔ وہ اپنی من مانی کرتی تھی اور اس کی باتیں اگنور کر دیتی تھی۔ کاش اس کے اور ارتفاع کے درمیان بے تکلفی ہوتی تو اسے آج اس سے بات کرتے ہوئے اتنی جھجک نہ ہوتی۔ اس نے پھر ارتفاع کی طرف دیکھا...... اس کے چہرے پر اور آنکھوں میں بلا کی نرماہٹ اور ملائمت تھی۔

''یہ نرماہٹ اور ملائمت تو محبت کی عطا ہوتی ہے۔ تو کیا ارتفاع کسی سے......؟ نہیں۔'' اس نے خود ہی اپنے خیال کی تردید کی۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

''نہیں...... یہ تو بہت معصوم اور سادہ ہے......'' ہر ماں کی طرح وہ بھی اپنی بیٹی کے لیے ایسی ہی رائے رکھتی تھی اور پھر اسے بھلا انسانوں کی کیا پہچان...... یہ دنیا تو دھوکے باز اور فریبی لوگوں سے بھری ہوئی ہے۔ اس کے اندر کسی اذیت ناک یاد نے چٹکی بھری......

''مجھے اس سے بات کرنی چاہیے......اسے سمجھانا چاہیے کہیں میری طرح یہ بھی محبت کے دھوکے میں نہ آجائے...... مجھے اس سے پوچھنا چاہیے......لیکن میں کیا پوچھوں گی......'' وہ یک دم ہی بہت مضطرب اور بے چین نظر آنے لگی...... ''کیا بابر سے بات کروں......؟ لیکن نہیں۔'' ان دنوں بابر کا بی ہیویر بھی کچھ عجیب سا ہو رہا تھا۔

رواحہ نے پھر میسج کیا تھا۔

''میں عظمیٰ کی طرف جا رہا ہوں، واپس آکر بات کروں گا۔''

''اوکے......'' اس نے ریپلائی کیا اور فون وہیں صوفے پر رکھ کر پاس پڑا ریموٹ اٹھا کر آواز قدرے بلند کی اور تب ہی ایمل کی نظروں کا ارتکاز محسوس کر کے اس نے ایمل کی طرف دیکھا۔

''کیا ہوا ماما آپ اس طرح کیوں دیکھ رہی ہیں مجھے؟''

''کچھ نہیں......'' ایمل چونکی۔

''میں سوچ رہی تھی کہ بیٹیاں کتنی پیاری ہوتی ہیں، لیکن ایک دن بابل کا گھر سُونا کر جاتی ہیں۔ ایک دن میری پیاری بیٹی بھی ہمارا آنگن سُونا کر جائے گی۔'' اس کی آواز میں نمی تھی...... ارتقاع کا دل جیسے یک دم پگھلا تھا...... ایک روز اسے بھی اپنا گھر چھوڑنا پڑے گا...... اپنا گھر، اپنا کمرا، پاپا، افنان سب کو چھوڑ کر وہ پیا دیس چلی جائے گی۔ سب کچھ پرایا ہو جائے گا...... لیکن اس کے ساتھ کچھ انوکھا نہیں ہوگا۔ سب لڑکیوں کو ایک روز بابل کا گھر چھوڑنا پڑتا ہے۔ ہاں انوکھا اور خوب صورت رواحہ کا ساتھ ہوگا۔ رواحہ کتنا شاندار ہے، کتنا لونگ...... اس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ دمکی اور آنکھیں لودے اٹھیں۔ اس نے انہی دمکتی آنکھوں سے ایمل کی طرف دیکھا۔

''لیکن آپ تو لکی ہیں ماما، آپ تو بابل کے گھر سے رخصت ہو کر بابل کے گھر میں ہی رہی تھیں۔''

''نہیں تو......'' ایمل اس کی مسکراہٹ میں کھو گئی تھی...... وہی مدثر جیسی مسکراہٹ......

''میں رخصت ہو کر تمہارے پاپا کے گھر گئی تھی۔'' مدثر اور بابا نے اس کا کتنا شاندار استقبال کیا تھا۔ پورا گھر پھولوں سے سجا دیا تھا...... تازہ گلابوں کی خوشبو سے پورا گھر مہک رہا تھا...... اور مونا نے اس کے گاڑی سے اترتے ہی ٹیپ چلا دی تھی۔ ''بہارو پھول برساؤ میرا محبوب آیا ہے۔''

''لیکن...... پاپا تو نانو کے گھر میں ہی رہتے تھے۔'' ارتقاع کی آنکھوں میں حیرت تھی۔

''ہاں......'' وہ چونکی۔

''لیکن وہ پہلے میں رخصت ہو کر تمہارے دادا ابو کے گھر گئی تھی۔''

''ہاں، وہ تو چند دن کے لیے گئی ہوں گی پھر تو واپس آگئی ہوں گی۔''

''ہاں پھر واپس آگئی تھی۔'' اندر جیسے کسی پرانے زخم سے کھرنڈ اتر گیا تھا۔ بہت جلن اور دکھن ہو رہی تھی۔

''کاش وہ واپس نہ آتی...... کاش وہ ہمیشہ وہاں ہی رہتی...... محبتوں کے سائے تلے...... مدثر ایسا نہ ہوتا...... بے وفا، دھوکے باز......'' زخموں سے جیسے خون رِسنے لگا تھا۔

''پاپا تو آپ کے کزن تھے ناں اور نانو نے انہیں بیٹا بنا رکھا تھا تو کیا آپ شادی سے پہلے انہیں پسند کرتی تھیں۔ پہلے سے آپ کی شادی ان سے طے تھی یا پھر اچانک طے ہوئی تھی؟''

وہ ارتقاع کے اس سوال پر حیران ہو کر اسے تکنے لگی۔ ارتقاع سے اس کی ایسی بے تکلفی تو کبھی نہ تھی کہ وہ اس



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

سے اس طرح کا سوال کرتی...... اور یہ آج کیسی باتیں کر رہی ہے۔ اس نے تو ایسی باتیں کبھی نہیں کی تھیں بلکہ اس نے تو کبھی اس سے کوئی فالتو بات کی ہی نہیں تھی۔

''بتائیں ناں ماما! کیا آپ پاپا کو پہلے سے ہی پسند کرتی تھیں؟'' اس کی آنکھوں میں شرارت سی کوندی تھی۔

ایک بار اس نے بھی ممی سے ایسا ہی سوال کیا تھا اور یہ تب کی بات تھی جب پہلے پہل اس کے دل میں مدثر کی محبت کا احساس جاگا تھا تو کیا ارتفاع...... اس نے ہراساں ہو کر ارتفاع کی طرف دیکھا۔

''چلیں، آپ بتانا نہیں چاہتیں تو نہ سہی۔'' اس نے ہولے سے سر جھکا اور آنکھوں میں کوندتی شرارت ہونٹوں کی مسکراہٹ سے بھی جھلکنے لگی۔

''نہیں......'' اس نے نفی میں سر ہلایا۔

''شادی سے پہلے میں نے تمہارے پاپا کے متعلق اس طرح کبھی نہیں سوچا تھا...... بس حادثاتی طور پر......''

اس نے یک دم بات ادھوری چھوڑ دی...... اگر اس نے مدثر سے محبت نہ کی ہوتی اگر وہ اسے دھوکا نہ دیتا...... بے وفائی نہ کرتا تو شاید وہ کبھی بابر سے شادی نہ کرتی...... اس نے کبھی بابر کو پسند نہیں کیا تھا۔ بلکہ وہ اسے ناپسند کرتی تھی...... حالانکہ اسے ناپسند کرنے کی بظاہر کوئی وجہ بھی نہیں تھی بس وہ بغیر کسی وجہ کے اسے ناپسند کرتی تھی...... لیکن وہ اذیت ناک رات جس نے سب کچھ بدل کر رکھ دیا۔ ساری ترجیحات بدل گئیں۔ پسند، ناپسند، سوچ، فکر...... اس رات کی اذیت نے اس کی آنکھوں میں دھندسی بھر دی اور دل کٹنے لگا جیسے برسوں پرانی اذیت دل میں پھر سے کچوکے لگا رہی ہو...... اس نے ارتفاع کے چہرے سے نظریں ہٹالیں اور سر جھکا کر اس اذیت کو برداشت کرنے کی کوشش کرنے لگی...... اس رات مدثر کو فون کرنے کے بعد وہ بے دم سی ہو کر بیڈ پر ڈھے گئی تھی...... اس کا جی چاہ رہا تھا کہ وہ چیخیں مار مار کر روئے...... دیواروں سے سر پٹخنے...... تکلیف، درد اور اذیت سے اس کا وجود چور چور ہو رہا تھا...... مدثر نے اس کے ساتھ اچھا نہیں کیا تھا...... بلکہ خود اس نے اپنے ساتھ اچھا نہیں کیا تھا مدثر جیسے شخص سے محبت کر کے...... بے وفا، دھوکے باز شخص سے محبت کر کے اسے چاہ کر...... اسے لگ رہا تھا کہ جیسے اس کے دماغ کی رگیں پھٹ رہی ہوں اور اندر جیسے کوئی چھریاں چلا رہا تھا، اذیت سی اذیت تھی...... جانے کب تک وہ اذیت برداشت کرتی رہی تھی...... لیکن پھر جیسے سب کچھ ناقابلِ برداشت ہو گیا تھا...... وہ ہمت ہارنے لگی تھی۔ اس نے بیڈ سائیڈ ٹیبل پر پڑا فون اٹھایا تھا اور ڈیڈی کے فون کا نمبر ملایا تھا۔

''ڈیڈی پلیز ممی سے بات کروادیں۔'' اس نے بہ مشکل خود کو سنبھالتے ہوئے کہا تھا۔

''کیا ہوا بیٹا خیریت ہے؟'' ممی پوچھ رہی تھیں......

''ممی کی آواز سنتے ہی اس کی ہمت جواب دے گئی تھی۔

''ممی...... میں مر رہی ہوں...... بہت تکلیف میں ہوں...... بہت اذیت ہو رہی ہے آپ ابھی واپس آجائیں پلیز......''

''کیا ہوا...... میری جان...... کیا ہو گیا؟'' ممی گھبراہٹ سے بار بار ایک ہی بات دُہرا رہی تھیں۔

''ممی، مجھے لگ رہا ہے جیسے کوئی مجھے کند چھری سے ذبح کر رہا ہو...... میرے پورے وجود میں درد کی تیز لہریں اٹھ رہی ہیں اور میرا سر...... ممی میرا سر پھٹ جائے گا۔'' وہ رونے لگی تھی...... اونچی آواز میں......

''حوصلہ کرو...... میری بچی...... بابر کدھر ہے......؟ اسے کہو فوراً تمہیں اسپتال لے جائے...... ہم پہلی دستیاب فلائٹ سے آرہے ہیں...... حوصلہ کرو جانو اللہ سے دعا کرو......''

''بابر بھائی تو خالہ سے ملنے چلے گئے تھے۔'' اس نے بہ مشکل کہا تھا۔


READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

''نہیں...... وہ آ گیا ہوگا...... اسے پتا تھا کہ ہم گھر پر نہیں ہیں تو اس نے رات تک آ جانا تھا۔ تم ماسی کو بھی ساتھ ہی لے جاتا۔''

''اچھا......!'' وہ ریسیور کریڈل پر ڈال کر اٹھی تھی لیکن پھر جیسے زمین آسمان گھوم گئے تھے۔ اس نے گرتے ہوئے بیڈ کی پٹی پکڑنے کی کوشش کی تھی لیکن وہ لہرا کر گر گئی تھی۔ ہوش کھونے سے پہلے اس نے فون کی گھنٹی کی آواز سنی تھی جو مسلسل بج رہی تھی۔ پھر اسے پتا نہیں چلا تھا کہ کب بابر اس کے بیڈ روم میں آیا تھا اور کب ماسی اور چھوٹی ملازم لڑکی کی مدد سے اسے اٹھا کر گاڑی میں ڈال کر اسپتال لایا تھا...... اسے جب لیبر روم میں لے جایا جا رہا تھا تب لمحہ بھر کے لیے اس کی آنکھیں کھلی تھیں اور اسٹریچر کے ساتھ، ساتھ چلتے بابر کو دیکھ کر اذیت کی ایک تیز لہر اس کے اندر اٹھی تھی...... ''یہاں تو مدثر کو ہونا تھا'' اس کا دل جیسے پاتال میں گر رہا تھا...... نیچے ہی نیچے اور اس کی آنکھیں پھر بند ہو گئی تھیں...... پھر کیا ہوا تھا اسے کچھ پتا نہیں چل رہا تھا۔ وہ جیسے گہری غنودگی میں اپنے اردگرد باتوں کی بھنبھناہٹ محسوس کر رہی تھی۔ لیکن باوجود کوشش کے وہ آنکھیں نہیں کھول پا رہی تھی جیسے اس کے پپوٹوں پر کوئی بھاری بوجھ آ پڑا ہو...... اور پھر ہولے ہولے یہ مدھم آوازیں بھی معدوم ہو گئی تھیں پھر جب اس کی آنکھ کھلی تھی تو وہ روم میں تھی اور ممی اس کے بیڈ کے پاس بیٹھی اس کے بالوں میں انگلیاں پھیر رہی تھیں۔ ایک لمحے کے لیے اسے کچھ یاد نہیں آیا کہ وہ کہاں ہے اور اس کے ساتھ کیا ہوا ہے۔

''ممی......!'' اس نے اٹھنے کی کوشش کی تھی۔

''نہیں...... نہیں مت اٹھو......''

ممی نے اپنا ہاتھ اس کے اوپر رکھ کر اسے روکا تھا...... اور تب ہی اسے یاد آ گیا تھا کہ اس کی طبیعت خراب تھی اس نے ممی کو فون کیا تھا اور ممی کو پاس بیٹھے دیکھ کر اس نے بے حد طمانیت محسوس کرتے ہوئے آنکھیں بند کر لی تھیں۔ ممی آ گئی تھیں اور وہ زندہ تھی لیکن آنکھیں بند کرتے ہی اسے یکایک اپنے اندر کسی خالی پن کا احساس ہوا۔

''ممی......'' اس نے گھبرا کر پھر آنکھیں کھول دیں۔

''ممی میرے بچے۔''

''مبارک ہو اللہ نے تمہیں بیک وقت اپنی نعمت اور رحمت سے نوازا ہے۔''

اس نے متلاشی نظروں سے کمرے میں دیکھا...... کمرے میں کوئی کاٹ وغیرہ نہیں تھا...... ممی نے اس کی نظروں کا مطلب سمجھ لیا تھا۔

''وہ فی الحال نرسری میں ہیں، شام تک آ جائیں گے تمہارے پاس......''

''ممی میں اپنے بچوں کو دیکھنا چاہتی ہوں۔'' اس کا دل انہیں دیکھنے کو مچلنے لگا تھا۔ ابھی سسٹر آتی ہے تو میں بات کرتی ہوں سسٹر سے...... اچانک ہی تمہارا بی پی بہت شوٹ کر گیا تھا۔ ڈاکٹر کہہ رہی تھی کہ شاید تم نے کچھ زیادہ ٹینشن لی ہے۔ تمہاری اور بچوں، دونوں کی زندگیوں کو خطرہ تھا سو فوری آپریٹ کرنا پڑا۔ بابر نے فون پر ہم سے بات کر کے ہماری اجازت سے آپریشن کے اجازت نامے پر دستخط کیے تھے۔ میں تو اس خیال سے تمہارے ڈیڈی کے ساتھ چلی گئی تھی کہ ڈاکٹر نے پندرہ دن بعد کی ڈیٹ دی تھی۔''

ممی نے اسے تفصیل بتائی تھی۔

''صبح تو تم بالکل ٹھیک تھیں بیٹا پھر ایسا اچانک کیا ہو گیا تھا......؟ کیا مدثر نے کچھ کہا......؟ اس سے بات ہوئی تمہاری......؟ تمہارے ڈیڈی نے یہاں پہنچتے ہی اسے فون کیا تین چار بار لیکن کوئی فون نہیں اٹھا رہا تو وہ لوگ گھر پر نہیں ہیں یا پھر فون خراب ہے۔'' اس نے ممی کی پوری بات جیسے سنی ہی نہیں تھی...... اس کے اندر جیسے درد کی لہریں اٹھ رہی تھیں۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

''ہاں بیٹا تم نے بتایا نہیں کیا ہوا تھا اچانک...... اب تو ٹینشن والی کوئی بات نہیں تھی...... تم نے ایک اچھا فیصلہ کیا تھا...... تمہاری طرف سے اطمینان ہو جائے تو تمہارے ڈیڈی خود جا کر مدثر کو بتا آئیں گے۔''

''نہیں...... میرا فیصلہ غلط تھا ممی...... بالکل غلط......'' وہ رونے لگی تھی۔

''مجھے مدثر کے ساتھ نہیں رہنا...... ہرگز نہیں...... مجھے طلاق چاہیے...... طلاق......'' وہ چیخ چیخ کر رونے لگی تھی۔ ممی گھبرا کر اسے تسلی دینے لگی تھیں لیکن اس کی آواز بلند ہوتی جا رہی تھی۔

''ایما...... ایما میری جان...... میری زندگی جو تم کہو گی جیسا تم چاہو گی ہم ویسا ہی کریں گے۔''

ممی اسے تسلی دے رہی تھیں...... لیکن اس کے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو رہے تھے اور جسم بے جان ہو رہا تھا...... پھر اگلے دو دن اس کی حالت بہت خراب رہی اور اسے آئی سی یو میں منتقل کر دیا گیا تھا۔ وہ ذرا دیر کے لیے آنکھیں کھولتی اور پھر غنودگی میں چلی جاتی۔ چار دن بعد اسے کمرے میں منتقل کیا گیا تو اس نے بچوں کو دیکھنے کی خواہش کی تھی۔ ممی، بیٹی کو اس کے پاس لائی تھیں...... اسے گود میں لیتے ہوئے جیسے اس کا دل بھر آیا تھا۔ کانوں میں مدثر کی آواز گونجنے لگی تھی۔

''جس روز ہمارے شہزادوں نے دنیا میں قدم رکھا اور اس روز تم دیکھنا میں اسپتال میں بھنگڑا ڈالوں گا...... بھلے اسپتال والے مجھے پاگل سمجھیں...... اور پورے اسپتال میں مٹھائی تقسیم کروں گا......'' اس کی آنکھوں کے کونوں سے آنسوؤں کی لکیریں سی بہنے لگیں۔

''میرا بیٹا، ممی اسے بھی تو لائیں۔''

ہاتھوں کی پشت سے اس نے آنسو صاف کرتے ہوئے ممی سے کہا تھا۔

''وہ...... دراصل ابھی ٹھیک نہیں ہے اسے انکیوبیٹر میں رکھا گیا ہے۔'' ممی نے نظریں چرائی تھیں۔

''مجھے وہاں لے جائیں پلیز...... بس ایک نظر دیکھ لوں۔'' اس روز ممی اسے ٹالتی رہی تھیں لیکن دوسرے روز وہ جیسے بے بس سی ہو گئی تھیں اور انہوں نے پاس بیٹھے بابر سے کہا تھا۔

''تم ہی اسے سہولت سے بتا دو بیٹا۔ میری تو ہمت نہیں ہو رہی۔''

''کیا...... کیا ہوا میرے بیٹے کو؟'' وہ ہراساں سی ہو کر ممی اور بابر کو دیکھنے لگی تھی۔

بابر اس کے پاس بیڈ پر آ کر بیٹھ گیا تھا اور اس کے دونوں ہاتھ تھام لیے تھے۔

''میری بات تحمل سے سنو ایما...... اور حوصلے سے اس کو برداشت کرو، تمہارا بیٹا بیمار تھا...... پیدائش کے فوراً بعد ہی ڈاکٹر نے مجھے بتا دیا تھا کہ اس کے بچنے کے چانسز بہت کم ہیں...... اس کے پھیپھڑوں میں پرابلم تھا...... وہ پیدائش کے وقت رویا بھی نہیں تھا۔''

''نہیں...... وہ رو رہا تھا بابر بھائی۔'' اس نے ضد کی تھی۔

''میرے کانوں میں پہلے ایک بچے کے رونے کی آواز آئی تھی اور پھر چند منٹ کے وقفے سے دوسرے بچے کی۔''

''شاید ایسا ہو لیکن......'' بابر نے اس کی تائید کی تھی۔

''وہ چلا گیا۔ ڈاکٹرز اسے بچا نہیں سکے۔ آئی ایم سوری......''

''وہ چلا گیا اور میں نے اسے دیکھا بھی نہیں۔'' وہ رونے لگی تھی اور بابر اسے ہولے ہولے تھپک رہا تھا۔

''آپ اس کی تصویر ہی بنا لیتے میں دیکھ تو سکتی، وہ جس کے دنیا میں آنے کا ہم کتنی شدت سے انتظار کر رہے تھے وہ کیسا تھا...... اس کی آنکھیں کیسی تھیں...... اس کے ہونٹ...... اس کی ناک......'' وہ روتے ہوئے کہہ رہی تھی۔

''وہ بالکل تمہارے جیسا تھا۔'' بابر نے اسے بتایا تھا۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

''جب تم ٹھیک ہو جاؤ گی تو میں تمہیں اس کی قبر پر لے جاؤں گا۔''

''ممی آپ ہی ڈیڈی سے کہہ کر اس کی تصویر بنوا لیتیں۔'' اس نے روتے، روتے ممی سے گلہ کیا تھا۔

''ہمیں ہوش ہی کب تھا ایسا...... ہمیں تو تمہاری زندگی کے لالے پڑے ہوئے تھے۔ میں تو تمہارے بیڈ کے پاس سے ہلی تک نہیں اور تمہارے ڈیڈی...... صدقے کے بکرے یتیم خانوں میں بھجوا رہے تھے...... مسجدوں میں جا کر تمہاری زندگی کے لیے دعائیں کروا رہے تھے۔ بابر نے ہی بچے کی ڈیڈ باڈی لی اور دفن وغیرہ کروایا...... سچ پوچھو تو میں نے بھی بس ایک نظر ہی اسے دیکھا تھا۔''

نازو نے شوکیس میں رکھے سب پیسز صاف کر کے رکھ دیے تو اس کی طرف دیکھا۔

Downloaded From
Paksociety.com

''باجی یہ کام تو ہو گیا ہے اب کیا کرنا ہے۔''

''ہاں......'' اس نے چونک کر نازو کی طرف دیکھا۔

''کچھ نہیں...... تم جاؤ جا کر کچن میں دیکھ لو اور کوئی کام ہے تو......''

اور نازو سے ہوتی ہوئی اس کی نظریں ارتقاع پر واپس پڑیں جو کچھ الجھی، الجھی سی بیٹھی تھی۔ اس کا ذہن ابھی تک ایمل کے اس ادھورے جملے میں اٹکا ہوا تھا۔

''حادثاتی طور پر...... کیا ماما اور پاپا کی شادی حادثاتی طور پر ہوئی... ؟ شاید میری مما کی ڈیتھ کے بعد نانو نے ماما سے کہا ہوگا آخر وہ پاپا کو ایک بیٹے کی طرح چاہتی ہیں تو یوں حادثاتی طور پر ماما کی پاپا سے شادی ہوگئی ہوگی؟'' وہ دل ہی دل میں واقعات کے تانے بانے بن رہی تھی اور آج پھر اس کے اندر وہی شک پیدا ہوا تھا کہ ایمل اس کی سگی ماں نہیں ہے۔ کتنی مشکل سے اس نے افنان کے کہنے پر خود کو یقین دلایا تھا کہ ایمل ہی اس کی سگی ماما ہیں لیکن آج پھر یہ یقین متزلزل ہو رہا تھا...... بے حد مضطرب ہو کر وہ اٹھ کھڑی ہوئی۔ تب ہی اس کا فون بج اٹھا۔ اس نے مڑ کر صوفے پر پڑا اپنا سیل اٹھایا۔ ''رواحہ کالنگ......'' اس نے ایک نظر ایمل پر ڈالی اور پھر بے پروائی سے کندھے اچکاتے ہوئے فون آن کر کے کانوں سے لگایا۔

''رتی...... رتی سنو...... شاید پھر تم مجھے کبھی نہیں سن سکو...... میں تم سے بہت محبت کرتا ہوں، دل اور روح کی گہرائیوں سے۔''

''کیا...... کیا ہوا ہے روی تم اس طرح کی باتیں کیوں کر رہے ہو؟'' وہ بے چین ہوئی۔

''میرا بہت خوفناک ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے۔ میرا بہت خون بہہ رہا ہے...سر سے بازو سے...... پتا نہیں کہاں کہاں......'' اس کی آواز ڈوب گئی۔

''روی...... رواحہ......'' اس نے بے قراری سے پکارا۔

''سنو...... میرے بابا سے ضرور ملنا۔'' اس کی آواز پھر ابھری تھی اور وہ رک رک کر بول رہا تھا۔ ''انہیں کہنا میں ان سے بہت محبت کرتا ہوں اور وہ دنیا کے سب سے اچھے بابا ہیں۔''

''تم...... تم کہاں ہو رواحہ؟ یہ ایکسیڈنٹ کہاں ہوا ہے... ؟ تم تو عظام کی طرف جا رہے تھے...... تم مذاق کر رہے ہو ناں...... کہہ دو۔'' اس کے آنسو اس کے رخساروں کو بھگو رہے تھے۔

''نہیں...... آئے...... لو......'' اس کی آواز بہت مدھم تھی پھر اسپیکر سے بہت ساری آوازوں کا شور سنائی دیا اور ساتھ ہی جیسے موبائل بند ہو گیا۔ شاید آف ہو گیا تھا یا گر گیا تھا۔

''نہیں......'' اس کے لبوں سے نکلا اور پھر وہ نہیں، نہیں کی تکرار کرتی ہوئی زمین پر بیٹھتی چلی گئی۔

(جاری ہے)

For Next Episodes Stay Tuned To
Paksociety.com




Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

# خطائے نظر سے پہلے

شبانہ شوکت


Downloaded From
Paksociety.com

”مجھے ہینڈ بیگ لینا ہے خوب بڑا سا، یہ چھوٹے چھوٹے کلچ اور پرس مجھے کبھی پسند نہیں آتے۔“

نوال نے ناک چڑھائی۔

”ہر جگہ بڑا سا بیگ بھی اچھا نہیں لگتا، تمہارے پاس تو پہلے بھی جمبو سائز کا ہینڈ بیگ موجود ہے۔“

منال نے بحث کی، سیلز مین کے ہونٹوں پر دبی سی مسکراہٹ پھیلی تو دونوں کھسیا کر بیگز کی طرف متوجہ ہوگئیں۔ نوال نے خوب بڑا سا ہینڈ بیگ لیا تھا۔ منال کو چھوٹا سا پرس لینا پڑا کیونکہ پیسے ہی اتنے بچے تھے۔ گھر آکر جب نوال نے بیگ الٹایا تو منال کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی تھیں۔

☆☆☆



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

"یار مجھے میک اپ کا کچھ سامان لینا ہے اور ہیئر کچر اور کلپس وغیرہ بھی...... آؤ، ذرا میرے ساتھ چلو۔" عافیہ نے نوال کو ساتھ گھسیٹا تھا۔

"اس لپ اسٹک کی کیا پرائس ہے؟"

"450 روپے۔" سیلز گرل نے بتایا۔ عافیہ نے وہ لپ اسٹک لے لی اور base کا جو کلر بتایا وہ کاؤنٹر پر موجود نہیں تھا۔ سیلز گرل دوسرے شیلف سے لینے مڑی، جھٹ نوال نے دو لپ اسٹکو اٹھا کر اپنے ہینڈ بیگ میں ڈال لیں۔ پاس کھڑی عافیہ کو بھی اس کا علم نہ ہوسکا کیونکہ اس کی توجہ مکمل طور پر سیلز گرل کی طرف تھی یہی عمل نوال نے دوسری چیزوں کے ساتھ کیا تھا۔ جب وہ گھر آئی تو اس کے بیگ سے ایک مہنگا ہیئر کلر، ہیئر برش، دو کچر اور دو لپ اسٹکو نکلیں جن کی ادائیگی ایک روپے کی بھی نہیں ہوئی تھی۔ وہ اتنی مہارت سے یہ کام کرتی تھی کہ عملے میں سے کسی کو شک بھی نہیں ہوتا تھا۔ شروع شروع میں اس کے ہاتھ کانپتے تھے۔ دل ایسے دھڑکتا تھا جیسے پسلیاں توڑ کر باہر نکل آئے گا لیکن رفتہ رفتہ اس کا اعتماد اتنا بڑھ گیا کہ اب تو وہ ذرا سا بھی نہیں ہچکچاتی تھی۔

☆☆☆

"نوال چلیں؟"

ارسل نے زور سے آواز دی تھی، وہ تیزی سے دوپٹا شانوں پر برابر کرتی کمرے سے باہر آئی تھی۔

"جی چلیں۔"

وہ ایک بڑے سپر اسٹور آئے تھے۔ ارسل فوڈ کورٹ میں رک گیا تھا، جبکہ نوال لفٹ کے ذریعے اوپر لیڈیز یا بچگانہ سامان کے اسٹور پر چلی گئی تھی۔ ارسل نے کچھ چیزیں پیک کروائیں اور کاؤنٹر کے پاس پڑی کرسی پر بیٹھ کر یونہی غیر دلچسپی سے سامنے لگے مانیٹرز کو دیکھنے لگا، جہاں مال کے مختلف فلورز پر چلتے پھرتے، شاپنگ کرتے لوگ نظر آرہے تھے۔ معاً اسے نوال نظر آئی۔ ارسل کے ہونٹوں پر بے اختیار مسکراہٹ ابھری۔ وہ اس وقت بچگانہ فلور پر تھی اور شاذل اور باذل کے کپڑے سلیکٹ کررہی تھی۔ اس نے تین، تین سوٹ الگ کیے اور سر گھما کر ارد گرد دیکھا اور ایک سوٹ ہینگر سے اتار کر اسے طے کر کے اپنے بڑے سے ہینڈ بیگ میں ڈال لیا اور باقی کے پانچ ہینگرڈ سوٹ اٹھا کر کاؤنٹر کی طرف بڑھ گئی۔ ارسل کی آنکھیں پھٹی رہ گئیں۔ مسکراتے ہوئے لب سکڑ گئے اور وہ کشیدہ اعصاب کے ساتھ وہاں سے اٹھنے ہی لگا تھا کہ سامنے موجود سیلز مین کو لپک کر فون کا ریسیور اٹھاتے دیکھ کر اسے صورتِ حال سمجھنے میں ایک لمحہ ہی لگا تھا۔ اس نے فوراً اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر اسے منع کرنا چاہا، اس نے چونک کر اسے دیکھا تھا۔

"پلیز اسے رکھیں، کسی کو انفارم مت کریں۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں۔ میں اس سوٹ کی پے منٹ آپ کو دے دیتا ہوں۔ یہ میری مسز ہیں۔ ان کے ساتھ تھوڑی سی سائیکی پرابلم ہے۔ اس لیے یہ ایسا کر جاتی ہیں، پلیز۔" مارے شرمندگی کے اس کی آواز بہت دھیمی پڑ گئی تھی۔ اسے بہت سخت شاک لگا تھا مگر اس وقت اپنے اعصاب پر قابو پا کر اس نے حاضر دماغی کا ثبوت دیا تھا۔ سیلز مین کو بھی اس کے چہرے پر پھیلی ندامت نے متاثر کیا تھا جب ہی وہ قدرے ڈھیلا پڑ گیا تھا۔

"لیکن یہ کتنی غلط حرکت......"

"میں مانتا ہوں یہ یقیناً غلط ہے، بہت غلط۔ لیکن آپ اس بات کو یہیں رہنے دیں۔ آپ مجھے معلوم کر کے بتائیں اس سوٹ کی کیا قیمت ہے، میں ادائیگی کررہا ہوں۔"

جب تک وہ لڑکا اوپر سے فون کر کے قیمت پوچھتا اس نے نوال کو سیل فون پر کال کر کے نیچے آنے کے لیے کہا۔

"مگر ابھی تو بہت سی چیزیں رہتی ہیں۔" اس نے احتجاج کیا۔

"مجھے بہت ضروری کام ہے، تم فوراً نیچے آجاؤ۔" اس کے لہجے میں خود بخود سختی آگئی تھی۔

"سر بائیس سو پچھتر روپے۔"



Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

"جی یہ لیجیے۔" اس نے جلدی سے والٹ سے رقم نکال کر ادائیگی کی۔ ہر چند کہ دل تاسف سے بھر گیا تھا۔ اتنی سی رقم کے لیے چوری...... "کیا کمی ہے نوال تمہیں کہ تم نے یہ کیا، میں تمہیں کیا سمجھا تھا اور تم کیا نکلیں۔" وہ مڑا تو حیران پریشان نوال اس کے پیچھے ہی کھڑی تھی۔ گھر آ کر وہ لاؤنج میں بیٹھ گیا تھا۔

"آپ کو تو کہیں جانا تھا ناں؟"

اسے آرام سے بیٹھتے دیکھ کر وہ حیرت سے بولی۔

"ہاں، تم بھی بیٹھ جاؤ اور دکھاؤ کیا، کیا لیا ہے؟"

نوال تو حیران ہی رہ گئی۔ اس سے پہلے اس نے کب اس طرح دلچسپی لی تھی۔

"بس جلدی میں یہی لے سکی۔"

اس نے وہی پانچ سوٹ دکھاتے ہوئے کہا تھا۔

"وہ سوٹ بھی دکھاؤ ناں جو تمہارے ہینڈ بیگ میں موجود ہے۔" ارسل نے بہت سکون سے اس کے اعصاب پر بم دے مارا تھا۔

"کک، کون سا سوٹ؟" وہ پوری کی پوری ہل گئی تھی۔ ہینڈ بیگ کو یوں دونوں ہاتھوں میں جکڑا جیسے وہ اس سے چھین لے گا۔

"وہی، جو تم نے اپنے تئیں تو چھپا لیا تھا مگر کیمرے کی آنکھ سے نہ جانے کس کس نے دیکھا مجھ سمیت۔"

نوال کا رنگ اتنا سفید ہو گیا کہ کاٹو تو بدن میں لہو نہیں۔

"کیا بہت کم پیسے تھے تمہارے پاس کہ تمہیں چوری کی ضرورت پیش آئی؟"

وہ اسی طرح گنگ بیٹھی تھی۔

"اب اس طرح کیوں بیٹھی ہو۔ میں کچھ پوچھ رہا ہوں۔ اس کا جواب دو مجھے...... تمہیں لگتا ہے شاپنگ کے لیے رقم کم ہے تو تم اور لے لیا کرو...... اے ٹی ایم کارڈ اور کریڈٹ کارڈ سب کچھ تو تمہارے پاس ہے۔ سب کچھ ہوتے ہوئے تم میرے بچے کو چوری کے کپڑے پہنانے لگی تھیں۔ کیا میرے بچے اسی قابل ہیں؟ تو پھر میں کس لیے کماتا ہوں کہ میری بیوی کھلم کھلا اتنے بڑے مال میں چوری کرتی پھرے....؟ اتنی گھٹیا حرکت، تم تصور تو کرو اس کا رزلٹ کیا نکلنے والا تھا۔"

وہ بہت کوشش کر رہا تھا کہ اس کی آواز بلند نہ ہو۔

"یہ یقیناً تم نے پہلی بار نہیں کیا۔ تمہارا انداز بہت ماہرانہ تھا۔ یقینی طور پر تم اس کی عادی ہو گی اور بہت خوش قسمت بھی کہ کبھی پکڑی بھی نہیں گئیں ورنہ اتنے کیمروں اور لاتعداد ملازمین کی موجودگی میں ایسی کھلم کھلا چوری کرنا بڑے دل گردے کا کام ہے۔"

نوال کی پیشانی عرق آلود ہو گئی تھی۔ مارے شرمندگی کے اس سے بات نہیں ہو پا رہی تھی کہ وہ اپنی صفائی کے لیے کچھ کہہ پاتی۔

"تمہیں معلوم ہے، میں نے اس کاؤنٹر مین کو کیسے روکا تھا جو اسی فلور والوں کو فون کر کے تمہارے بارے میں انفارم کرنے لگا تھا۔ اس کے بعد تمہارے ساتھ کیا سلوک ہوتا۔ وہ تم خود تصور کر سکتی ہو۔ آج میں








READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

نے جتنی شرمندگی محسوس کی ہے وہ میں بتا نہیں سکتا لیکن اتنا ضرور کہوں گا کہ تمہارا شوہر ہونے کی وجہ سے آج میں بہت شرمسار ہوا ہوں۔"

وہ تلخی سے کہتا وہاں سے اٹھ کر چلا گیا اور وہ وہیں پتھرائی ہوئی سی بیٹھی رہ گئی تھی۔

☆☆☆

منال حیرت سے پھٹی آنکھوں سے وہ سارا سامان دیکھ رہی تھی جو نوال کے ہینڈ بیگ سے نکلا تھا۔

"یہ..... یہ....." وہ ہکلا سی گئی تھی۔

"یہ ہے بڑے بیگ کا صحیح استعمال۔" وہ فخریہ مسکرائی۔ "کیا کچھ آ گیا اس کے اندر اور وہ بھی بالکل فری ورنہ ہماری امی تو ہمیں جو پیسے دے کر بھیجتی ہیں، اس میں تو ہم یونہی حسرت بھرے دل کے ساتھ واپس آ جائیں..... یہ میری "کارکردگی" ہے اور کچھ نہیں تو کم از کم شاباش ہی دے دو۔"

"مگر یہ تو چوری ہے، بہت بری بات بلکہ سراسر گناہ....." منال نے کمزور سا احتجاج کیا۔

"چھوڑ یار، اب ہم کوئی غلط طریقے سے کسی لڑکے سے تو نہیں گفٹ نکلوا رہے ناں، لڑکیاں تو کیا کیا غلط حرکتیں کرتی ہیں۔ اللہ معاف کرے۔ میں نے ایسا کوئی غلط کام نہیں کیا صرف اپنا "فن" استعمال کیا ہے۔" وہ بڑے فخریہ انداز میں کہہ رہی تھی۔

☆☆☆

اس کی مہلت کافی لمبی تھی، تبھی تو اس کا کیا کرایا چھپتا رہا۔ ارسل اس کا کزن تھا، خوب امیر و کبیر، اسے نوال اتنی بھائی کہ شادی کر کے ہی چھوڑی۔ اب وہ دو بیٹوں کی ماں بن چکی تھی اور ہر طرح سے خوش حال زندگی گزار رہی تھی۔ کہیں کوئی کمی نہیں تھی پھر..... پھر یہ تو اس کی عادت بن چکی تھی۔ وہ ایک آدھ چوری کیے بغیر رہ ہی نہیں سکتی تھی، پر آج اس کی مہلت تمام ہو چکی تھی۔ اس کی رسی کھینچ لی گئی تھی۔ وہ کس طرح سے پکڑی گئی تھی۔ کس بری طرح سے ارسل کی نظروں سے گری تھی کہ اٹھنے کے لیے صدیاں درکار تھیں۔ جب وہ ایک انسان ہو کر اتنا ناراض تھا تو وہ رب جو ہر بار اسے چوری کرتے دیکھتا رہا تھا، وہ کتنا ناراض ہوگا۔ اسے یہ خیال کیوں نہیں آیا، وہ تڑپ تڑپ کر رو رہی تھی۔

☆☆☆

"پلیز ارسل مجھے معاف کر دیں، آئندہ آپ کو میری طرف سے کوئی شکایت نہیں ہوگی۔"

وہ بیڈ پر اس کے بالمقابل آ بیٹھی۔ ارسل نے ناراض نظر اس پر ڈالی۔

"معافی مجھ سے نہیں، اللہ تعالیٰ سے مانگو۔ جس نے چوری کرنے والے سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ "تو اردگرد انسانوں کی موجودگی کا اندازہ تو کرتا ہے کہ کوئی مجھے دیکھ تو نہیں رہا لیکن مجھے کیا اتنا کمتر سمجھتا ہے کہ میں سب دیکھ رہا ہوں اور تو پھر بھی چوری کرتا ہے۔"

نوال مارے ندامت کے سر نہیں اٹھا پائی۔

"تم نے غلطی نہیں گناہ کیا ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگو اور سچے دل سے توبہ کرو کیونکہ....."

ارسل نے رک کر نوال کا چہرہ دیکھا جو ندامت کے آنسوؤں سے بھیگ رہا تھا، وہ ہلکے سے کھنکارا۔ "کیونکہ چور، چوری سے جاتا ہے ہیرا پھیری سے نہیں۔"

نوال نے شرمندگی سے اسے دیکھا تو وہ کھلکھلا کر ہنس پڑا تھا۔ ارسل کو اس پر اتنا غصہ تھا کہ آج تین دن سے اس نے اس سے بات تک نہیں کی تھی۔ ورنہ وہ ایک بہت اچھی بیوی تھی۔ اسے نوال سے کبھی کوئی شکایت نہیں ہوئی تھی۔ پر اب جو شکایت ہوئی تھی تو اس نے ٹھیک ٹھاک طریقے سے اس پر اپنا غصہ ظاہر کیا تھا۔ اب وہ اتنی شرمندہ تھی کہ ارسل کو امید تھی کہ وہ آئندہ ایسا نہیں کرے گی..... وہ اسے ایک بار ضرور چانس دینا چاہتا تھا کہ وہ اپنے آپ کو اس قبیح حرکت سے باز رکھے کیونکہ وہ سمجھتا تھا کہ چوری انسان سے اس کا نفس کرواتا ہے۔ جب انسان نفس کی خواہش پر چلنے لگے تو پھر گناہ کا احساس باقی نہیں رہتا اور اب نوال کا احساسِ ندامت صاف عیاں تھا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

# سوئی کے ناکے سے دھاگے تک

فریدہ لاکھانی



Downloaded From Paksociety.com

"ایک سلائی مشین تم نے کیا خرید لی جس کے لیے پورا گھر تم نے الٹ پلٹ کیا ہوا ہے۔ اور اب اسے رکھنے کی لیے جگہ ڈھونڈ رہی ہو۔" شوہر نے کھٹ پٹ کی صدا پر کہا۔ "آخر یہ کیا ماجرا ہے بیگم، اس گھر میں کبھی کوئی چیز ٹھکانے پر یا وقت پر ملتی ہی نہیں...... دیکھو میری جرابیں بھی نہیں مل رہی ہیں۔ تم نے تو نہیں دیکھیں؟" وہ الجھے ہوئے انداز میں بولے۔

"نہیں، میں تو خود اپنی الجھن میں ہوں اور جگہ بنانے کی کوشش کر رہی ہوں۔" میں اپنی دُھن میں تھی۔

"جگہ تو تم نے اپنی آج سے اٹھارہ سال پہلے ہی بنالی تھی۔"

"اور کہاں بنائی تھی؟" میں نے پوچھا۔

"جناب ہمارے دل میں بھلا اور کہاں۔"

"ارے وہاں تو اب کوئی اور رہتی ہے۔" میں نے جتانے والے انداز میں کہا۔

"تم نے اتنی جگہ لے رکھی ہے کہ اور جگہ کی گنجائش ہی نہیں...... ماشاء اللہ صحت اچھی ہے تمہاری اور یہ کیا تم نے تو موضوع ہی بدل دیا ہے۔" شوہر نے کہا۔

"ارے بھئی موضوع بدلا ہے ارادہ تو نہیں۔" میں اپنے کام میں مشغول ہوتے ہوئے بولی۔

"یہ تم کس الجھن میں ہو؟ جس کی وجہ سے پورا گھر الٹ پلٹ کر رکھا ہے۔" شوہر نے پھر دُہرایا۔

"پاپا آپ کی جرابیں ضرور جہاں مشین رکھی جائے گی وہیں سے نکلیں گی۔" بیٹے عارف نے پیچھے سے آواز لگائی۔

"میرا خیال ہے مجھے ماتھے پر ایک neon sign لکھ کر لگانا پڑے گا کہ میری پریشانی کی وجہ کیا ہے۔ چلیں دوبارہ بتا دیتی ہوں کہ میری پریشانی کی وجہ کیا ہے۔" میں نے گلا کھنکھارا۔ "دراصل میں نے جو ایک عدد سلائی کی مشین خریدی ہے جس کے لیے گھر میں ایک موزوں جگہ ڈھونڈ رہی ہوں اور میں اسے کھڑکی کے پاس رکھنا چاہ رہی ہوں وہاں سے روشنی آئے تاکہ بجلی کا خرچ بھی بچے اور اس سے میری کچھ کمائی بھی ہوسکے۔" میں نے پوری بات بتائی۔

"کھڑکی کے پاس رکھنے سے تو تم ہر وقت کھڑکی کھلی رکھا کرو گی اور یہ بات مجھے بالکل پسند نہیں...... کیونکہ مجھے نزلہ فوراً پکڑ لیتا ہے۔" شکیل صاحب نے ایک پخ لگائی۔

"لو اب یہ ایک اور مسئلہ نکل آیا۔ بھئی توبہ ہے اتنے نازک تم کب سے ہوگئے؟ لگتا ہے تمہاری اماں نے بڑے لاڈ میں تمہیں پالا ہے اور لاڈ میں پلنے والے بچے کبھی نہ



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

زیادہ سمجھدار ہوتے ہیں اور نہ ہی جلد بڑے ہوتے ہیں۔ بس ذرا دبلے ہو جاتے ہیں اور لمبے لگنے لگتے ہیں۔ جسے بڑا بڑا سمجھا جانے لگتا ہے۔ اب یہ سن کر تمہارے منہ پر بارہ کیوں بجنے لگے ہیں، شاید سچ سننے سے ڈرتے ہو اسی لیے میرے پوچھے ہوئے سوالوں کے جوابوں کو دل میں دفن کر دیا ہے تم نے۔ خیر اس وقت تو یہ سوچنا ہے کہ اس کا حل تلاش کرنا سب سے پہلے ضروری ہے کہ مشین کے لیے کوئی موزوں جگہ نکل آئے۔"

"اچھا، تم ایسا کرو یہ کونے کا ممی والا کمرا لے لو اور اسے سجا بنا لو میری جان چھوڑو اور مکڑی کی طرح مجھ سے مت چپکی رہو اپنے سوالوں کو لے کر۔" میاں صاحب بولے۔

"خدا کی پناہ ہے شکیل، ارے وہ کمرا تو صندوق جیسا ہے، بند بند سا، اسے سجایا نہیں جا سکتا، اس میں یقین جانو سجاوٹ نہیں حراست ہوگی اور میری سہیلیاں بھی کبھار جب سلائی کے کام کے دوران آئیں گی تو انہیں کیسے وہاں بٹھاؤں گی۔ خاصی پشیمانی ہوگی۔" میں نے اپنا مسئلہ بیان کیا۔

"میرا خیال ہے پریشانی سے تو پشیمانی بہتر ہے۔" شکیل نے کہا۔ "اچھا اس کا ایک حل یہ بھی ہے کہ اپنی پشیمانی دور کرنے کو اور دوستوں میں سر او نچا رکھنے کے لیے ایک ترکیب اور ہے اور وہ یہ ہے کہ جب بھی ایسا مسئلہ درپیش آئے تو تم کھڑکی کے پیچھے ایک گدھا رکھ لو اور اس کے کان کھینچ کر اپنا غصہ نکال کر دیا کرنا کہ دھوبی اکثر یہاں سے میرا گدھا چرا لے جاتا ہے اسی لیے میں نے اس کمرے کو سلائی کا کمرا بنایا ہے تاکہ اس پر نظر بھی رہ سکے اور تمہارا غصہ بھی نکل جائے۔" شکیل نے تمسخرانہ انداز اختیار کیا۔

"بات یہ ہے کہ گدھے کے کان کھینچنے سے غصہ تو نکل جائے گا لیکن اس گدھے کو یہ نہیں کہا جا سکتا کہ تم اس دھوبی کے ساتھ مت جانا۔ کسی نے خوب کہا تھا کہ گدھے کے کان کھینچ کر اسے چلایا نہیں جا سکتا، نہ ہی اس سے کمرے کی خوبی میں اضافہ کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی اس کا سائز بدلا جا سکتا ہے۔" میں نے ان کی بے تکی بات کا فوری جواب دیا۔

"تو فرزانہ، رہ گئی بات کمائی کی تو یہ بتاؤ کہ میں تمہیں کافی پیسے جب دیتا ہوں اور تمہیں کافی خوش بھی رکھتا ہوں تو پھر پیسے کمانے کی کیا حاجت تمہیں پیش آگئی ہے۔" انہیں پیسے کی بات بڑی بری لگی تھی۔

"واہ اللہ کی پناہ، آج تو ہوا کے ہاتھ بھی اپنے ہنر کو دیکھنے لگے گویا وہ اپنے دردِ دل کو دیکھنے لگے۔" میرے منہ سے اچانک یہ نکلا۔ وہ مجھے دیکھتے رہ گئے۔

"پہلی وجہ پیسہ کمانے کی یہ ہے کہ پیسہ کمانے کے معنی ہیں آئندہ کے لیے کچھ بچت لیکن اتنا بھی نہیں کہ محل اس سے کھڑا کر لیا جائے ... بس بچوں کا اضافی خرچ اس سے نکل آئے گا اور دوسری بڑی وجہ ذرا غور سے سنو...... اور وہ یہ ہے کہ اس سے دماغ چلتا رہے گا اور یہ بڑھاپے میں ذہن کے لیے افاقہ دے گا اس سے بڑھاپے میں dymentia سے انسان بچا رہ سکتا ہے کیونکہ ذہن جتنا بزی رہے گا اتنا ہی عمر رسیدگی کے لیے اچھا عمل ہے۔" میں نے انہیں اخلاقی طور پر سہارا دیا۔

"یہ ہوئی نہ بات کہ ہماری بیگم خواہ کیسی بھی ہوں اپنی بات منوانا خوب جانتی ہیں اور سونے پر سہاگا کہ انہیں تو اندھیرا ہو کہ وہ غصے میں ہوں، اپنی سوئی تلاش کرنا خوب آتی ہے۔" شکیل نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"بھئی تم نے میرے دل کی گہرائیوں میں جب ایسی سچائی کو جنم دے ہی دیا ہے تو ایسا لگ رہا ہے کہ اب ممی والا کمرا خوب سجا، سجا نظر آرہا ہے اور لاؤ اسی پر اکتفا کر لیتے ہیں، کپڑے بھی سل جایا کریں گے اور دھوبی کی چوری بھی پکڑی جائے گی، اُدھر دوست بھی خوش، خوش آجایا کریں گی بچوں کے خرچ سے بھی نمٹا جا سکے گا اور ...... اور میں بھی دو روٹی زیادہ کھا کر بڑھاپے کی بیماری کو مات دے سکوں گی۔" میں نے ہتھیار ڈالتے ہوئے کہا۔

"بھئی سوئی سے دھاگے تک کا حل آسان نہ تھا۔ خصوصاً میاں صاحب کی عقل کو کھولنے کے لیے تو بڑے پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں۔" پوری کہانی اپنی سہیلی کو سنا کر آخر میں میں نے یہ جملہ لگایا تو وہ ہنستے ہوئے مجھے داد دینے لگی۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

جب سے انا بی نے واصفہ کو جاذب کے نام کی انگوٹھی پہنائی تھی تب سے واصفہ کے انداز اسی طرح کے ہوگئے تھے جبکہ بچپن کے کئی سال اور جوانی میں رکھتے قدم دونوں نے پیار محبت اور شرارتوں میں ایک ساتھ گزارے تھے...... کبھی لڑتے جھگڑتے تو اگلے پل ہنس دیتے۔

لیکن اب......؟ جاذب کے ہونٹ بھنچ گئے تھے۔

وہ اس کے عشق میں پور، پور ڈوبا ہوا تھا...... اس سے جدا ہونے کا تصور ہی روح فرسا تھا...... لیکن واصفہ کی بے لگام ہوتی خواہشات اسے بہت کچھ سوچنے پر مجبور کررہی تھیں۔

☆☆☆

حسین ولا جب آباد ہوا تھا تو اس وقت بھی یہاں افراد کی قلت ہی تھی وقت گزرنے کے ساتھ بڑھنے کے بجائے مزید کم افراد ہوتے گئے۔

میجر حسین نے بڑی محبت کے ساتھ اپنا آشیانہ بنایا تھا کئی خواب تھے ان کی آنکھوں میں دو بیٹوں محارب حسین، ثاقب حسین اور شریکِ حیات قانتہ کے ساتھ وہ یہاں شفٹ ہوئے تھے...... چند دن اپنے اس آشیانے میں گزار کر وہ شہید کا درجہ پا گئے تھے۔ قانتہ بیگم جنہیں بچے انا بی کہتے تھے انہوں نے اپنے بچوں کو کبھی باپ کی کمی محسوس نہ ہونے دی۔ ماں اور باپ دونوں بن کر پالا...... اتنے بڑے گھر میں محض تین نفوس زندگی گزار رہے تھے۔ بیٹوں نے قد نکالا تو انہیں گھر کی رونق بڑھانے کا خیال آیا......

محارب حسین اپنی کلاس فیلو زاریہ وقار میں انٹرسٹڈ تھے۔ وہ چھان بین کر کے اسے خوش دلی سے بیاہ لائیں لیکن زاریہ وقار کو سو برس انا بی تو پسند تھیں پر ان کے اصول پسند نہ تھے۔ چند ماہ میں انہوں نے بالا ہی بالا کینیڈا جانے کا پروگرام بنالیا...... جہاں ان کی آدھی فیملی آباد تھی۔ محارب حسین نے کینیڈا کی ایک کمپنی میں انٹرویو دیا اور اپائمنٹ لیٹر ملتے ہی دونوں کینیڈا سدھار گئے۔ انا بی نے ایک بار بھی نہ روکا، وہ جانتی تھیں پرندے کے جب پر لگ جائیں تو وہ اپنی اڑان سے رکتا نہیں۔

ثاقب حسین بھائی کے اس عمل سے شاکڈ رہ گئے۔ انہوں نے اپنی شادی کا فیصلہ انا بی پر چھوڑ دیا سو وہ اپنی بھتیجی سنبل کو بیاہ کر لے آئیں۔

سنبل کے آتے ہی خاموش گھر میں قہقہے گونجنے لگے جو کہ زاریہ کے آنے سے بھی نہ گونجے تھے، وہ زیادہ تر باہر نکل جاتی جبکہ سنبل نے آتے ہی گھر کے سارے کام اپنے ذمے لے لیے تھے...... سارا دن بولتی رہتی...... اس کی ہنسی کے جھرنے بہتے رہتے، وہ امید سے ہوئی تو انا بی نے اس کی ساری ذمے داریاں واپس لے لیں اور اسے ہتھیلی کا چھالا بنالیا......

ادھر محارب حسین بھی ایک بیٹے کے باپ بن گئے تھے۔ زاریہ سے بچہ بالکل نہ سنبھلتا اس نے گورنس رکھی اور خود سارا سارا دن گھر سے غائب رہتی۔ ایک دن محارب حسین جلدی گھر آگئے۔ انہوں نے جو منظر دیکھا تو سر سے پاؤں تک لرز گئے۔ اگر چند لمحے بھی دیر کردیتے تو اپنے بیٹے کو کھو دیتے۔

گورنس ٹیرس پر کھڑی ہنس، ہنس کر کسی سے باتیں کررہی تھی اور جاذب حسین نے نیا، نیا چلنا سیکھا تھا۔ وہ گورنس کی بیک سائڈ کی گرل پر لٹکا ہوا تھا اس کی آنکھیں باہر کو ابلی ہوئی تھیں۔ خوف کے مارے اس کی آواز بھی نہیں نکل رہی تھی۔ محارب حسین نے اسے جلدی سے اچک کر تھاما...... اور ایک فیصلہ کرلیا...... وہ اب حیرت زدہ اس بات پر تھے کہ زاریہ نے ماں ہوتے ہوئے.... مروتاً بھی منع نہیں کیا تھا۔ اگلے ہفتے وہ جاذب کے ساتھ انا بی کے سامنے تھے۔ وہ جاذب کو انا بی کی جھولی میں ڈال آئے تھے۔ جاذب بہت ہی صابر بچہ تھا۔ بہت آرام سے یہاں ایڈجسٹ ہوگیا تھا۔ دن گزرتے رہے...... انا بی کا دل تو سنبل کے آنے سے ہی بہل گیا تھا اب جاذب کی آمد نے انہیں اور مصروف کردیا تھا۔ کچھ وقت اور سرکا۔ ثاقب اور سنبل بھی



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



ایک بیٹی کے والدین بن گئے۔ انابی نے اس کا نام واصفہ رکھا...... بچی بہت کمزور تھی اسے ایک ہفتہ اسپتال میں انکیوبیٹر میں رہنا تھا جبکہ سنبل کی چھٹی ہوگئی تھی۔ ثاقب حسین، سنبل کو اس کی والدہ کے گھر چھوڑنے جارہے تھے کہ ایک تیز رفتار ٹرک نے دونوں کو اجل کا نوالہ بنا ڈالا...... انابی پر یہ غم پہاڑ کے مانند ٹوٹا تھا۔ جاذب کا ساتھ نہ ہوتا تو وہ زندگی کی بازی ہار جاتیں۔ محارب حسین کے پہنچنے تک ان دونوں کو دفنا دیا گیا تھا۔ وہ چھوٹے بھائی سے آخری ملاقات بھی نہ کرسکے...... بس چند دن ٹھہر کر واپس اپنے دیس لوٹ گئے۔

انابی کے لیے ایک بار پھر امتحان تھا انہوں نے دونوں بچوں کی پرورش شروع کردی۔ جاذب بہت سمجھدار تھا جبکہ واصفہ چلبلی سی، دونوں میں چند سال کا ہی فرق تھا یونہی لڑتے جھگڑتے دونوں بڑے ہوگئے۔ جاذب، واصفہ کو اکثر نصیحتیں کرتا کبھی وہ مان جاتی کبھی کانوں پہ ماردیتی...... لیکن اب جب سے انابی نے دونوں کو ایک دوسرے کے نام کیا تھا...... واصفہ اکھڑی، اکھڑی سی رہنے لگی تھی اور آج تو واصفہ نے حد ہی کردی تھی...... انابی کی اجازت سے وہ اسے شاپنگ پر لے کر گیا تھا۔ واصفہ جس سوٹ پر ہاتھ رکھتی وہ آستینوں کے بغیر ہوتا...... جاذب اسے منع کردیتا...... آخری شاپ پر وہ جاذب پر چلا اٹھی......

"مسئلہ کیا ہے تمہارے ساتھ...... ابھی سے شوہر بننے کی کوشش نہ کرو...... تمہیں کس نے حق دیا ہے کہ تم میرے معاملات میں دخل اندازی کرو...... ساری زندگی انابی اور تمہاری مرضی کے کپڑے پہنے ہیں، کیا اتنا بھی حق نہیں میرا کہ میں اپنی مرضی کی شاپنگ کروں...... کس سے ملنا ہے......؟ کیا کھانا ہے......؟ کیا پہننا ہے......؟" سب لوگ رک رک کر انہیں دیکھنے لگے...... جاذب اس کے بولنے کی پروا کیے بنا اسے گھسیٹتا ہوا گاڑی تک لایا اور اندر پٹخ کر اپنی سیٹ پر آکر فوراً گاڑی اسٹارٹ کردی......

موبائل کی بیپ پر وہ چونکا تھا۔ انابی کی کال تھی۔ وہ تیزی سے اندر کی طرف بڑھ گیا تھا۔

اب وہ کمرا لاکڈ کیے بیٹھی تھی۔ انابی پریشان ہوگئی تھیں جبھی جاذب کو کال کی انہوں نے۔ گھر آئے ہوئے اسے آدھا گھنٹا ہوگیا تھا مگر وہ باہر ہی کھڑا اپنی سوچوں میں گم تھا۔

"دماغ خراب ہوگیا ہے محترمہ کا، سلیولیس ڈریس لے رہی تھیں منع کیا تو آپے سے باہر ہوگئیں، وہیں شاپ پر ایک تماشا کھڑا کردیا...... اس سے پوچھ لیں اگر اسے ہمارے رشتے پر اعتراض ہے تو آپ یہیں اس بات کو ختم کردیں۔" وہ جان بوجھ کر زور، زور سے بول رہا تھا...... وہ یک دم دروازہ کھول کر باہر آئی۔

"ہاں...... ہاں ختم کرو...... آزاد کردو مجھے ان پابندیوں سے...... ساری زندگی غلامی میں نہیں گزارنی مجھے۔" وہ سرخ چہرے اور سوجی آنکھوں سے اسے






WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY READING Section

Click on http://www.paksociety.com for more

گھورتی ہوئی بولی اور زور سے دروازہ بند کر دیا۔
''دیکھ لیا آپ نے......!'' جاذب برداشت کی منازل سے گزر رہا تھا۔
انا بی نے بھی ایک فیصلہ فوری کیا اور اس نام نہاد منگنی کو ختم کر دیا۔ دونوں ایک ہی گھر میں اجنبی بن گئے۔
جنید اسی ایریے میں رہتا تھا اس کی والدہ نے جب پہلے واصفہ کا ہاتھ مانگا تو انا بی نے خاموشی اختیار کر لی تھی اور جاذب اور واصفہ کو ایک دوسرے کے نام کی انگوٹھی پہنا دی تھی مگر اب ان حالات کے تحت انہوں نے واصفہ کی رضامندی سے جنید کی والدہ کو ہاں کر دی...... جاذب نے خود کو پتھر کر لیا...... واصفہ نے اپنی منگنی کی ساری شاپنگ اپنی دوست ندا کے ساتھ کی تھی......اس کے علاوہ گھر میں پہننے کے تمام جوڑے وہ جان کر سلیولیس لے کر آئی اور انہیں پہن کر جتاتی نظروں سے جاذب کو دیکھتی...... جاذب لب بھینچ کر رہ جاتا...... انا بی نے اسے جنید سے ملنے کی اجازت تو دی تھی لیکن کہیں باہر ساتھ جانے کی نہیں......وہ اکثر گھر چلا آتا...... جاذب سے اس کی واصفہ پر پڑتی نظریں برداشت نہ ہوتیں......گو کہ وہ اس کا ہونے والا شوہر تھا لیکن ابھی تھا تو نامحرم ہی۔ وہ سر سے پاؤں تک اسے ایکسرے کے انداز میں دیکھتا تو جاذب کا خون کھول جاتا وہ اس جگہ سے ہی ہٹ جاتا...... ساتھ رہتے ہوئے بھی اس نے کبھی واصفہ پر بری نگاہ نہ ڈالی تھی اور جنید......اس دن تو حد ہوگئی......جاذب ٹیرس پر کھڑا سگریٹ پھونک رہا تھا...... نیچے لان میں واصفہ، جنید کے ساتھ لان چیئر پر بیٹھی چائے پی رہی تھی۔ دونوں سرگوشیوں میں مصروف تھے۔ واصفہ کا چہرہ شرم سے سرخ پڑتا جا رہا تھا۔ جنید اس کے مزید قریب ہوا اور اس کے بنا آستین کے گورے گورے بازو پر اپنا ہاتھ رکھ دیا تو واصفہ کے چہرے پر کچھ ناگوار تاثرات ابھرے تھے۔ جیسے اسے جنید کا یہ عمل پسند نہیں آرہا ہو......وہ ادھر اُدھر دیکھ رہی تھی جیسے فرار کا راستہ ڈھونڈ رہی ہو...... جاذب سے یہ سب برداشت نہیں ہوا۔ وہ تیر کی طرح نیچے پہنچا اور اپنے چہرے کے تاثرات کو بدلتے ہوئے ان کے سر پر پہنچ گیا۔ جنید جو کسی اور ہی دنیا میں پہنچا ہوا تھا......اسے دیکھ کر یک دم سنبھلا، اٹھ کر اس سے مصافحہ کیا......
''ایکسپو چل رہے ہو؟ بہت زبردست ایگزی بیشن لگی ہے۔'' ساتھ ہی اس نے جنید کو آفر کی۔
''تم اس حلیے میں جاؤ گے یار؟'' جنید نے سر سے پاؤں تک اسے دیکھا......ڈھیلا، ڈھالا ٹراؤزر اور کہنی تک فولڈ ہوئی آستینیں اوپر سے بنا استری شرٹ......منہ بھی شاید صبح کا دھلا تھا......''تم چینج کر لو میں اتنی دیر ویٹ کر لیتا ہوں۔'' اس کے مزید رکنے کا سن کر جاذب کو لگا واصفہ گھبرا رہی ہے۔
''نہیں یار، مرد ہر حلیے میں جچتے ہیں تم آؤ تو میرے ساتھ۔'' وہ اسے اپنے ساتھ لیے پورچ میں آگیا اور دونوں گاڑی میں بیٹھ گئے۔ جاذب نے جنید کے ناگوار تاثرات کی بھی پروانہ کی۔ ایکسپو سے واپسی پر اس نے جنید کو گھر چھوڑ دیا تھا۔ وہ واصفہ کی مرضی کے بنا کوئی قدم نہیں اٹھانا چاہتا تھا لیکن جنید کو آئندہ وہ گھر بھی نہیں بلا سکتا تھا۔ کچھ بھی تھا واصفہ اس کی عزت تھی۔ اس گھر کا واحد مرد وہی تھا۔ اسی نے واصفہ کی حفاظت کرنا تھی...... لیکن کوئی حل اس کے ذہن میں نہیں آرہا تھا......وہ گھر آکر سیدھا اپنے کمرے میں جا رہا تھا تبھی انا بی نے کھانے کا پوچھا اس کی بھوک مر چکی تھی لیکن انہیں نہ نہیں کہہ سکتا تھا کہ وہ کھلائے بنا نہ چھوڑتیں۔
''دوست کے ساتھ کھا لیا۔'' کہہ کر وہ اپنے روم میں آگیا...... اور جوتوں سمیت بیڈ پر دراز ہوگیا...... اس کا ذہن منتشر ہو رہا تھا۔ اسے سمجھ نہیں آرہا تھا کہ کیا کرے کس طرح اسے روکے...... یک دم دروازے پر کھٹ کھٹ ہوئی وہ چونک کر اٹھ بیٹھا۔ آنے والی واصفہ تھی۔ وہ پوری آستینوں کی قمیص پہنے دوپٹا اچھی طرح ڈھکے دروازے کے بیچ کھڑی اپنی انگلیاں مروڑ



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



رہی تھی۔

جاذب کو اتنی ٹینشن میں بھی واصفہ کے طرز پر ہنسی آنے لگی۔

''اندر آجاؤ...... وہاں کیوں کھڑی ہو......؟''

واصفہ اندر آئی اور اس کے قدموں میں بیٹھ گئی۔

''مجھے معاف کردو جاذب...... میں بہک گئی تھی۔'' کہہ کر اس نے اپنا چہرہ دونوں ہاتھوں سے ڈھانپ لیا اور پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔...... جاذب نے کچھ دیر اسے رونے دیا پھر اس کے کندھے پر اپنا بھاری مضبوط ہاتھ رکھا تو اس کے آنسوؤں کو جیسے بریک لگ گیا۔ وہ چہرہ اٹھا کر اسے دیکھنے لگی۔

''تمہیں یہی لگتا تھا ناں کہ ہم تم پر پابندیاں لگاتے ہیں......؟ جاذب اب اٹھ کھڑا ہوا۔

''ایک چھوٹی سی مثال ہے...... تم ایک دس روپے کا نوٹ لے کر نکلتی ہو...... وہ تم ہاتھ میں لے کر نکل جاؤ گر جائے یا لوگ دیکھیں تمہیں کوئی فرق نہیں پڑے گا پر تم سو کا لے کر نکلو گی تو اس کی تھوڑی حفاظت کا بھی سوچو گی۔ پانچ سو، ہزار، پانچ ہزار کے نوٹ چھپا کر رکھو گی اور سونا لے کر نکلو گی تو بالکل ہی اندرونی جیب میں رکھو گی اور اگر تمہارے پاس ہیرا ہو...... تو اسے اپنے ساتھی کو بھی بتانا پسند نہیں کرو گی...... بولو...... کچھ بات سمجھ آ رہی ہے یا نہیں......؟''

واصفہ کو دراصل جنید کی محبت کی حقیقت پتا چل گئی تھی کہ وہ محض وقت گزاری کر رہا تھا...... واصفہ کو ایک شام نے ہی سبق سکھا دیا تھا۔ انابی نے بھی بعد میں شکر ادا کیا کہ وقت پر سب کچھ ہی سامنے آ گیا اور واصفہ کو بھی عقل آ گئی۔

واصفہ سر جھکائے بس اسے سنے جا رہی تھی...... اس کے آنسو بہہ رہے تھے۔

''میرے نزدیک تم سونے، ہیرے سے بھی زیادہ قیمتی ہو واصفہ......'' اب وہ اس کے سامنے دوزانو ہو کر بیٹھا تھا۔

''بہت قیمتی ہو، بہت زیادہ قیمتی...... اب اپنے یہ آنسو صاف کر لو...... اب مجھے یہ دوبارہ نظر نہ آئیں۔ شکر ہے خدا کا کہ تم بھٹکنے سے پہلے لوٹ آئی ہو۔''

''تم نے مجھے معاف کر دیا ناں جاذب......؟''

وہ نم پلکوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

''کوئی اپنے پیار سے بھی بھلا ناراض رہ سکتا ہے...... ایسی بات نہیں کہ میں تم سے پیار نہیں کرتا لیکن میں وقت پر اس کے اظہار کا قائل ہوں...... تم نادان ہو، ابھی ناسمجھ ہو، بچے پیار اور بے باکی کے فرق کو نہ سمجھ پائیں۔'' وہ نرم لہجے میں اسے سمجھا رہا تھا۔

''نہ جانے کتنی لڑکیاں جنید جیسے بے باک لڑکوں کے ہتھے چڑھ جاتی ہیں جو پیار کے بہانے ان کی عزت تار، تار کرنے میں دیر نہیں لگاتے اور معصوم دل لڑکیاں اسی سراب کے پیچھے بھاگنے لگتی ہیں۔'' جاذب نے سوچتے ہوئے اک ٹھنڈی آہ بھری اور انابی کے کمرے کی جانب بڑھ گیا۔

## 16 دسمبر پشاور کے بچوں کے نام

اپنے ماں باپ کے معصوم سے پیارے بچے
اے وطن! تجھ پر فدا ہو گئے سارے بچے
مائیں روتے ہوئے آپس میں یہ کہتی ہوں گی
ابھی اسکول سے آئیں گے ہمارے بچے
وہ مسلمان کیا، انسان نہیں ہو سکتے
جن درندوں نے بلکتے ہوئے مارے بچے
ارضِ پاک کی اے میری بہادر ماؤں
قوم کا فخر ہیں، دراصل تمہارے بچے
لاشے ہاتھوں پہ اٹھا کر کبھی کہتے ہوں گے
یہ ہمارے تھے بڑھاپے کے سہارے بچے
پیکرِ صبر وفا ہیں کہ جنہوں نے چپ چاپ
قبر میں اپنے ہی ہاتھوں سے اتارے بچے
کوئی بھی عہد انہیں بھول نہ پائے گا ظہور
مشعلِ راہ ہیں وہ سب چاند ستارے بچے

شاعر: ظہور چوہان۔ انتخاب: زارا میرانی، لیہ

For More Visit Paksociety.com



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

آمنہ اب گھر کے تھوڑے بہت کام کرنے لگی تھی۔ جمیلہ کے ساتھ کچن میں ان کا ہاتھ بٹاتی اور پھر اس کے بعد یا تو اسلامی کتابوں کا مطالعہ کرتی یا پھر نیٹ پر مصروف رہتی...... اس نے قرآن پاک کا انگریزی ترجمہ جرمنی سے ہی پڑھنا شروع کر دیا تھا سواسے یہاں بھی جاری رکھا۔ نیٹ پر وہ زینب اور دوسری خواتین کے ساتھ رابطے میں رہتی۔ سب خواتین اسے بہت مس کر رہی تھیں اور اس کی واپسی کا بار، بار پوچھتیں مگر آمنہ انہیں یہ بتا کر مایوس کر دیتی کہ... فی الحال اس کا واپسی کا کوئی ارادہ نہیں...... اسے عبدالرحمٰن کی فیملی کے ساتھ رہنا بہت اچھا لگ رہا ہے۔ سب اس سے کرید، کرید کر پوچھتیں کہ اس کی سسرال کیسی ہے؟ لوگ کیسے ہیں؟ اس کے ساتھ محبت کرتے ہیں یا نہیں......؟ اور وہ سب کو بہت پُرامید جواب دیتی کہ وہ بہت خوش ہے اور سب لوگ اس کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ خاص طور پر... عبدالرحمٰن اور اس کی ماں...... وہ سب اس کی باتیں سن کر خوش ہوتیں...... مگر اب آمنہ نیٹ پر بھی باتیں کر کے تھکنے لگی تھی۔ عبدالرحمٰن اپنے اسکول میں بہت زیادہ مصروف ہو گیا تھا۔ آج کل وہ اسلامک آرٹ سے متعلقہ ایک زبردست سی نمائش پلان کر رہا تھا اور دن رات اسی میں مصروف تھا۔ آمنہ نے بھی اس کا اسکول جوائن کرنے کا سوچا تو عبدالرحمٰن سے بات کی۔

''ٹھیک ہے، تم کل میرے ساتھ چلنا...... پھر دیکھوں گا تم کیا کر سکتی ہو...... آئی مین...... ہم لوگ تو زیادہ تر Islamic calligraphy (اسلامی خطاطی) کے بارے میں پلان کر رہے ہیں۔'' عبدالرحمٰن نے بیڈ پر تھکے ہوئے انداز میں لیٹتے ہوئے کہا۔

''او کے...... میں تو زیادہ اسکیچز بناتی تھی مگر اب اسکیچنگ چھوڑ دی ہے اب تو کافی عرصہ ہو گیا ہے کوئی اسکیچ بنائے ہوئے۔'' آمنہ نے گہری سانس لیتے ہوئے کہا۔

''آمنہ اسکیچنگ...... پورٹریٹس sculptures بنانا تمہارا شوق تھا، جنون تھا اور اب تم سب کچھ چھوڑ چکی ہو...... کبھی دل میں خواہش پیدا نہیں ہوتی کہ وہی کام کرو جو مسلم ہونے سے پہلے کرتی تھیں؟'' عبدالرحمٰن نے اس کا ہاتھ پکڑ کر قدرے متجسس انداز میں پوچھا۔

''عبدالرحمٰن...... مجھے یاد نہیں پڑتا کہ میری زندگی کا کوئی ایسا دن نہ گزرا ہو...... جب میں نے اسکیچنگ نہ کی ہو...... کوئی ڈرائنگ نہ بنائی ہو...... مجھے کچھ ڈرا کیے بغیر نیند نہیں آتی تھی اور اب میں اس کے بارے میں سوچتی تو ہوں مگر بہت کم...... صرف یہ سوچ کر کہ اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے تو میں اپنی خواہش کو دبا لیتی ہوں۔ عبدالرحمٰن...... میں کبھی اللہ سے اتنی محبت بھی کروں گی، اب مجھے کبھی، کبھی خود پر بھی حیرت ہوتی ہے کہ وہ کیتھی جو کرائسٹ سے بہت پیار کرتی تھی مگر اس نے کبھی اس کی محبت میں کچھ چھوڑنے کا تصور بھی نہیں کیا تھا۔ کیتھی کی محبت superiecial تھی مگر آمنہ کی محبت کتنی اسٹرانگ ہے۔ آمنہ اللہ کی محبت میں اب سب کچھ کر سکتی ہے یہاں تک کہ تمہیں بھی چھوڑ سکتی ہے۔'' آمنہ نے انتہائی صاف گوئی سے کہا تو عبدالرحمٰن ایک دم چونک گیا۔

''مجھے بھی......؟'' وہ قدرے ہکلا کر بولا۔

''ہاں...... تمہیں بھی......'' اس نے مطمئن لہجے میں کہا۔

''کیا...... تم مجھ سے محبت نہیں کرتیں......؟'' عبدالرحمٰن نے گھبرا کر پوچھا۔

''کرتی ہوں، بہت زیادہ...... اس دنیا میں تم مجھے سب سے زیادہ عزیز ہو اور میں تم سے بہت محبت کرتی ہوں مگر عبدالرحمٰن، تم ایک انسان ہو...... اللہ کے بنائے ہوئے انسان...... تمہارا اور میرا رشتہ تب تک رہے گا جب تک اللہ چاہے گا۔ اگر وہ تمہیں مجھ سے ابھی چھین لے اور ہم دونوں ایک دوسرے سے ابھی جدا ہو جائیں تو ہم کیا کر سکیں گے...... اللہ نے پہلے مجھے انسانوں کی محبت اور ان سے جدائی کا گہرا تجربہ کرایا اور پھر اپنی محبت میرے دل میں اتنی



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more


شدید ڈال دی کہ اب میرے لیے انسانوں کی محبت اس طرح اہمیت نہیں رکھتی جس طرح اللہ کی رکھتی ہے.........
عبدالرحمٰن میں نے زندگی میں جتنے کرائسز دیکھے انہوں نے اللہ سے میرا رشتہ بہت مضبوط کردیا ہے۔ اب مجھے صرف یہی محسوس ہوتا ہے کہ اس کائنات کی سب سے بڑی حقیقت صرف اور صرف اللہ ہے۔ باقی سب عارضی اور وقتی رشتے اور باتیں ہیں۔'' اس نے گہری سانس لے کر کہا تو عبدالرحمٰن پُرستائش نظروں سے اس کی طرف دیکھنے لگا۔

'' آمنہ...... I really appreciate you اللہ نے تمہیں جس حقیقت سے آشنا کیا ہے۔ تم پر اللہ کی نظرِ کرم ہے۔ تم واقعی اللہ کی طرف سے بخشی گئی ہو۔'' عبدالرحمٰن نے اس کا ہاتھ پکڑ کر محبت بھرے لہجے میں کہا۔

"yes I think so" اس نے مسکرا کر جواب دیا۔

'' آمنہ...... جس محبت کا تجربہ تم کررہی ہو...... یہی پکے اور سچے مسلمان کی نشانی ہے اور مسلمانوں کی اسی محبت سے دنیا ڈرتی ہے اور مسلمانوں کو خواہ مخواہ شدت پسند کہتی ہے مگر حقیقت میں محبت کا یہ عرفان مومنین کے لیے اللہ کا تحفہ ہے جو کسی اور مذہب کے ماننے والوں کو کبھی نہیں مل سکتا۔'' عبدالرحمٰن نے مسکرا کر جواب دیا۔

'' کیوں......؟'' آمنہ نے چونک کر پوچھا۔

'' کیونکہ جس مذہب میں خدا فاصلے پر ہو...... اور اس کو پانے کے لیے انسان کو بہت سی رسومات اور اپنے جیسے مذہبی نمائندوں کا سہارا لینا پڑے تو اس خدا سے تعلق اتنا مضبوط نہیں ہوسکتا بہ نسبت اس خدا کے جو ہر لمحہ انسان کے ساتھ، ساتھ، اندر اور باہر ہو...... اور پھر انسان کو خود اس کی موجودگی کا انتہائی شدت سے احساس بھی ہو...... اور اس شدید احساس کی وجہ سے انسان اپنا سب کچھ اپنے اللہ کو سونپ دے۔ جس طرح تم نے سونپا ہے اور حقیقت میں یہی اسلام کی روح اور سچا اسلام ہے۔ مجھے فخر ہے کہ اللہ نے مجھے تم جیسی صاحب ایمان بیوی سے نوازا ہے۔'' عبدالرحمٰن نے فرطِ جذبات سے لبریز ہو کر اس کی پیشانی کو محبت سے چومتے ہوئے کہا تو وہ مسکرادی۔ اسی لیے ان کے کمرے کے دروازے پر دستک ہوئی تو آمنہ جلدی سے پیچھے ہٹ گئی اور بڑھ کر دروازہ کھولا۔ اس کے سامنے ہاجرہ قدرے غصے میں کھڑی تھی۔

'' آپ......!'' آمنہ نے حیرت سے کہا...... تو ہاجرہ نے اس کی کسی بات کا کوئی جواب نہیں دیا اور منہ بنا کر اندر داخل ہوگئی۔ عبدالرحمٰن نے بھی چونک کر اسے دیکھا۔

'' بھیا...... مجھے تم سے ایک ضروری بات کرنی ہے۔'' ہاجرہ نے قدرے خفگی سے آمنہ کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تو عبدالرحمٰن اس کا اشارہ سمجھ گیا۔

'' آمنہ...... پلیز...... میرے لیے ایک کپ چائے لے آؤ۔'' عبدالرحمٰن نے کہا تو وہ خاموشی سے کمرے سے باہر نکل گئی۔

'' جی...... بھائی...... خیریت تو ہے...... آپ بیٹھیں تو سہی......'' عبدالرحمٰن نے کہا۔

'' خیریت ہوتی تو میں اس وقت تمہارے پاس نہیں آتی۔'' ہاجرہ نے اس کے بیڈ کے قریب کرسی پر بیٹھتے ہوئے کہا۔

'' کیوں، کیا ہوا......؟'' عبدالرحمٰن نے حیرت سے پوچھا۔

'' میں پوچھنے آئی ہوں...... یہ ہمارے سروں پر اسلام کا ڈنڈا کب تک برستا رہے گا؟'' ہاجرہ غصے سے بولی۔

'' کیا مطلب...... میں سمجھا نہیں......؟'' عبدالرحمٰن نے حیرت سے پوچھا۔


READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

''تم یہ جو اپنی بیوی کی صورت میں ملانی لے آئے ہو...... جو ہر وقت ہمیں فتوے سناتی رہتی ہے اور ہمیں مسلمان کم اور کافر زیادہ سمجھتی ہے۔ کام بعد میں کرو...... اسلام کا کوڑا پہلے برسنے کو تیار ہوتا ہے۔ بھیا ہم نے کیا گناہ کر دیے ہیں کہ ہماری جان بخشی ہی نہیں ہو رہی۔ اس نے تو ہماری زندگیاں مصیبت میں ڈال دی ہیں۔ بچے الگ پریشان ہیں، شوہر، بیویوں سے لڑنے لگے ہیں۔ یہ کون سی فتنہ ہمارے گھر آ گئی ہے۔ بھیا ہماری تو جان چھڑاؤ اس مصیبت سے۔'' ہاجرہ انتہائی غصے میں ہاتھ جوڑتے ہوئے بولی تو عبدالرحمٰن حیرت سے بھاوج کی طرف دیکھنے لگا۔

''بھابی! یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں۔ وہ تو اس گھر میں رحمت بن کر آئی ہے۔ وہ کتنی نیک اور مومن عورت ہے اور آپ اسے فتنہ کہہ رہی ہیں، کچھ تو خدا کا خوف کریں۔'' عبدالرحمٰن نے خفگی سے جواب دیا۔

''بھیا! وہ رحمت ہو گی تمہارے لیے، ہمارے لیے تو زحمت ہی زحمت ہے۔ ہمیں نہیں چاہیے ایسی رحمت، ہم جیسے پہلے رہ رہے تھے، ٹھیک رہ رہے تھے، بتاؤ بھلا، ہم کوئی کافر تھے جو یہ ہمیں مسلمان بنانے آ گئی ہے۔ اپنے اسلام کو تو سنبھال لے۔ خدا معلوم مسلمان ہے بھی یا نہیں...... ہمیں تو سارا ڈھونگ لگتا ہے۔'' ہاجرہ غصے سے بولی تو عبدالرحمٰن کو بھی شدید غصہ آ گیا۔

''بھابی! بس اب میں آمنہ کے خلاف ایک لفظ بھی نہیں سنوں گا اور جس طرح کی آپ مسلمان ہیں سب جانتے ہیں، صرف کلمہ پڑھ کر اپنے آپ پر مسلمانیت کی مہر لگا لینی کافی نہیں ہوتی۔ اپنے ایمان کو ثابت بھی کرنا پڑتا ہے اور آمنہ کتنی سچی اور پکی مسلمان ہے۔ اسے آپ سے کوئی سرٹیفکیٹ لینے کی ضرورت نہیں۔ اس پر خدا کی بہت رحمت اور نظر کرم ہے۔ اسے میری اور ہمارے اس گھر کی کوئی ضرورت نہیں۔ وہ اپنے ملک میں یہاں سے اچھی زندگی گزار سکتی ہے۔'' عبدالرحمٰن نے خفگی سے کہا۔

''ہاں تو لے جاؤ اسے واپس...... ہم سے اس کا اسلام ہضم نہیں ہوتا۔ بڑی آئی مسلمان ہونہہ......'' ہاجرہ منہ بگاڑ کر بولی جبھی آمنہ ٹرے میں چائے کے دو مگ لیے اندر آنے لگی۔ اس نے ہاجرہ کی ساری بات سن لی تھی۔ اسے دیکھ کر ہاجرہ غصے سے منہ بناتی کمرے سے باہر چلی گئی۔ آمنہ نے افسوس بھرے انداز میں عبدالرحمٰن کی طرف دیکھا۔ وہ شرمندگی سے نظریں چرانے لگا۔ وہ ٹرے ٹیبل پر رکھ کر اس کے قریب آئی۔

''پلیز آپ ٹینشن مت لیں۔ میں نے خود بھی کئی بار آبزرو کیا ہے کہ گھر کے لوگ مجھ سے کتنے بیزار ہیں۔ ان کو میرا یہاں رہنا بہت ناگوار گزر رہا ہے۔'' آمنہ نے آہ بھر کر کہا۔

''آئی ایم سوری...... یہ لوگ سمجھ نہیں رہے کہ تم ان سب کے لیے کتنی بڑی رحمت ہو۔'' عبدالرحمٰن نے بیچارگی سے کہا۔

''عبدالرحمٰن......! ایسی سچویشن میں ہمارے پیغمبر ﷺ ہمارے لیے سب سے بڑی inspiration ہیں۔ انہوں نے لوگوں کو مسلمان بنانے کے لیے کیا کیا تکلیفیں نہیں اٹھائی تھیں مگر ایک وقت آیا کہ پھر سب کو ماننا ہی پڑا۔ آپ بھی پریشان مت ہوں۔ میں ان کی باتوں سے بالکل نہیں گھبراتی۔'' اس نے عبدالرحمٰن کا ہاتھ پکڑ کر مسکراتے ہوئے کہا تو عبدالرحمٰن نے حیرت سے اس کی طرف دیکھا۔

''تھینک یو ویری مچ آمنہ...... تم کتنی کوآپریٹو ہو۔'' عبدالرحمٰن نے گہری سانس لیتے ہوئے کہا تو وہ مسکرا کر اس کی طرف دیکھنے لگی۔

☆☆☆

عاصمہ اپنے کمرے میں بیڈ پر لیٹی تھی اور قدرے مضطرب ہو کر کروٹیں بدل رہی تھی۔ کالج جاتے ہوئے



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN

Click on http://www.paksociety.com for more



شرٹ پھٹنے کا واقعہ اس کے ذہن میں ایسا بیٹھ گیا تھا کہ دو دن گزر گئے تھے مگر وہ ابھی تک اس خوف سے باہر نہیں نکل رہی تھی۔ اس کے ساتھ ساتھ شبینہ کی بات کہ "اللہ کے ہر حکم میں انسان کے لیے فائدہ ہے۔"
اس کے ذہن میں بار بار یہ بات گونج رہی تھی۔ وہ خدا کا شکر ادا کرتی کہ اس کے پاس چادر تھی اگر نہ ہوتی تو وہ کیا کرتی؟ اس نے گھر آ کر کسی کو یہ بات نہیں بتائی تھی اور نہ ہی شبینہ نے کسی سے ذکر کیا تھا مگر اس کے اندر اس واقعے نے عجیب سی ہلچل مچا دی تھی۔ وہ اپنے اندر کی کیفیت کسی دوسرے سے بیان کرنا چاہتی تھی۔ شبینہ کے ایگزامز چل رہے تھے۔ وہ ایک دو بار اس کے پاس گئی مگر اسے مصروف دیکھ کر لوٹ آئی۔ وہ کچھ سوچتے ہوئے بیڈ سے اٹھی اور آمنہ کے کمرے کی طرف چلی گئی۔ آمنہ کمرے میں اکیلی بیٹھی ایک آیتِ قرآنی کے بیک گراؤنڈ کی اسکیچنگ کر رہی تھی۔ عاصمہ نے دستک دی تو آمنہ نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔

"اوہ...... عاصمہ آؤ آ جاؤ......" آمنہ نے مسکرا کر کہا تو عاصمہ اندر داخل ہو گئی اور قدرے جھجکتے ہوئے اس کے پاس بیٹھ گئی۔

"آپ کیا بنا رہی ہیں؟" عاصمہ نے اس کے اسکیچ کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"عبدالرحمن کی آرٹ ایگزی بیشن کے لیے کچھ ڈرا کر رہی ہوں۔" آمنہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

"چاچی، آپ سے ایک بات پوچھوں؟" عاصمہ نے جھجکتے ہوئے کہا۔

"ہاں، پوچھو کیا بات ہے؟" آمنہ نے قدرے حیرت سے کہا۔

"چاچی! آپ مسلمان کیوں ہوئیں؟" عاصمہ نے اچانک سوال کیا تو آمنہ نے ایک دم چونک کر اس کی طرف دیکھا۔

"کیوں، تم کیوں پوچھ رہی ہو؟" آمنہ نے حیرت سے پوچھا۔

"آپ اتنی پکی مسلمان کیسے بن گئیں؟ یہ سوال اکثر میرے ذہن میں آتا ہے۔" عاصمہ نے صاف گوئی سے پوچھا تو آمنہ نے گہری سانس لی اور مسکرا کر اسے دیکھنے لگی۔

"اللہ کی مہربانی ہے۔" آمنہ نے محبت سے اس کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا۔

"کیا مطلب؟ میں سمجھی نہیں۔" عاصمہ نے چونک کر کہا۔

"اللہ تعالیٰ جب انسان کو ہدایت دینا چاہتا ہے تو اس کے دل میں اپنی، اپنے نبی ﷺ کی اور اپنے دین کی محبت ڈال دیتا ہے۔ جب انسان کا دل ان سب محبتوں پر سچے دل سے ایمان لے آتا ہے تو وہ پکا مسلمان بن جاتا ہے۔" آمنہ نے مسکرا کر جواب دیا تو عاصمہ کی آنکھیں یک دم نم ہونے لگیں۔

"چاچی! ہم آپ کی طرح اچھے اور پکے مسلمان کیوں نہیں ہیں؟" عاصمہ نے ندامت بھرے لہجے میں پوچھا۔

"عاصمہ میں نے سارے مذاہب کا مطالعہ کیا اور ان سب میں مجھے اسلام سب سے ٹھیک مذہب لگا۔ جب اس کو سچ سمجھ کر اسٹڈی کیا تو اس کی ہر بات اور ہر حکم میں مجھے کوئی نہ کوئی لاجک دکھائی دینے لگی۔ میں نے ہر اینگل سے اسے پرکھا، خدا کے تصور کا اچھی طرح تجزیہ کیا۔ جب اتنی سچائیوں کو پایا تو پھر اللہ سے دعا کی کہ اب وہ مجھے اپنے اور اپنے پیارے نبی ﷺ کے راستے پر لے آئے۔ عاصمہ، جب آپ اللہ کے راستے پر چلنے کا اپنے آپ سے وعدہ کرتے ہیں تو وہ خود بخود راستے کھولنا شروع کر دیتا ہے اور ان راستوں کو آسان بھی کر دیتا ہے۔ پھر کچھ بھی مشکل نہیں لگتا۔" آمنہ نے مسکرا کر بتایا۔

"کیا آپ کو کچھ بھی مشکل نہیں لگا؟" عاصمہ نے حیرت سے پوچھا۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

''ہاں شروع شروع میں جب صبح صبح گرم گرم بستر سے نماز کے لیے اٹھنا پڑتا تھا تو پرابلم ہوتی تھی لیکن جب یہ بات ذہن میں آتی کہ یہ اس کا حکم ہے جس کو پانے کے لیے میں نے کتنی جدوجہد کی ہے اب میں اس کو جان کر بھی اس کا حکم نہیں مانوں گی تو کتنی گناہ گار ہوں گی۔ میں فوراً بستر سے اٹھتی اور نماز پڑھتی تو مجھے یوں محسوس ہونے لگتا کہ اللہ میرے بہت قریب آ گیا ہے۔ بہت قریب اور بہت محبت سے مجھے دیکھ رہا ہے۔ قرب اور محبت کا ایسا احساس مجھے پہلے کبھی محسوس نہیں ہوا تھا۔ اس محبت اور قرب میں آہستہ آہستہ مجھے بہت لطف محسوس ہونے لگا اور میں باقی نمازوں کا شدت سے انتظار کرتی۔ اب میں نماز میں اتنا لطف محسوس کرتی ہوں کہ کیا بتاؤں۔ مجھے حیرت ہوتی ہے کہ اس گھر کے لوگ کس طرح اپنی نمازیں مس کر کے اتنی بڑی نعمت سے محروم ہیں مگر شاید انہیں اس قرب کا احساس ہے اور نہ ہی محبت کا۔'' آمنہ نے آہ بھر کر افسردہ لہجے میں کہا۔

''چاچی! آپ واقعی بہت اچھی اور سچی مسلمان ہیں۔ ہم سب بہت گناہ گار ہیں جو آپ کو نہیں سمجھے......'' عاصمہ نے سسکی بھر کر اس کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا۔

''ارے......ارے...... یہ کیا!'' اس نے محبت سے عاصمہ کو اپنے ساتھ لگایا اور اس کا ماتھا چومنے لگی۔ محبت کا یہ والہانہ انداز اسے متاثر کرنے لگا، اس کی اپنی ماں نے کبھی اسے اپنے ساتھ یوں لگا کر محبت سے پیار نہیں کیا تھا۔ بات نہیں کی تھی۔ آمنہ اسے بہت لاڈ سے اپنائیت سے چپ کرانے لگی۔

''تم رو کیوں رہی ہو؟'' آمنہ نے اس کے آنسو صاف کرتے ہوئے پوچھا۔

''شرمندگی سے۔'' عاصمہ نے گلوگیر آواز میں جواب دیا۔

''کیا مطلب......؟'' آمنہ نے حیرت سے پوچھا۔

''یہی کہ ہم کیسے مسلمان ہیں جنہوں نے کبھی ان باتوں پر ایسے نہیں سوچا جس طرح آپ سوچتی ہیں۔ ہمارے دلوں میں اللہ، اس کے رسول ﷺ اور دین کے لیے ویسی محبت کیوں نہیں جیسی آپ کے دل میں ہے۔ ہم کتنے کمزور انسان ہیں، مجھے بہت افسوس اور دکھ ہو رہا ہے۔'' عاصمہ نے آہ بھر کر کہا۔

''اس میں دکھ کی کوئی بات نہیں۔ تمہارے اندر شرمندگی کا احساس پیدا ہوا ہے۔ یہ اچھی بات ہے لیکن تم اپنی اس شرمندگی کو مٹا سکتی ہو۔ اگر تم آج سے ہی اس سچے راستے پر عمل کرنے کا ارادہ کر لو......'' آمنہ نے مسکرا کر کہا تو اس نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔

''عاصمہ......اسلام کا سب سے پازیٹو پوائنٹ جانتی ہو کیا ہے؟ جب انسان کے دل میں شرمندگی کا، ندامت کا، کوئی احساس پیدا ہوتا ہے اور وہ اللہ سے معافی مانگ کر اس کے راستے پر چلنے کا ارادہ کرتا ہے تو اسے معافی کے لیے کسی کے پاس جانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ وہ اسی وقت ڈائریکٹ اللہ کے سامنے جاتا ہے اور اسے فوراً معافی مل جاتی ہے۔ پھر اسے کوئی شرمندہ نہیں کرتا اس کا گناہ، اس کی معافی، اس کی شرمندگی، اس کی توبہ سب اس کے اور اس کے اللہ کے درمیان ایک راز بن کر رہ جاتے ہیں۔ تم بھی پازیٹو ہو کر سوچو......'' آمنہ نے گہری سانس لے کر مسکراتے ہوئے کہا تو عاصمہ نے پُرامید انداز میں اس کی طرف دیکھا اور مسکرا کر اپنی آنکھوں کو رگڑنے لگی۔

''تھینک یو چاچی......! اب میں چلتی ہوں، رات بہت ہو رہی ہے۔ کیا چاچو ابھی تک نہیں آئے؟'' عاصمہ نے اٹھتے ہوئے کہا۔

''وہ ایگزیبیشن کے سلسلے میں بہت مصروف ہیں۔ لیٹ آئیں گے۔ آمنہ نے مسکرا کر بتایا۔

''ٹھیک ہے، اب میں چلتی ہوں، اللہ حافظ......'' عاصمہ دھیمے سے مسکرا کر چلی گئی اور آمنہ کے چہرے پر بھی مسکراہٹ پھیلنے لگی۔ عاصمہ دبے قدموں چلتی ہوئی اپنے کمرے میں آ گئی اور رات بھر آمنہ چاچی کی باتوں پر سوچتی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

''لواب تمہیں بھی نمازی بننے کا خبط ہونے لگا ہے۔'' وہ خفگی سے بڑبڑائی۔

''عاصمہ نماز پڑھ رہی ہے۔ میں پڑھنے جارہی ہوں۔ آپ بھی وضو کر کے نماز پڑھ لیں تو اچھا ہے۔'' شبینہ نے تولیے سے اپنا چہرہ پونچھتے ہوئے کہا تو شبنم نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔

''لو...... جی...... اب سارے گھر میں اسلام پھیلنے لگا ہے۔ واہ جی کیا کہنے......'' شبنم نے منہ بنا کر کہا۔

''چاچی! چراغ سے ہی چراغ چلتا ہے۔'' شبینہ نے مسکرا کر کہا۔

''سب جانتی ہوں۔ کیا ہورہا ہے اس گھر میں اور کیا ہونے والا ہے۔'' شبنم نے خفگی سے کہا۔

''چاچی صبح صبح اچھا...... اچھا...... سوچیں...... آپ بھی نماز پڑھ کر اللہ سے توبہ کرلیں اور سارے وہم دل و دماغ سے نکال دیں۔'' شبینہ کہہ کر چلی گئی اور وہ منہ بسورتے ہوئے بڑبڑانے لگی۔ واش بیسن کے قریب آئی تو پانی کھول کر چیک کیا۔

''اُف اتنا ٹھنڈا پانی...... نہ بابا مجھے تو ٹھنڈے پانی سے ویسے بھی زکام ہو جاتا ہے جو پھر ٹھیک ہی نہیں ہوتا۔ جاؤ تم پڑھتی پھرو نمازیں اور بخشواؤ اپنے اپنے گناہ......'' وہ بڑبڑاتی ہوئی اپنے کمرے میں چلی گئی اور جا کر گہری نیند سوگئی۔

عاصمہ نے آمنہ چاچی کی باتوں کو سوچتے ہوئے نماز ادا کی تو اسے یوں محسوس ہونے لگا جیسے اس کی نماز میں خود بخود خشوع و خضوع پیدا ہو گیا ہو۔ اس کے اندر بھی قرب اور محبت کا وہی احساس پیدا ہونے لگا جو چاچی نے اسے بتایا تھا۔ اسے بھی نماز پڑھنے میں لطف محسوس ہونے لگا اور محبت کے اس احساس سے اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے۔ وہ اس قدر شدت سے رونے لگی کہ اس کی ہچکیاں بندھ گئیں۔ وہ آنکھیں بند کر کے چہرے پر دونوں ہاتھ رکھ کر رو رہی تھی اور اسے محسوس ہو رہا تھا کہ وہ رفتہ رفتہ اللہ کے بہت قریب ہو رہی ہے۔ وہ کتنی دیر جائے نماز پر یونہی بیٹھی رہی اور اسے بے انتہا سکون ملنے لگا۔ اس کے اندر جو کئی روز سے بے چینی پھیلی ہوئی تھی۔ وہ آہستہ آہستہ کم ہونے لگی۔ شاید آنسوؤں کی صورت میں دل کا غبار قدرے کم ہو چکا تھا۔

صبح وہ کالج جانے کے لیے تیار ہونے لگی تو بہت اہتمام سے اس نے چادر کو اچھی طرح سر پر اور جسم پر لپیٹا۔ آج چادر لیتے ہوئے اسے عجیب سی خوشی محسوس ہو رہی تھی۔ وہ خوشی جسم اور سر کو ڈھانپنے سے نہیں بلکہ اس بات سے ہو رہی تھی کہ وہ اپنے رب کا ایک حکم دل سے ماننے جا رہی تھی اور اطاعت کے اس احساس نے اس کے دل کو خوشی اور سکون سے بھر دیا۔ اب اسے محسوس ہونے لگا کہ آمنہ چاچی سچی اور پکی مسلمان کیوں ہیں! یقیناً وہ بھی ایسا ہی احساس اپنے اندر محسوس کرتی ہوں گی اور فرمانبرداری کا یہ احساس اتنا پُر کیف اور خوش کُن ہوتا ہے کہ انسان کو خود بخود اللہ کی فرمانبرداری کے راستے پر ڈال دیتا ہے۔

وہ چادر لے کر باہر نکلی تو ماں نے صحن کے ایک کونے میں واشنگ مشین لگا رکھی تھی اور وہ کپڑے دھونے میں مصروف تھی۔ اس نے عاصمہ کی طرف بغور دیکھا اور ایک گہری سانس لی۔

''شبینہ جلدی باہر آؤ، کالج سے دیر ہو رہی ہے۔'' عاصمہ نے قدرے بلند آواز میں شبینہ کو پکارا۔

''آرہی ہوں۔'' شبینہ نے اپنے کمرے سے آواز دی۔

آمنہ کچن سے باہر نکلی تو عاصمہ کو یوں چادر لپیٹے دیکھ کر مسکرائی۔

''کتنی اچھی لگ رہی ہو۔'' آمنہ نے مسکرا کر اس کے قریب آتے ہوئے کہا تو اسی لمحے شبینہ بھی سر پر حجاب اچھی طرح لپیٹے باہر نکلی۔

''واؤ گڈ......'' آمنہ نے انتہائی خوش ہو کر کہا اور دونوں کی پیشانیوں کو محبت سے چوما۔ شبنم دور کھڑی منہ



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
Reading Section

Click on http://www.paksociety.com for more



بنانے لگی۔
''کٹنی...... اب ہمارے بچوں کو بھی ہم سے دور کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ اب تو اس کا کچھ کرنا ہی پڑے گا۔'' شبنم نے خفگی سے دل میں سوچا اور پھر کپڑے دھونے میں مصروف ہوگئی۔

☆☆☆

عبدالرحمٰن کی کیلی گرافی ایگزی بیشن بہت کامیاب رہی تھی۔ آمنہ مکمل حجاب میں آرٹ اسکول جاتی تھی اور اسٹوڈنٹس کے ساتھ مل کر اس نے بہت محنت کی۔ وہ اسٹوڈنٹس کے ساتھ آیات کا بیک گراؤنڈ ڈسکس کرتی، خاص طور پر عبداللہ کے ساتھ جو عبدالرحمٰن کا رائٹ ہینڈ تھا اور جس نے آرٹ اسکول کو اسٹیبلش کرنے میں بہت مدد کی تھی۔ عبداللہ بہت زیادہ ٹیلنٹڈ تھا اور آمنہ بھی کسی سے کم نہیں تھی۔ وہ آئندہ کا سوچنے میں زیادہ دیر نہ لگاتی اور جلدی سے اسکیچنگ کر کے انہیں دکھاتی۔ سب بہت حیران ہوتے اور اس کی بہت زیادہ تعریفیں کرتے۔ عبداللہ، عبدالرحمٰن کی قسمت پر رشک کرتا کہ خدا نے انتہائی قابلِ قدر اور انمول نگینہ آمنہ کی صورت میں اسے عطا کیا تھا اور عبدالرحمٰن، آمنہ کی اتنی تعریفیں سن کر خوشی سے پھولا نہیں سماتا۔ نیک عورت دنیا میں مرد کے لیے کتنا بڑا تحفہ ہوتی ہے۔ اسے اب اندازہ ہو رہا تھا۔ اس کی بھابیاں جس ٹائپ کی عورتیں تھیں ان میں آمنہ کا وجود واقعی قدرت کا انعام تھا۔

عبدالرحمٰن اور اس کی ساری ٹیم نے دو ماہ کی انتہائی محنت کے بعد آرٹ ایگزی بیشن کا اہتمام کیا تھا جس کا سارے شہر میں خوب چرچا ہوا۔ میڈیا تک بھی یہ خبر پہنچی تو نیوز چینلو کے نمائندے ان کے انٹرویو کے لیے آئے۔ عبدالرحمٰن نے خوشی خوشی آمنہ کو بھی بولنے کی اجازت دی۔ اس نے نقاب میں ہی انٹرویو دیا۔ نیوز چینلو نے سب لوگوں سے زیادہ آمنہ کو کوریج دی اور خاص طور پر جب انہیں یہ معلوم ہوا کہ وہ ایک نو مسلم خاتون ہے اور اسلام قبول کر کے پاکستان آئی ہے تو تصویر کا رخ ہی بدل گیا۔ وہ آرٹ ایگزی بیشن کے علاوہ اس کی پرسنل لائف کو زیادہ ڈسکس کرنے لگے۔ نیوز میں بار بار اس کا انٹرویو دکھایا جانے لگا۔ سارے محلے میں خوب شہرت ہونے لگی۔ ہر طرف جمیلہ کی بہو کے چرچے ہونے لگے۔ کئی ایک عورتیں تو گھر آئیں اور جمیلہ کو مرچ مسالے کے ساتھ مبارک باد دینے لگیں۔ جمیلہ کو سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ وہ ان باتوں پر خوش ہو یا رنجیدہ...... ہاجرہ اور شبنم کو باتیں بنانے کا موقع مل گیا۔

''امّے اماں ویسے تو تیری بہو بڑی باپردہ بنی پھرتی ہے اب دیکھو کیسے ٹی وی پر گھر گھر میں اس کی شہرت ہو رہی ہے۔ بھلا آج تک ہمارے گھر کی بہو، بیٹیاں یوں اسکرینوں پر آئی ہیں؟ جتنے لوگوں نے اسے دیکھا ہوگا سب یہی کہہ رہے ہوں گے یہ جمیلہ اور شریف الدین کی بہو ہے۔ اوپر سے نئی بات کہ بی بی رانی نے نیا نیا اسلام کا کلمہ پڑھا ہے۔ بھیا خوب نام اور عزت کما رہی ہے تمہاری بہو۔ پورا محلہ چسکے لے رہا ہے۔ اس کا مکھڑا دیکھنے کو بے تاب ہو رہے ہیں لوگ بیچارے۔'' ہاجرہ نے خوب مسالا لگا کر ساس پر طنز کرتے ہوئے کہا جو کچن میں بیٹھی ساگ بنا رہی تھیں۔ شبنم بہانے سے برتن دھونے آئی تھی کہ ہاجرہ بھی پیچھے آگئی اور جمیلہ کے کان بھرنے لگی۔ جمیلہ بھی لوگوں کے منہ سے بھانت بھانت کی باتیں سن کر پہلے ہی بھری بیٹھی تھیں۔

''ہاں مجھے خود بھی یہ سب اچھا نہیں لگ رہا۔ عبدالرحمٰن آتا ہے تو اس سے بات کرتی ہوں۔'' جمیلہ نے ناگواری سے کہا تو دونوں نے چونک کر ایک دوسرے کو دیکھا اور آنکھوں ہی آنکھوں میں ایک دوسرے کو دیکھ کر مسکرانے لگیں۔ ان کا تیر عین نشانے پر لگا تھا۔ شبنم بھی برتن وہیں چھوڑ کر ان کے پاس آگئی۔

''ہاں اماں بڑی سبکی ہو رہی ہے۔ پہلے ہر کسی کو کیا خبر تھی کہ عبدالرحمٰن کسی کافرہ کو مسلمان بنا کر لایا ہے پر اب تو



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1  PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

ہر طرف یہی باتیں ہو رہی ہیں کہ بھیا ان کو خاندان میں سے کسی نے لڑکی نہ دی۔ اماں جو بھی ہے تم بہوا پنے خاندان سے لاتیں تو آج یہ دن دیکھنا نہ پڑتا۔'' شبنم نے منہ بنا کر کہا تو اسی لمحے آمنہ جوڑے میں برتن لیے کچن کی طرف آرہی تھی، ان کی باتیں سن کر ٹھٹکی اور اس کی آنکھوں میں نمی سی تیرنے لگی۔

''اماں، اب بھی سوچ لو کچھ نہیں بگڑا۔ بھلا گوری چمڑی میں کہاں... وفا ہوتی ہے۔ یہ آج ایک مرد کے ساتھ تو کل دوسرے کے ساتھ...... یہ تو ہمارے ہاں کی عورتیں ہوتی ہیں جو مر کر ہی شوہر کی دہلیز چھوڑتی ہیں۔'' ہاجرہ نے منہ بنا کر کہا تو آمنہ نے افسوس بھری نگاہوں سے کچن کی طرف دیکھا اور اس کی آنکھوں میں آنسو جمع ہونے لگے۔

عاصمہ کسی کام سے اپنے کمرے سے باہر نکلی تو آمنہ کو کھڑے دیکھ کر اس کے قریب آئی۔ وہ چاچی کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کر چونکی۔

''چاچی آپ رو رہی ہیں؟'' عاصمہ نے حیرت سے پوچھا تو اسی لمحے شبنم کی تیز آواز اس کے کانوں سے ٹکرائی۔

''اماں میں تو کہتی ہوں اب بھی وقت ہے، سوچ سمجھ کر فیصلہ کرلو۔ یہ موقع اچھا ہے، اسی کو بنیاد بنا کر عبدالرحمٰن سے کہو کہ آمنہ کو فارغ کرے۔ یہ جائے اپنے ملک اور تم عبدالرحمٰن کے لیے خاندان سے لڑکی لے آؤ۔ کیوں اس کا مستقبل خراب کرنے پر تلی ہوئی ہو۔'' شبنم نے رائے دی تو جمیلہ نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔ آمنہ نے سسکی بھری اور اپنے کمرے کی طرف واپس جانے لگی۔ عاصمہ کو ماں کی باتیں سن کر انتہائی غصہ آیا تھا۔

''چاچی آپ کو ڈٹ کر ان کا مقابلہ کرنا چاہیے۔ رونے سے کام نہیں چلے گا۔ چلیں میرے ساتھ۔'' عاصمہ نے ٹرے اس کے ہاتھ سے پکڑی اور اس کا ہاتھ پکڑ کر زبردستی اسے اپنے ساتھ کچن میں لے گئی۔ تینوں ایک دم بوکھلا گئیں۔

''امی یہ آپ چاچی کے بارے میں کیا فضول باتیں کر رہی ہیں۔ تائی اماں آپ بڑی ہو کر انہیں سمجھانے کے بجائے ان کی ہاں میں ہاں ملا رہی ہیں اور دادی آپ بھی ان کی باتیں سن رہی ہیں۔'' عاصمہ نے غصے سے کہا۔

''عاصمہ بکواس بند کرو۔ تمہیں بڑوں کی باتوں میں دخل دینے کی ضرورت نہیں۔'' شبنم نے غصے سے آنکھیں نکالتے ہوئے کہا۔

''بڑے باتیں بھی تو ڈھنگ کی کریں ناں...... کیا قصور ہے چاچی کا جو آپ سب ان کے پیچھے پڑ گئی ہیں۔ ان کا جینا حرام کر رہی ہیں۔ کیا قیامت آگئی ہے جو وہ ٹی وی پر آگئیں اور وہ بھی نقاب میں باپردہ ہو کر...... تائی اماں کیا آپ کو فریحہ آپا دکھائی نہیں دیتیں جو ننگے سر اور آدھے کپڑوں کے ساتھ کالج میں لڑکوں کے ساتھ پڑھنے جاتی ہیں۔ تب آپ کو کیوں برا نہیں لگتا۔'' عاصمہ نے غصے سے کہا تو ہاجرہ بری طرح تلملانے لگی۔

''ارے تو بالشت بھر کی لڑکی مجھ سے منہ ماری کرنے لگی ہے۔ ارے مجھ، اپنی تائی کو ذلیل کر رہی ہے؟ ارے لوگو دیکھو یہ دن بھی مجھے دیکھنا تھا۔ ہماری اولادیں ہم پر ہی ڈنڈے برسانے لگی ہیں۔ دہائی ہے دہائی......'' ہاجرہ نے چیختے ہوئے دونوں ہاتھ بلند کر کے اپنا سر پیٹنا شروع کر دیا۔ شبینہ اور فریحہ بھی بھاگتی ہوئی کمرے سے آگئیں...... فریحہ نے اس وقت سلیولیس شرٹ پہن رکھی تھی۔

''سن مردود، تیری وجہ سے مجھے طعنے سننے کو مل رہے ہیں۔ بوڑھی ماں کو بے عزت کروا رہی ہے۔'' ہاجرہ نے جان بوجھ کر فریحہ کو پیٹنا شروع کر دیا اور اس کے ننگے بازوؤں کو اپنے ناخنوں سے کھرچ کر زخمی کر دیا۔ وہ بلند آواز سے رونے چلانے لگی۔ آمنہ اور عاصمہ یہ منظر دیکھ کر پریشان ہو گئیں...... سب فریحہ کو چھڑانے لگیں۔

''امی یہ آپ کیا کر رہی ہیں؟'' شبینہ نے غصے سے ماں کو پرے دھکیل کر فریحہ کے بازوؤں کو چھڑایا۔ فریحہ



Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

روتی پیٹتی ہوئی اپنے کمرے میں چلی گئی۔
''کمبخت نامراد تیری وجہ سے فریحہ بیچاری کو مار پڑی ہے۔'' شبنم نے دانت کچکچا کر عاصمہ کو زور سے تھپڑ لگایا تو وہ ہکا بکا ماں کو دیکھنے لگی۔
''اے شبنم اس بیچاری کو کیوں کوس رہی ہے۔ اس تماش بین کو بول جو سارے فساد کی جڑ ہے۔ ارے آج تک ہمارے گھر سے کسی نے اونچی آواز نہیں سنی اور آج اس کی وجہ سے سارا محلہ لٹک لٹک کر ہمارا تماشا دیکھ رہا ہے۔'' ہاجرہ، آمنہ کو گھورتی ہوئی جان بوجھ کر صحن میں جا کر دہائی دینے لگی اور لوگ اس کے رونے چلانے کی آوازیں سن کر اپنی دیواروں سے انہیں دیکھنے لگے۔ آمنہ سسکیاں بھرنے لگی۔
''آمنہ چاچی، چلیں آپ اپنے کمرے میں۔'' عاصمہ اس کا بازو پکڑ کر اسے اس کے کمرے میں لے گئی۔
''ہاجرہ اب بس بھی کردے۔ کیوں سارے زمانے کو اپنا تماشا دکھا رہی ہے۔'' جمیلہ نے اس کے قریب آکر غصے سے اس کا بازو پکڑ کر اس کے کمرے کی طرف رخ کیا۔
''ہاں...... ہاں سب مجھے ہی کوسنا...... اس کٹنی کو کچھ نہ کہنا جس نے یہ ساری آگ لگائی ہے۔'' وہ بلند آواز سے چلا رہی تھی کہ عبدالرحمٰن، عبدالوہاب اور عبدالرب گھر میں داخل ہوئے۔ گھر کا منظر دیکھ کر تینوں پریشان ہوگئے۔ ہاجرہ ابھی تک بلند آواز سے لعن طعن کر رہی تھی۔ شبنم اسے چپ کرا رہی تھی۔
''یہ سب کیا ہورہا ہے؟'' عبدالوہاب نے خفگی سے پوچھا۔
''بات اتنی نہیں تھی جتنی کہ بڑھ گئی۔'' جمیلہ نے اسے ساری بات سنائی تو عبدالرحمٰن کو شدید افسوس ہوا۔
''مجھے سمجھ میں نہیں آرہا کہ آمنہ نے کیا غیر شرعی حرکت کی؟ اس نے تو نقاب میں انٹرویو دیا تھا اور وہ بھی میری اجازت سے اور انٹرویو میں بھی کوئی خاص بات نہیں تھی پھر کس بات کو اتنا بڑا ایشو بنایا گیا؟'' عبدالرحمٰن نے دونوں بھابیوں کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تو ان کے پاس کچھ کہنے کو نہیں تھا۔ دونوں کھسیا کر منہ بنانے لگیں۔
''ہاں بولو، بتاؤ، کس بات پر تم لوگوں کو اعتراض ہے؟ اور ہاجرہ تم نے جان بوجھ کر گھر کو اکھاڑا کیوں بنایا۔ یہ ساری آگ تم نے ہی لگائی ہے۔ تم سے بھی وہ معصوم برداشت نہیں ہورہی؟'' عبدالوہاب نے غصے سے بیوی کو جھنجوڑتے ہوئے کہا تو اس نے پھر واویلا مچانا شروع کردیا۔
''بھائی جان، یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟'' عبدالرحمٰن نے اسے روکا۔
''پہلے بھائی کو بھڑکالیا اور اب اسے کیوں روک رہے ہو...... سب سے بڑے فسادی تو تم خود ہو۔ جو اس کٹنی کو بیاہ کر گھر لے آئے۔ جب سے وہ آئی ہے اس گھر کا سکون برباد ہوگیا ہے۔'' ہاجرہ، عبدالرحمٰن پر چلاتے ہوئے بولی۔
''افوہ، اس بیچاری کا کیا قصور ہے۔ یہ تم دونوں کا حسد اور جلن ہے کہ اسے برداشت نہیں کر پا رہیں۔ فساد کی جڑ تو تم دونوں ہو۔'' اب کی بار عبدالرب نے اپنی بیوی اور بھابی کو ڈانٹتے ہوئے کہا تو شبنم کو طیش آگیا۔
''ہاں...... ہاں تم تو اس بیچاری کے فیور میں ہی بولو گے۔ کیونکہ اس کی گوری چمڑی پر تم بھی تو عاشق ہوئے بیٹھے ہو۔'' شبنم طنز کرتے ہوئے بولی۔
''کیا......؟'' عبدالرحمٰن چلاتے ہوئے بھائی کو دیکھنے لگا۔
''بکواس بند کرو، ذلیل گھٹیا، عورت......'' عبدالرب نے زور سے شبنم کو تھپڑ لگاتے ہوئے کہا۔
''ہاں، ہاں مجھے ہی مارو...... تمہارا بھانڈا جو پھوڑ رہی ہوں۔ دے دو مجھے طلاق اور کرلو اس کٹنی سے شادی۔'' شبنم پھر چلائی۔


READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

مایا نے چونک کر سپاٹ نگاہوں سے ان کی طرف دیکھا تھا۔ البتہ اس کی آنکھوں میں تعجب ضرور تھا۔ انہیں بھی اس کے سرد ردِعمل کا اندازہ تھا۔ اسی لیے بات کو خود ہی آگے بڑھایا تھا۔

''وہ تمہیں اپنے پاس لندن بلوانا چاہتی ہے۔ تمہیں یاد ہے ناں...... اس نے تم سے وعدہ کیا تھا۔''

''اور اتنے سالوں بعد انہیں اپنے وعدے کی پاسداری کا خیال آیا ہے؟'' مایا کے لہجے میں طنز نہیں تھا۔ شکایت بھی نہیں تھی البتہ لہجے میں بے پروائی ضرور تھی۔ جیسے اب اسے کسی چیز سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ حسام حسن خاموشی سے اس کی طرف دیکھ رہے تھے۔

''اس وقت تمہارے لیے یہی مناسب تھا مایا...... کیا میں نے اپنی پرورش اور محبت میں کوئی کمی رکھی؟'' وہ سوالیہ نگاہوں سے اس کی طرف دیکھ رہے تھے۔

''نہیں بابا...... آپ نے کہیں کوئی کمی نہیں رکھی۔ اسی لیے میری زندگی میں کسی اور محبت کی ضرورت نہیں ہے...... اور پھر اب میں وہاں جا کر کیا کروں گی...... میری وجہ سے خواہ مخواہ ان کی پرسنل فیملی لائف ڈسٹرب ہوگی۔ آپ انہیں منع کر دیں بابا...... میں وہاں نہیں جانا چاہتی...... میں آپ کے پاس ہی خوش ہوں۔'' وہ ناشتا ادھورا چھوڑ کے اٹھنا چاہتی تھی۔ تب حسام حسن نے برجستہ کہا۔

''تو پھر تمہیں کہیں اور جانا پڑے گا مایا...... کیونکہ اب میں تمہیں اس گھر میں زیادہ دن نہیں رکھ سکتا۔''

اور مایا شاکڈ کھڑی بابا کے پُرسکون چہرے کو دیکھ رہی تھی۔ اور تب اسے ہونقوں کی طرح سراسیمہ دیکھ کر حسام حسن کو اس پر ترس آگیا۔ وہ شگفتگی سے مسکرانے لگے۔

''ارے بھئی...... میں نے ساری زندگی تمہیں اس گھر میں بٹھا کر تھوڑی رکھنا ہے۔ تمہاری اسٹڈیز کمپلیٹ ہو رہی ہیں، میں تمہاری شادی کے بارے میں سوچ رہا ہوں اور ایک بہت اچھا پروپوزل بھی تمہارے لیے آیا ہوا ہے۔'' اس بار واپس چیئر پر...... بیٹھتے ہوئے مایا نے شکایتی نگاہوں سے ان کی طرف دیکھا تھا۔

''آپ مجھے بوجھ سمجھنے لگے ہیں بابا؟'' مایا کی آنکھوں میں افسردگی بھرا شکوہ تھا۔

''بوجھ نہیں بیٹا...... ذمّے داری......! تم میری ذمّے داری ہو بیٹا...... اور بیٹیوں کی ذمّے داری سے جتنی جلدی ہو سکے فارغ ہو جانا بہتر ہوتا ہے۔ تم چاہو تو لڑکے سے مل سکتی ہو...... مجھے تو وہ لڑکا اور اس کی فیملی بہت پسند آئے ہیں مگر تمہاری رضا مندی پہلے ضروری ہے پھر میں کوئی فیصلہ کروں گا۔''

''آپ میری مرضی کے بغیر ایسا کیسے کر سکتے ہیں بابا؟''

''پلیز مایا...... اب یہ مت کہنا کہ تم شادی کرنا نہیں چاہتی ہو...... بھئی میرے نزدیک اس دنیا میں خود کشی کرنے والے اور شادی نہ کرنے والے دونوں ہی بزدل اور ابنارمل ہوتے ہیں اور میں جانتا ہوں میری بیٹی بہت بہادر ہے۔''

حسام حسن نے محبت اور مان سے اس کے سر پر اپنا ہاتھ رکھا تھا اور وہ سوچ رہی تھی کہ وہ محبت کرے نہ کرے مگر شادی تو اسے کرنا ہی پڑے گی۔ وہ بابا کا دل نہیں توڑ سکتی تھی پھر کیا فرق پڑتا ہے کہ وہ کون ہے، کیا کرتا ہے، پاپا کے پاس ہزار دلائل ہوتے اسے قائل کرنے کے لیے...... مگر انہیں اس سے بحث کرنے کی ضرورت نہیں پڑی تھی۔ اس کی خاموشی نے انہیں فیصلہ کرنے کا اختیار دے دیا تھا۔ حد یہ ہے کہ مایا نے ان سے لڑکے کے بارے میں کچھ نہیں پوچھا تھا۔ نہ تصویر دیکھنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ ذویا اور زین کو تو یقین ہی نہیں آ رہا تھا کہ مایا اتنی آسانی سے شادی کے لیے مان جائے گی۔ دوسرے زین نے عالیان کی سچائی بتا کر ذویا کو اس بارے میں مایا سے کوئی بھی بات کرنے سے سختی سے منع کر دیا تھا۔ لہٰذا ذویا نے بھی خوشی کے اظہار کے سوا کوئی سوال جواب نہیں کیے تھے۔ اور یہ یقین حقیقت میں جلد ہی بدل گیا۔ جب چٹ منگنی اور پٹ بیاہ کے مصداق مایا بیاہ کر ان دونوں کی شادی سے پہلے سسرال سدھار گئی۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



ذویا اور زین سے زیادہ آج حشام حسن خوش تھے۔ انہوں نے بہت بڑی ذمے داری ادا کر دی تھی۔ اور پھر سب نے مایا کی دائمی خوشیوں کی دعا کے ساتھ اسے رخصت کیا تھا۔

☆☆☆

وہ کافی دیر سے فریش پھولوں سے ڈیکوریٹ کیے گئے ماسٹر بیڈروم کے لگژری بیڈ پر بیڈ کراؤن کے ساتھ رکھے گاؤ تکیے سے ٹیک لگائے ایزی ہو کر بیٹھی تھی اور اس شخص کی آمد کی منتظر تھی جسے بابا نے اس کے لیے زندگی بھر کا ساتھی چنا تھا۔ مگر آنے والے کا اب تک کوئی اتا پتا نہیں تھا۔ وہ تھکنے لگی تھی جب بائیں جانب سے کسی کے گمبھیر اور مانوس لہجے نے مایا کو چونک کر اسی جانب دیکھنے پر مجبور کر دیا۔

''محبت ایک سمت میں سفر کرنے کا نام ہے، ایک جگہ ٹھہر جانا، ایک جگہ پڑاؤ ڈال لینا۔ صرف ایک کو دیکھنا، صرف ایک ہی کو سوچنا...... محبت صرف واحد اور یکتا ہی ہوتی ہے۔ محبت کبھی اپنی سمت نہیں بدلتی۔ اگر محبت ہو تو...... اگر محبت کی سمت بدل جائے تو پھر وہ محبت نہیں ہوتی۔ اور میں محبت میں سمت بدلنے والوں میں سے نہیں ہوں مایا......'' یہ الفاظ اور یہ سوچ مایا کو حیرانی ہوئی تھی۔ بھلا کوئی دوسرا شخص مایا کی طرح ہی محبت کے بارے میں سوچ سکتا تھا۔ مایا حیرت و تعجب سے عالیان کی طرف دیکھ رہی تھی جو بیڈ کی بائیں جانب کھڑا مسکرا رہا تھا۔

نکاح کے وقت وہ اپنی سوچوں میں اس حد تک مگن تھی کہ اسے عالیان کے نام تک کی گردان کا احساس بھی نہیں ہوا۔ مگر محبت کے بارے میں جس سوچ کو لفظوں کا اظہار عالیان نے دیا تھا وہ تو اس کی اپنی سوچ تھی۔ پھر عالیان نے کیسے اس کی سوچوں تک رسائی پائی تھی۔ وہ حیرت و تعجب کی کیفیت میں گھری اسی کی طرف دیکھے جا رہی تھی۔

''تو کیا عالیان کی محبت میں اتنی طاقت اور صداقت تھی کہ اس نے اسے پا کر اپنا آپ منوا لیا تھا؟''

مایا نے دل میں سوچا تھا۔ جبکہ عالیان نے اس کی ذہنی کیفیت کو سمجھتے ہوئے بیڈ پر اس کے سامنے بیٹھ کر اس کے نازک ہاتھ کی مخروطی انگلیوں کو تھام لیا تھا۔

''زین نے مجھے تمہارے بارے میں سب کچھ بتا دیا ہے۔ میرا یقین کرو مایا...... میں اس کے بعد سے تمہیں پہلے سے زیادہ چاہنے لگا ہوں۔'' مایا جو عالیان کے پہلے جملے پر ساکت ہوئی تھی اگلے جملے پر سپاٹ تاثر کے ساتھ اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگی۔ جہاں ہمیشہ کی طرح آج بھی صرف محبت نظر آ رہی تھی اور اس محبت میں مایا کے وجود کا ہی عکس تھا۔

''تم چاہے میری بات کا یقین مت کرو...... مگر مجھے یقین ہے۔ ایک دن ایسا ضرور آئے گا، جب میں محبت سے بنے اپنے اور تمہارے اس رشتے کو اتنا مضبوط بنا دوں گا اور محبت میں بنے رشتوں پر تمہارا اعتماد بحال کرنے میں ضرور کامیاب ہو جاؤں گا۔'' مایا کی آنکھوں میں سے سپاٹ تاثر غائب ہوا تھا۔ اس کی جگہ بے پروائی نے لے لی تھی۔ وہ کسی خوش فہمی میں مبتلا ہونا نہیں چاہتی تھی مگر عالیان اس کا ہاتھ تھامے جانے محبت کی کن خوش نما وادیوں کی سیر کروا رہا تھا۔ وہ تو بس خاموشی سے سامنے بیٹھے شخص کے چہرے پر یقین کی روشنی کو دیکھے جا رہی تھی۔

نورِ دیارِ دل اصل میں محبت ہی ہے، محبت دل کا نور ہے اور اب یہ وقت ہی بتا تا کہ عالیان اپنے اس یقین کو کس طرح ثابت کرتا ہے۔

☆☆☆

حشام حسن نے فون کر کے مائرہ کو مایا کے لندن جانے کے سلسلے میں صاف انکار کے بارے میں بتا دیا تھا۔ اور تب مائرہ نے مایا کی شادی میں پاکستان آ کر اسے ڈھیروں دعاؤں کی چھاؤں میں اور ڈھیروں تحائف کے ساتھ عالیان کی ہمراہی میں رخصت کیا تھا۔ اس یقین اور امید کے ساتھ کہ ایک دن مایا کا اپنے ان کھوئے ہوئے رشتوں پر اعتماد بھی بحال ہو جائے گا۔



For More Visit Paksociety.com
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

ماں کے ساتھ بیٹھ گئی تھی۔ اس کی ہر چیز سے سلیقہ اور تمیز جھلکتی تھی۔ جس کا اندازہ دیکھنے والوں کو بہ خوبی ہو جاتا تھا۔ عقیلہ حقِ میزبانی بخوبی ادا کر رہی تھیں۔

وہ اب کمرے سے جا چکی تھی جبکہ عقیلہ، ثریا بیگم کے تاثرات میں الجھ گئی تھیں۔ کچھ دیر بعد عقیلہ ان سے اجازت لے کر کسی کام سے ڈرائنگ روم سے باہر آئیں۔ جبھی انہوں نے اپنے پیچھے زہر میں ڈوبی ثریا بیگم کی تلخ آواز سنی۔

''میرے پڑھے لکھے، برسرِ روزگار اور خوب صورت بیٹے کے لیے ایسا رشتہ دیکھا ہے آپ نے؟'' ان کے باہر جاتے ہی ثریا بیگم رشتے کروانے والی روبینہ آنٹی پر برس پڑیں۔

''ثریا بہن میری بات سنیں۔ آپ نے جس طرح کے لوگ اور لڑکی کا کہا تھا ماشاء اللہ یہ ویسے ہی ہیں۔ چھوٹا سا گھرانا، دو بہن بھائی، پڑھے لکھے، صاف ستھرے، شریف لوگ...... آپ نے عقیلہ بہن اور ان کی بیٹی کے طور طریقے تو جانچے ہی ہوں گے۔ شائستگی، تمیز اور خاندانی رکھ رکھاؤ ہے۔ میں ان لوگوں کو کافی عرصے سے جانتی ہوں۔ اس دن جب آپ نے اپنے چھوٹے بیٹے کے لیے اچھے اور شریف لوگوں میں رشتہ دیکھنے کو کہا تو میرے ذہن میں فوراً انہی لوگوں کا خیال آیا تھا۔'' روبینہ آنٹی نے وضاحت سے ثریا بیگم کو بتایا تو وہ تپ گئیں۔

''میں نے اپنے بیٹے کے لیے بلاشبہ اچھے اور شریف لوگوں میں ہی رشتہ کروانے کے لیے کہا تھا مگر یہ نہیں کہا تھا کہ لڑکی اپاہج ہو۔ آپ میرے بیٹے کے لیے اس معذور لڑکی کا رشتہ دیکھنے لائی ہیں۔ جو لڑکی خود ٹھیک سے چل نہیں سکتی۔ اپنا بوجھ نہیں اٹھا سکتی وہ ایک گھر کو کیسے سنبھال سکتی ہے۔ بقول اس کی ماں کے یہ کبھی کبھی اسٹک بھی استعمال کرتی ہے تو ایسی لڑکی جو اپنے چلنے کے لیے اسٹک کی محتاج ہو وہ زندگی کی دوڑ میں کیسے حصہ لے سکتی ہے؟ میرے بیٹے کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر کیا چل سکے گی؟ حد کرتی ہیں آپ بھی۔'' ثریا بیگم نے سارا لحاظ بالائے طاق رکھتے ہوئے کہا۔ ادھ کھلے دروازے کے پیچھے موجود اس کی بڑی، بڑی آنکھوں میں نمی سی پھیل گئی اور وہ مزید کچھ سنے وہاں سے چلی گئی۔

''معذور اور اپاہج!'' روبینہ آنٹی نے شاکڈ لہجے میں دُہرایا۔ ''بہت افسوس ہے ثریا بیگم مجھے آپ سے ایسے رویّے اور سوچ کی امید نہیں تھی۔ یہ بچی نہ تو معذور ہے اور نہ اپاہج...... ہاں بچپن میں ہونے والے حادثے کی وجہ سے اس بچی کی ایک ٹانگ میں معمولی سا نقص ضرور ہے۔ جس کی وجہ سے یہ تھوڑا سا لنگڑا کر چلتی ہے مگر یہ بہت معمولی سا لنگ ہے۔ یہ بچی پڑھی لکھی، باشعور ہے اور مقامی کالج میں پڑھاتی ہے۔ اپنا اور گھر والوں کا بوجھ بھی اٹھاتی ہے اور دوسری بچیوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ بھی کر رہی ہے۔ شکل، صورت اور اخلاق میں بھی یہ کسی سے کم نہیں ہے۔ مجھے آپ کی کوتاہ بینی پر شدید افسوس ہو رہا ہے بلکہ اس کا یہ نقص تو اتنا واضح بھی نہیں ہے مگر آپ کو صرف یہی نظر آیا۔''

روبینہ آنٹی نے سنجیدگی سے کہا تو ثریا بیگم ناگواری سے منہ بنا کر رہ گئیں جبکہ ساتھ بیٹھی ہوئی ان کی بیٹی جو میٹرک کی طالبہ تھی خاموشی سے ان دونوں کی گفتگو سن رہی تھی مگر اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ دونوں میں سے کون ٹھیک ہے؟ اسی وقت عقیلہ بیگم کمرے میں دوبارہ داخل ہوئیں تو انہیں دیکھتے ہی ثریا بیگم اٹھ کھڑی ہوئیں اور جانے کی اجازت چاہی۔

اس سے پہلے عقیلہ بیگم کچھ کہتیں وہ اپنی بیٹی کا ہاتھ تھامے کمرے سے باہر نکل گئیں۔ ان کی بداخلاقی پر روبینہ آنٹی آہستہ سے معذرت کرتی دکھی دل کے ساتھ باہر نکل گئیں۔

''ثریا بہن معذرت کے ساتھ مگر میں دوبارہ اس کام میں آپ کی مدد نہیں کر سکوں گی۔ دراصل آپ کو شاید برا لگے مگر میں یہ کام کسی ذاتی غرض یا پیسے کے لیے نہیں کرتی ہوں بلکہ فی سبیل اللہ کرتی ہوں اور میرے بھی کچھ اصول ہیں۔ رشتہ ہونا یا نہ ہونا ایک الگ بات



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

ہے مگر میں ان لوگوں کو ساتھ لے کر نہیں چلتی جو اخلاقی طور پر دیوالیہ ہوں جن کے لیے کسی انسان کے جذبات و احساسات کی کوئی اہمیت نہ ہو۔ رشتہ پسند آنا یا نہ آنا آپ کا ذاتی مسئلہ ضرور ہے مگر کسی کو منع کرنے کا بھی کوئی طریقہ ہوتا ہے۔ زیادہ نہیں تو جتنی عزت انہوں نے آپ کو دی تھی اتنی ہی آپ انہیں لوٹا سکتی تھیں۔ اچھے اور خاندانی لوگوں کی پہچان انہی باتوں سے ہوتی ہے اور سب سے بڑھ کر آپ بھی بیٹی والی ہیں۔ کسی کی بیٹی کے لیے اتنے سخت الفاظ استعمال کرنے سے پہلے ایک بار سوچنا ضرور چاہیے۔'' روبینہ آنٹی راستے بھر انہیں ان کے مکروہ رویے کا احساس دلاتی رہیں۔ ان کی باتوں پر جلتی بھنتی ثریا بیگم منہ ہی منہ میں بڑبڑا کر رہ گئیں، روبینہ آنٹی کا گھر آ چکا تھا۔

☆☆☆

یہ سچ تھا کہ روبینہ آنٹی، یہ کام فی سبیل اللہ کرتی تھیں۔ ثریا بیگم سے ان کی ملاقات، اپنی دوست کے گھر میلاد میں ہوئی تھی اور وہاں سے آپس میں اچھی سلام دعا شروع ہوئی۔ جب ثریا بیگم کو پتا چلا کہ روبینہ یہ کام بھی کرتی ہیں تو انہوں نے اپنے تیسرے نمبر والے بیٹے جو ابھی ابھی برسرِ روزگار ہوا تھا کے رشتے کے لیے کہا۔ اپنے دونوں بڑے بیٹوں کے لیے بہوئیں وہ خاندان سے لائی تھیں۔ اسی لیے اب وہ باہر سے بہو لانا چاہتی تھیں۔ بڑی دونوں شادی کے کچھ عرصے بعد لڑ جھگڑ کر الگ ہو چکی تھیں۔ اپنی بڑی شادی شدہ بیٹی سے مشورہ کر کے اب وہ خاندان سے باہر رشتہ ڈھونڈ رہی تھیں۔ بڑی بیٹی دوسرے شہر بیاہی ہوئی تھی....

سو اس لیے ماں کے ساتھ اس مہم پر نہیں جا سکتی تھی۔ اسی وجہ سے وہ اپنی چھوٹی اور لاڈلی بیٹی جو ابھی میٹرک کی طالبہ اور دنیا سے یکسر انجان تھی کو اپنے ساتھ لے جاتی تھیں۔

اس دن کے بعد سے روبینہ آنٹی سے کبھی ان کا رابطہ نہیں ہوا تھا اور دوسری رشتہ کروانے والیوں کے توسط سے انہیں اپنا مطلوبہ گوہرِ نایاب مل چکا تھا اور انہوں نے بہت دھوم دھام سے اپنے بیٹے کی شادی کر دی تھی۔ اب اس بات کو بھی تین سال گزرنے والے تھے۔ ان کی چھوٹی بیٹی اب تھرڈ ائیر میں پڑھ رہی تھی۔

زندگی اپنی ڈگر پر رواں دواں تھی مگر اسی روزمرہ کی بھاگتی دوڑتی زندگی میں وہ لمحہ، وہ وقت ضرور آتا ہے جب وقت کے ہاتھ گروی رکھے الفاظ اور عمل واپس بھی لوٹائے جاتے ہیں۔

☆☆☆

''لگتا ہے آپ نئی ہیں اس کالج میں۔ میں کافی دیر سے آپ کو یہاں اکیلے بیٹھا ہوا دیکھ رہی ہوں۔ میرا نام نورین ہے اور آپ کا؟'' عاصمہ خاموشی سے ایک طرف بیٹھی سب لڑکیوں کو آپس میں ہنستا بولتا دیکھ رہی تھی جب ایک لڑکی نے اس کے پاس آ کر اپنا تعارف کروایا۔

''جی، میں اس کالج میں نئی ہوں اور آج میرا پہلا دن ہے اس کالج میں۔ اس لیے فی الحال کوئی دوست بھی نہیں ہے۔'' عاصمہ نے مسکراتے ہوئے نورین سے ہاتھ ملایا جو اس کے پاس ہی بیٹھ گئی تھی۔

''میری بھی بیسٹ فرینڈ ایک ہی تھی۔ جس نے میڈیکل کالج میں داخلہ لے لیا ہے اور میں یہاں اکیلی رہ گئی مگر آپ کو دیکھ کر لگتا ہے کہ میری یہ شکایت بہت جلد ختم ہو جائے گی۔ سو وی آر فرینڈز؟'' نورین نے کہتے ہوئے ہاتھ آگے بڑھایا جسے عاصمہ نے مسکراتے ہوئے تھام لیا۔ یوں کالج کا پہلا دن عاصمہ کی توقع سے بڑھ کر اچھا ثابت ہوا تھا۔ وہ ایف ایس سی میں مطلوبہ نمبرز نہ آنے اور اپنی فرینڈز سے بچھڑنے کی وجہ سے جتنی اداس اور اکیلی خود کو محسوس کر رہی تھی۔ نورین کی زندہ دلی اور اچھی کمپنی میں اس کی اداسی کہیں گم ہو کر رہ گئی تھی۔ ورنہ اسے نئے کالج اور اجنبی لوگوں میں بی ایس سی کے یہ دو سال گزارنا بہت مشکل لگ رہے تھے۔ پہلا دن لڑکیوں اور ٹیچرز سے تعارف میں ہی گزر گیا تھا۔ سوائے اسٹیٹ کی ٹیچر کے جو کچھ دن کی لیو پر تھیں۔ عاصمہ نے نورین اور باقی کلاس فیلوز سے ان کی بہت تعریف سنی تھی۔ جس نے اس کے اشتیاق کو


READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

کافی بڑھا دیا تھا۔

☆☆☆

''لگتا ہے تمہیں کالج پسند آگیا ہے۔ اس لیے موڈ اتنا خوشگوار ہے؟'' دوپہر کے کھانے کے بعد جب دونوں ماں بیٹی ستانے کے لیے لیٹیں تو اماں نے عاصمہ سے پوچھا جو پُرجوش ہو کر انہیں اپنے تمام دن کی روداد سنا رہی تھی۔ ایک دم سے رک گئی اور کچھ سوچ کر بولی۔

''اماں کالج تو سچ میں بہت اچھا ہے مگر نورین نہ ملتی تو شاید اتنا اچھا نہیں لگتا۔ سچ میں بہت اچھی اور کوآپریٹو لڑکی ہے وہ۔'' عاصمہ جب سے کالج سے لوٹی تھی نورین نامہ سنا رہی تھی۔ اماں جانتی تھی کہ ان کی یہ بیٹی بہت جذباتی سی ہے۔

''کیوں اماں کو اپنی بیکار سی باتوں سے بور کر رہی ہو۔'' اسی وقت تھکا ہارا فیصل کمرے میں داخل ہوا اور کرسی پر ڈھے سا گیا۔ فیصل کو دیکھ کر عاصمہ اٹھ کر بیٹھ گئی۔

''جی نہیں بھائی، اماں تو میری باتوں سے بہت خوش ہوتی ہیں۔'' عاصمہ نے بھائی کو منہ چڑاتے ہوئے کہا تو وہ دھیرے سے مسکرا دیا۔

''اور کیا اگر عاصمہ بھی نہ بولے تو ہم میاں بیوی یا تو ایک دوسرے کا منہ دیکھتے رہ جائیں یا پھر دیواروں سے باتیں کریں۔ تمہاری بیوی تو بچوں سمیت آئے روز میکے گئی ہوتی ہے کسی نہ کسی بات پر لڑ جھگڑ کر اور تم ٹھہرے کاٹھ کے الو...... ہر وقت اسے منانے اس کے پیچھے چلے جاتے ہو۔'' اماں نے تیکھے انداز میں بیٹے کو دیکھتے ہوئے طنزیہ لہجے میں کہا۔

''اوہو......اب بس بھی کر دیں اماں' پہلے ہی میں شہلا کے ساتھ دماغ کھپا کر آرہا ہوں اور اب گھر آتے ہی آپ شروع ہو گئیں۔ مت بھولیں کہ شہلا بھی آپ کی ہی پسند ہے۔ جسے آپ بہت مان اور دعوے کے ساتھ بیاہ کر لائی تھیں۔ میں تو آپ دونوں کے درمیان فٹ بال بن کر رہ گیا ہوں۔ بیوی کی سنوں تو ماں ناراض، ماں کی مانوں تو بیوی ناراض ہو کر میکے جا بیٹھتی ہے۔ ان روز، روز کے جھگڑوں میں میرے دونوں بچے بھی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ کیا کروں؟ اسے لے کر علیحدہ ہو جاؤں بڑے دونوں بھائیوں کی طرح؟'' شدید ذہنی دباؤ کا شکار فیصل بری طرح پھٹ پڑا اور غصے سے اپنی پیشانی کو مسلنے لگا۔ اماں نے عاصمہ کو اشارہ کیا جو فوراً اٹھ کر بھائی کے لیے پانی لینے چلی گئی۔ اب اماں کو بھی اپنی جلد بازی پر افسوس ہونے لگا تھا۔ وہ پہلے ہی شہلا اور بچوں کی وجہ سے اداس اور پریشان سا رہنے لگا تھا اوپر سے اماں کی ایسی باتیں......اس کا رہا سہا ضبط بھی ختم کر دیتی تھیں۔

''بھائی پانی۔'' عاصمہ نے پانی کا گلاس فیصل کی طرف بڑھایا جسے تھام کر اس نے فوراً منہ سے لگا لیا۔ ٹھنڈا پانی پی کر اس کے جلتے ہوئے اعصاب کچھ پُرسکون ہوئے تو اسے اپنے لہجے کی سختی اور کڑواہٹ کا احساس ہوا۔

''سوری اماں، میرا مقصد آپ کا دل دُکھانا نہیں تھا مگر شہلا کے روز، روز کے بڑھتے مطالبوں اور لڑائی جھگڑوں سے میں سخت تنگ آگیا ہوں۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کروں؟'' فیصل نے ماں کے پاس بیٹھ کر ان کے گھٹنوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا تو اماں چادر کے پلو سے اپنی نم آنکھیں پونچھتی ہوئی اثبات میں سر ہلا کر رہ گئیں۔

''بیٹا میں نے تو سارا شہر چھان کر کتنے رشتوں کو رد کر کے اس شہلا کو تمہارے لیے منتخب کیا تھا مگر مجھے کیا خبر تھی کہ یہ آ کے ہمارا جینا حرام کر دے گی۔'' اماں نے دلگیر لہجے میں کہا تو فیصل سر جھٹکتا ہوا اٹھ کھڑا ہوا۔

''اب جو ہونا تھا وہ ہو گیا۔ پچھتانے سے کیا حاصل...... چار سال ہو گئے ہیں یہ مصیبت جھیلتے ہوئے۔''، فیصل نے افسردگی سے کہا اور کمرے سے باہر نکل گیا جبکہ اماں اسی طرح افسردہ سی بیٹھی اسے جاتا ہوا دیکھتی رہیں۔

☆☆☆

''یہ مس نوشین ہیں، اسٹیٹ کی ٹیچر۔'' نورین نے کہنی مار کر دوسری طرف دیکھتی عاصمہ کو متوجہ کیا تو



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

اس نے گردن موڑ کر سامنے کی طرف دیکھا۔ جہاں ایک گلابی چہرے پر نرم اور ہلکی سی مسکراہٹ لیے، خوب صورت سی لڑکی کھڑی کلاس سے اپنا تعارف کروا رہی تھی اور پھر کلاس کی سب لڑکیاں باری، باری اٹھ کر اپنا تعارف کروانے لگیں۔ عاصمہ، مس نوشین کو دیکھ کر چونک سی گئی تھی۔ اسے یہ چہرہ مانوس سا لگ رہا تھا۔ جب عاصمہ نے اپنی باری آنے پر اپنا تعارف کروایا تو اس نے مس نوشین کو چونکتے اور خود کو غور سے دیکھتے ہوئے پایا مگر جلد ہی وہ باقی کلاس کی طرف متوجہ ہو گئیں اور لیکچر دینے لگیں۔ ساری کلاس ہمہ تن گوش انہیں سن رہی تھی۔ ان کے لہجے کی مٹھاس میں ایک سحر تھا۔ جو سب کے دلوں پر اپنا اثر چھوڑ رہا تھا۔ ان کا پڑھانے کا طریقہ بہت اچھا تھا۔ ساری کلاس بہت دلچسپی اور توجہ سے انہیں سن رہی تھی اور آنے والے دنوں میں مس نوشین سب کے ساتھ، ساتھ عاصمہ کی بھی پسندیدہ ٹیچر بن چکی تھیں۔

☆☆☆

اس دن صبح سے ہی موسم کے تیور کافی خراب تھے۔ کالج میں کافی کم تعداد میں طالبات آئی تھیں۔ کچھ دیر میں ہی موسلا دھار بارش شروع ہو گئی۔ جو سارا دن جاری رہی۔ عاصمہ کافی دیر شیڈ کے نیچے کھڑی بارش ہلکی ہونے کی دعا کرتی رہی۔ کالج سے بس اسٹاپ کچھ فاصلے پر تھا۔ کافی لڑکیاں جا چکی تھیں۔ جونہی بارش ہلکی ہوئی عاصمہ اللہ کا نام لے کر خود کو بارش کی کن من سے بچاتی بس اسٹاپ کی طرف چل پڑی۔ اس کے ساتھ کوئی اور لڑکی نہیں تھی۔ سنسان سڑک دیکھ کر وہ جلدی، جلدی قدم اٹھانے لگی جب ایک گاڑی آ کر اس کے پاس رکی۔ عاصمہ ایک دم سے گھبرا کر پیچھے ہٹی۔ گاڑی میں دو لڑکے بیٹھے ہوئے تھے۔ جو خباثت بھری نظروں سے سر سے لے کر پاؤں تک اسے گھور رہے تھے۔ عاصمہ خوف زدہ سی ہو کر مڑ کر دیکھنے لگی۔ کالج کافی پیچھے رہ گیا تھا۔

''آ جائیں مس، ہم آپ کو ڈراپ کر دیتے ہیں۔'' ایک لڑکے نے مہذب بنتے ہوئے کہا مگر اس کی مکروہ ہنسی کسی اور ہی طرف اشارہ کر رہی تھی۔ عاصمہ نے انہیں جواب دینے کے بجائے تیز، تیز قدموں سے چلنا شروع کر دیا۔ دونوں لڑکوں نے آنکھوں ہی آنکھوں میں ایک دوسرے کو اشارہ کیا اور اس سے پہلے کہ عاصمہ کچھ سمجھتی ایک لڑکا فوراً گاڑی سے اتر آیا اور عاصمہ کا ہاتھ پکڑ کر کھینچنے لگا۔ عاصمہ نے خوفزدہ ہو کر چیخ ماری اور اپنا ہاتھ چھڑانے کی کوشش کرنے لگی۔ قریب تھا کہ وہ اسے کھینچ کر گاڑی میں بٹھا لیتے۔ ایک گاڑی آ کر ان کے پاس رکی۔ وہ لڑکا اور عاصمہ دونوں چونک گئے۔ گاڑی سے اترنے والی شخصیت کو دیکھ کر عاصمہ بے اختیار چلائی۔

''مس نوشین......!'' تب تک مس نوشین گاڑی سے اتر چکی تھیں انہوں نے اپنے ہاتھ میں پکڑی اسٹک زور سے اس لڑکے کے ہاتھ پر ماری۔ تکلیف کی شدت سے بلبلا کر اس نے عاصمہ کا ہاتھ چھوڑ دیا اور سامنے کھڑی لڑکی اور اس کے پیچھے آتے ڈرائیور کو دیکھ کر فوراً اپنی کار میں بیٹھ کر رفو چکر ہو گئے۔ عاصمہ روتی ہوئی مس نوشین کے ساتھ لگ گئی۔ اگر مس نوشین بروقت نہ پہنچتیں تو نہ جانے آج اس کے ساتھ کیا ہوتا۔ مس نے اسے اپنے ساتھ گاڑی میں بٹھا لیا تھا۔

## دیوار

جب دیواروں میں دراڑ پڑتی ہے تو دیوار گر جاتی ہے۔ مگر جب دلوں میں دراڑ پڑتی ہے تو دیوار بن جاتی ہے۔ اپنے دلوں میں دیوار نہیں بلکہ در بناؤ۔

از: نزہت جبین ضیا، کراچی

## کیا خوب بتایا

میرے اچھے وقت نے دنیا کو بتایا کہ میں کیسا ہوں اور میرے بُرے وقت نے مجھے بتایا کہ دنیا کیسی ہے۔

از: ممتاز خانم، کراچی



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

عاصمہ سارا راستہ بہت ڈری اور سہی ہوئی سی بیٹھی رہی۔ اسے اب بھی یقین نہیں آرہا تھا کہ وہ بچ گئی تھی۔ ایک خوف اب بھی اسے اپنے گھیرے میں لیے ہوئے تھا۔

گاڑی میں مس نوشین کے ساتھ ایک عمر رسیدہ خاتون بھی بیٹھی تھیں جو عاصمہ کو تسلی دے رہی تھیں اور وہ بالکل خاموش تھی۔ زندگی میں ہونے والے بہت سے حادثے اسی طرح قوتِ گویائی کو سلب کر دیتے ہیں اور ایک مسلسل حیرانی اور سوچ دے جاتے ہیں کہ اگر ایسا ہو جاتا تو......؟

☆☆☆

اماں کا دل آج صبح سے ہی بہت بے چین تھا۔ انہیں بار، بار افسوس ہو رہا تھا کہ ایسے موسم میں عاصمہ کو کالج کیوں بھیج دیا۔ ایسے موسم میں لوکل ٹرانسپورٹ کا ملنا بھی مسئلہ ہوتا ہے۔ وہ بے چینی سے اندر باہر چکر کاٹ رہی تھیں۔ شہلا اپنی ساس کو بے چین و بے قرار دیکھ کر بھی مست تھی۔ وہ اتنی ہی بے حس اور بے پرواسی تھی۔ اسی وقت بھی وہ اپنے دونوں بچوں کو پاس بٹھائے کھانا کھلا رہی تھی اور ایک نظر اپنی ساس پر بھی ڈال رہی تھی۔ جنہوں نے ابھی تک دوپہر کا کھانا نہیں کھایا تھا کہ عاصمہ آجائے تو اکٹھے ہی کھائیں گی۔ اسی وقت ڈور بیل ہوئی تو اماں نے فوراً آگے بڑھ کر دروازہ کھولا اور عاصمہ کے ساتھ ایک اجنبی خاتون کو دیکھ کر چونک گئیں۔ عاصمہ روتے ہوئے اماں کے سینے سے لگ گئی تو اماں کے ہاتھ پاؤں پھول گئے۔

''کیا ہوا میری بچی، سب خیر تو ہے ناں؟ صبح سے میرا دل بہت بے چین اور پریشان سا تھا۔'' اماں نے گھبرائے ہوئے لہجے میں عاصمہ کو خود سے علیحدہ کرتے ہوئے اس کے زرد پڑتے رنگ کو دیکھ کر پوچھا۔

''آپ حوصلہ رکھیں بہن، بچی ہے اسی لیے گھبرا گئی ہے۔ اللہ نے بڑا کرم کیا ہے سب ٹھیک ہے۔ آپ اندر چلیں میں آپ کو سب تفصیل سے بتاتی ہوں۔'' ان خاتون نے نرمی سے کہا تو اماں کو احساس ہوا اور وہ انہیں فوراً لے کر اندر آئیں۔ شہلا نے عاصمہ کے ساتھ اجنبی خاتون کو اندر آتے دیکھا تو چونک گئی اور سلام کر کے اٹھ کر کچن میں چلی گئی مگر اس کے کان اندر کی گفتگو پر ہی لگے ہوئے تھے۔

''بس بہن، اللہ نے بہت کرم کیا۔ میری بہو اسی کالج میں لیکچرار ہے۔ مجھے ضروری کام تھا تو ڈرائیور کے ساتھ میں بھی اسے لینے کالج چلی گئی۔ بس ہم واپس آرہے تھے جب راستے میں......'' وہ خاتون دھیرے، دھیرے کر کے سب بتانے لگیں۔

''اماں یہ مس نوشین کی بات کر رہی ہیں جن کے بارے میں اکثر میں باتیں کرتی رہتی ہوں۔ آج اگر وہ نہ ہوتیں تو......'' عاصمہ نے اپنی ماں کے گلے لگتے ہوئے کہا تو اماں کی آنکھیں تشکر کے آنسوؤں سے بھر گئیں۔ عاصمہ کے منہ سے اکثر انہوں نے مس نوشین کا ذکر سنا تھا اور آج وہی اس کے لیے رحمت کا فرشتہ بن کر آئی تھیں۔

''میں آپ کا یہ احسان کبھی بھول نہیں پاؤں گی۔ میں خود آپ کی بہو کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گی، کہاں ہے وہ؟ کیا وہ آپ لوگوں کے ساتھ نہیں آئیں؟''

''وہ دراصل باہر کار میں ہی بیٹھی ہوئی ہے، میں بھی اس بچی کی حالت کے پیشِ نظر اندر چلی آئی تھی کہ خود اسے اندر تک چھوڑ آؤں...... اچھا اب میں چلتی ہوں ہمیں کسی کام سے جانا ہے۔'' ان نفیس سی خاتون نے اٹھتے ہوئے کہا تو اماں فوراً بولیں۔

''نہیں...... میں آپ کو ایسے نہیں جانے دوں گی۔ جاؤ عاصمہ بیٹے اپنی مس نوشین کو بھی بلا کر لے آؤ۔ کچھ کھائے پیے بغیر آپ لوگ نہیں جاسکتے۔'' اماں کے بے حد اصرار پر ان خاتون کو بیٹھنا ہی پڑا۔ اماں، بہو کی بے پروائی اور بدتہذیبی کو دل ہی دل میں کوستی کچن کی طرف چل پڑیں۔ اسے پتا بھی تھا کہ مہمان آئے ہیں مگر اس نے کچھ بھی پوچھنا گوارا نہیں کیا تھا۔ جب تک اماں کولڈ ڈرنک گلاسوں میں ڈال کر لائیں۔ عاصمہ، مس نوشین کو لیے اندر لاؤنج میں داخل ہو رہی



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



تھی۔ میز پر گلاسوں کی ٹرے رکھتی اماں کی نظر جوں ہی اسٹک کے سہارے دھیرے، دھیرے قدم اٹھاتی اس لڑکی کے ملیح چہرے پر پڑی وہ اپنے ذہن پر زور دیتی ایک دم سے بری طرح چونک گئیں۔ حیرت اور شاکڈ کی کیفیت میں وہ اسے دیکھے جارہی تھیں۔ یہ وہی لڑکی تھی جسے ایک معمولی سے نقص کی وجہ سے انہوں نے بری طرح رد کیا تھا۔ اس کا مذاق اڑایا تھا اور آج وہی لڑکی پورے اعتماد اور شان کے ساتھ ان کے سامنے موجود تھی۔ انہوں نے حیرت سے اس نفیس اور سوبر سی عورت کی طرف دیکھا۔ جن کے لباس اور رکھ رکھاؤ سے ان کی خاندانی امارت اور سلیقے طریقے کا پتا چل رہا تھا اور اس عورت نے اپنے اکلوتے اور خوب صورت بیٹے کے لیے اس لڑکی کا انتخاب کیا تھا اور اب بھی کتنے فخر اور خوشی سے اپنی بہو کی تعریف کررہی تھی۔ کیا سچ میں ایسا بھی ہوتا ہے؟

ہاں اس دنیا میں سب کچھ ممکن ہے۔ زندگی کا امرت، مٹی کے کچے برتن میں بھی مل سکتا ہے۔ اس کے لیے ضروری نہیں ہوتا کہ برتن سونے کا ہو یا چاندی کا بس یقین اور نیت خالص ہونی چاہیے۔ یہ امرت کسی کا بھی نصیب بن سکتا ہے۔

کچھ دیر بیٹھنے کے بعد ان خاتون نے اجازت چاہی اور خدا حافظ کہتی ہوئی گھر سے باہر نکل گئیں۔ ان کے پیچھے، پیچھے نوشین بھی نکلنے لگی۔ جب اماں نے دھیرے سے نوشین سے اپنے چار سال پہلے والے بدصورت رویے اور الفاظ پر معافی مانگی تو باہر کی طرف قدم بڑھاتی وہ رک گئی اور پلٹ کر انہیں دیکھنے لگی۔ کچھ دیر تک اسی خاموشی کے ساتھ وہ ان کے شرمندہ چہرے کو دیکھتی رہی پھر بولی تو اس کا لہجہ بہت سپاٹ تھا۔

"دکھ اس بات کا نہیں تھا کہ آپ نے رشتے سے انکار کیا۔ دکھ اس بات کا تھا جو جواز اور الفاظ آپ نے مجھے مسترد کرتے ہوئے استعمال کیے کہ جو لڑکی اسٹک کی محتاج ہو وہ ایک گھر کو کیسے چلا سکتی ہے؟ اور آج وقت نے کیسی کروٹ لی کہ اسی اسٹک کی مدد سے میں نے آپ کے گھر کی عزت بچائی ہے۔ میں آج ایک عزت دار گھرانے کی بہو بھی ہوں اور ایک محبت کرنے والے شوہر کی بیوی اور ہاں دو بچوں کی ماں بھی ہوں اور یقین کریں ان سب کے ساتھ ساتھ میں اس معاشرے کی تعمیر و ترقی میں بھی اپنا کردار ادا کررہی ہوں اور یہ سب کچھ میرے آس پاس رہنے اور بسنے والے ان لوگوں کی مضبوط سوچ اور یقین کی وجہ سے ہوا ہے جو اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ جسمانی معذوری سے زیادہ تکلیف دہ اور اذیت ناک ذہنی و اخلاقی معذوری ہے۔ جسمانی معذوری پھر بھی قابلِ قبول اور قابلِ علاج ہوتی ہے مگر اخلاقی معذوری اور تہذیبی بدحالی نسلوں کی نسلیں تباہ کردیتی ہے۔" وہ کچھ پل رک کر پھر بولی تھی۔

"میرا مقصد آپ کو شرمندہ کرنا نہیں تھا آنٹی اسی لیے عاصمہ کو پہلے دن پہچان لینے کے باعث میں آج آپ کے سامنے.... آنا نہیں چاہ رہی تھی۔ اس لیے کہ جب اللہ نے مجھے بہترین سے نوازا ہے تو مجھے کسی سے کوئی گلہ یا شکایت نہیں رکھنی چاہیے۔ اگر میری کوئی بات بری لگی ہو تو بہت معذرت چاہتی ہوں۔" نوشین نے بہت سلیقے اور تہذیب سے کہا اور ایک نظر حیران سی کھڑی عاصمہ اور شرمندہ سی کھڑی ثریا بیگم پر ڈالی اور گھر سے باہر نکل گئی۔

آج عاصمہ کو سمجھ آیا تھا کہ اسے مس نوشین کا چہرہ مانوس سا کیوں لگا تھا۔ آج اسے کئی سال پہلے کا وہ سین یاد آگیا تھا جب وہ اماں کے ساتھ اپنے بھائی فیصل کے رشتے کے لیے نوشین کو دیکھنے گئی تھی۔

ثریا بیگم کو بھی آج صحیح معنوں میں ذہنی اور اخلاقی معذوری اور جسمانی معذوری میں فرق سمجھ میں آیا تھا۔ آج وہ تاسف سے ہاتھ مل رہی تھیں کہ اس اخلاقی معذوری سے بہتر تو وہ جسمانی معذوری ہی ہے جو کم از کم انسانی وجود کو کائی تو نہیں لگاتی ...... کائی لگے وجود نہ اپنے لیے کارآمد ہوتے ہیں اور نہ معاشرے کے لیے۔

Downloaded From
Paksociety.com



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

چھوٹے ہیئر اسٹائل والا سر تھا، جس نے اسے اس قدر غور سے دکاندار سے الجھی خواتین کا ایسا بھرپور جائزہ لینے پر مجبور کیا تھا۔

وہ ان کی ادائیگی مکمل ہونے کے انتظار کے پورے دس منٹ انتہائی صبر سے اس بات کا منتظر رہا کہ وہ لڑکی ذرا سا اپنا رخ اِدھر کو موڑے تو وہ اس کا چہرہ دیکھ سکے...... لیکن وہ سر تو جیسے فریم میں جڑا تھا...... اس نے نہ جنبش کی نہ دکاندار سے بحث میں الجھی نہ اپنی ساتھی خواتین کو مشورہ دینے کے لیے ہی اپنا رخ موڑا۔ وہ اسے یونہی اندازے سے مخاطب کر کے شرمندہ نہیں ہونا چاہتا تھا۔

گاہکوں کی قطار لمبی ہوتی دیکھ کر، ایک دوسرا خوش شکل سیلز مین مدد کو آگے بڑھا تھا۔

''سر آپ کی کیا خدمت......؟'' اس نے گردن گھما کر سیلز مین کو دیکھا جو بظاہر اپنے مہذب نظر آنے والے گاہک کو سوتی شلوار دوپٹے میں ملبوس، غیر ملکی خواتین کا جائزہ لیتے دیکھ کر مسکرا رہا تھا۔ فہد نے دوسرے کاؤنٹر کی طرف بڑھنے کے بجائے اسٹور سے باہر جانے والے راستے کی طرف قدم بڑھا دیے۔

اسے یقیناً کوئی غلط فہمی ہوئی تھی۔ اسے یہاں سے جو بھی خریدنا تھا، اس کے لیے پھر بھی آیا جا سکتا تھا۔ اس کی گاڑی قریب ہی کھڑی تھی لیکن ابھی اگنیشن میں چابی گھمائی نہیں تھی کہ اس نے دیکھا، وہی تینوں غیر ملکی لڑکیاں اسی اسٹور سے چند شاپنگ بیگز اٹھائے باہر نکل رہی تھیں۔

بلاشبہ یہ یادداشت کے آنے یا جانے کی کوئی فلمی کہانی نہیں تھی...... وہ وہی تھی، سو فیصد وہی...... اسے کوئی غلط فہمی نہیں ہوئی تھی۔

مگر اس سے پہلے کہ وہ گاڑی کا دروازہ کھول کر باہر نکلتا اور اپنا تعارف پیش کرتا، ایک چمکدار ہونڈا اکارڈ کے تیز رفتار ڈرائیور نے اس کی گاڑی کے عین ساتھ، اپنی گاڑی ایسے لگائی کہ وہ دروازہ کھولنے کا ارادہ ہی کرتا رہ گیا۔ اس نے گاڑی ریورس کر کے باہر نکالنے میں تیزی دکھائی مگر اس عرصے میں، وہ تینوں لڑکیاں اس کی نظر سے اوجھل ہو چکی تھیں۔

اس نے گول چکر (چورنگی) کے گرد، انتہائی آہستہ رفتار سے، دوسرا چکر لگاتے غور کیا کہ آج اس کے ساتھ یہ ہوا کیا تھا۔

اس کی زندگی میں پشیمانیاں پالنے کی فرصت کم تھی۔ ایسے میں وہ ایک لمحہ، جو لبرٹی کے راؤنڈ اباؤٹ کے پاس اس کے ہاتھ سے پھسلا تھا، اس پر غور کرنے کی مہلت اسے دوبارہ اگلے کئی دنوں بعد ہی مل پائی۔

''وقت کتنی تیزی سے گزر رہا ہے۔'' اس نے آج کے آخری مریض کو تسلی آمیز باتوں کا انجکشن لگا کر رخصت کرنے کے درمیان سوچا۔ وہ ان دنوں سخت مصروف تھا مگر جانتا تھا کہ میڈیکل کے شعبے کی کوئی ریسرچ، مریضوں سے رابطے سے بڑھ کر نہیں ہو سکتی۔

''اس لیے بیکار پچھتاوؤں میں وقت ضائع کرنا بالکل مناسب نہیں ڈاکٹر صاحب......'' اس کے اندر سے ایک دوستانہ مشورہ برآمد ہوا تھا۔

☆☆☆

لاہور

12 اگست 1991ء

لیکن اتفاقات حقیقت بھی بنتے ہیں...... عظیم نقصانات پورے بھی ہو جاتے ہیں...... اور خسارے کی تحریریں کبھی کبھار دُھل جایا کرتی ہیں۔ وہ ابھی انکشاف کی حیرت سے سنبھل ہی رہا تھا کہ افسوس، اس کے بعد کا لمحہ پھر کہیں راستے میں گر گیا تھا۔

وہ بہت تیزی سے گاڑی چلاتا ہوا آیا تھا۔ اس لیے کرکٹ ہاؤس سے نکلتی ان دو لڑکیوں کو دیکھ کر فوری بریک لگاتے میں کچھ لمحے کی تاخیر ہو گئی۔ جب اس کی کار کے پہیے رکے تو وہ جیل روڈ کی نہر والی کراسنگ پر، سرخ سگنل اور لاتعداد گاڑیوں کے درمیان یوٹرن لینے کا راستہ ڈھونڈتا ہی رہ گیا۔ اس کی گاڑی کے سائڈ مرر میں پیچھے رہ جانے والی، پیدل چلتی لڑکیاں کسی نامعلوم راستے پر جا کر نظروں سے اوجھل ہو چکی تھیں۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more


بس ایک لمحے کی بات تھی...... دوسرا لمحہ وہ تھا جب اس نے یوٹرن لیا، گاڑی دائیں طرف کا رخ موڑ کر واپس گھمائی اور یہ جانتے ہوئے بھی وہ ایک بار پھر اس کی نظروں کے سامنے سے غائب ہو چکی ہے، اسے ڈھونڈنے کی پوری کوشش کی تھی۔

☆☆☆

لاہور

10 ستمبر 1991ء

تیسری بار پھر... وہ اسے اسی سڑک پر دکھائی دی۔ آج بھی وہ اکیلی نہیں تھی۔ نئی بات یہ تھی کہ آج وہ بھی اکیلا نہیں تھا۔

آج اسے ریما کو کالج سے گھر چھوڑنا تھا۔ اس کی بہن، کالج کے سبز گرل والے گیٹ سے اس کی گاڑی دیکھتے ہی اپنے ہاتھ میں مسالے والا مکئی کا بھٹا سنبھالے اپنی دوستوں کو خدا حافظ کہتی باہر آئی۔ وہ ابھی دروازہ کھول کر ٹھیک سے بیٹھی بھی نہیں تھی کہ اس کا بھائی گاڑی آگے بڑھا چکا تھا۔

وہ سخت عجلت میں تھا۔ اسے ریما کے ''کتنی گرمی ہے اور چھلّی کھائیں گے نہ'' والے والہانہ جملوں میں کوئی دلچسپی نہیں تھی۔

ریما کو لگا، اسے کہیں پہنچنے کی جلدی ہے۔ وہ سامنے دیکھ کر گاڑی چلانے کے بجائے اپنے دائیں طرف کی کھڑکی کے پار، کسی کو کھوجتا لگ رہا تھا۔

ریما نے بھائی کی نظروں کے تعاقب میں، دائیں طرف کے اس پار والے منظر پر نظر ڈالنی چاہی اور بس وہی لمحہ تھا جب ایک بے حد بوسیدہ سی وین، عمر اسپتال کے سامنے رکی بھی اور چل بھی پڑی۔

وہ اب وہاں نہیں تھی۔ وہ کھٹارا سی وین، آج پھر اسے اپنے پروں میں چھپائے فہد کے اگلے راستے گم کیے دے رہی تھی۔

''یہ کتنا عجیب اتفاق ہے۔'' وہ بری طرح مایوس ہوا۔ اور یہ کتنی عجیب بات تھی کہ اس کے ساتھ یہ اتفاق بار، بار ہو رہا تھا آخر کیوں......؟

''آپ چلتے کیوں نہیں؟'' ریما کی ناراض سی آواز اس کے کانوں میں پڑی۔ اور اسے احساس ہوا کہ سڑک کے پار کا منظر بدلتے دیکھ کر اس نے بے اختیار بریک لگائی تھی اور پاؤں اٹھانا بھول گیا تھا۔

''سوچنے کی بات یہ بھی تھی کہ آخر وہ کیوں اس سے ہر قیمت پر ملنا چاہتا ہے۔'' اس نے بریک سے پاؤں اٹھاتے، ایک دفعہ پھر سوچا۔

لیکن یہ محض اتفاق نہیں تھا کہ وہ اس سڑک سے ایک بار نہیں، بار، بار گزرا...... یہ اس کا روز کا راستہ نہیں تھا۔ ریما متجسس تھی کہ اس کا بھائی جو کبھی لنچ کرنے گھر نہیں آتا، ان دنوں اپنے انتہائی مصروف اوقاتِ کار سے فرصت نکال کر اسے کالج سے گھر ڈراپ کرنے لگا تھا۔

☆☆☆

15 ستمبر 1991ء

اسے کوئی سراغ نہیں مل سکا تھا۔

پچھلے چند دنوں میں وہ اس جیل روڈ پر سے جانے کتنی بار گزرا ہو گا۔

''اور یہ لاہور شہر آخر کتنا بڑا ہے؟''

اس نے آج کی تاریخ کے ڈوبتے سورج کو بادشاہی مسجد کے میناروں سے پرے دیکھ کر سوچا...... شاہی قلعے کی برجیاں ماند پڑ جانے والی کرنوں کی روشنی سے اور بھی سرخ ہو رہی تھی۔ اسے اپنی تلاش کے لاحاصل اور حماقت انگیز ہونے کا احساس بھی تھا۔

''اگر وہ اس شہر میں موجود تھی تو کیا اتنی ہی فرصت سے ہو گی کہ آج، ابھی، اس شہر کے تاریخی مقام دریافت کرنے ضرور یہاں آئے گی۔ ہاں...... ٹھیک ہے، وہ ایک عجیب سے جنون کا شکار ہو رہا ہے پھر بھی کچھ عقل سے کام لینا چاہیے۔'' اس نے خود کو خود ہی سمجھایا۔

وہ کوئی بیروزگار نہیں تھا...... اس کے کام کا حرج ہو رہا تھا۔ زندگی میں ایسی بے وقوفیوں کی گنجائش رکھی ہی نہیں جا سکتی۔

☆☆☆

20 ستمبر 1991ء ... اور پھر کمال ہو گیا۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

وہ کسی کام سے سروسز اسپتال آیا تھا اور اب اس نے واپسی کے ارادے سے اپنی گاڑی اسپتال کے مین گیٹ سے نکالی ہی تھی۔ ریس کورس پارک کے سگنل سے بائیں طرف مڑتے ذرا سی دیر میں اس نے دیکھا کہ اپنی صحت سے محبت کرنے والے لاہوریوں کی ایک بڑی تعداد شام کی سیر کرنے پارک میں جا رہی تھی۔ اور لڑکیوں کا وہ گروپ جو اس کے سامنے ابھی ابھی پارک میں داخل ہوا تھا، اس میں ایک وہ بھی تھی۔ اس بار اس نے وقت ضائع نہیں کیا۔

اس نے گاڑی پارک کی ذیلی سروس روڈ پر لگائی...... اور انتہائی عجلت میں تیز تیز چلتا ہوا، مین گیٹ سے اندر داخل ہوا۔ انہیں ڈھونڈنے میں اسے زیادہ وقت نہیں لگا۔

وہ اکیلی نہیں تھی...... وہ ایک گھونگریالے، بھورے بالوں والی انتہائی دراز قد، غیر ملکی لڑکی کے ساتھ تھی۔

وہ جانتا تھا اگر آج کا یہ لمحہ اس کے ہاتھ سے نکل گیا تو وہ اسے دوبارہ ڈھونڈنے میں شاید کبھی کامیاب نہ ہو سکے۔

وہ لپک کر قریب گیا تھا اور اس نے وقت ضائع کیے بغیر پکارا تھا۔

''ہیلو، سبرینہ......''

وہ جو اپنی طرف سے پارک کے قدرے کم رونق والے حصے میں جویریہ ہاسٹل کی لڑکیوں کو تفریح کرانے لائی تھی، خوف سے سن ہو گئی۔ وہ اس بڑے شہر کے ہنگامے میں، صرف اور صرف شناسا چہروں سے ہی بچتی پھر رہی تھی۔ اس کی شکل پر کچھ ایسا تھا...... جیسے کسی نے اسے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا ہو۔ اس نے اس کے رنگ اڑتے چہرے کو بھی دیکھا تھا اور اس کی آنکھوں کی ہراساں سی بیگانگی کو بھی۔

مگر وہ زیادہ دیر انتظار نہ کر سکا اور انگریزی میں بولا تھا۔

''تم نے مجھے پہچانا نہیں......؟ میں فہد ہوں، فہد مرتضیٰ......'' اس کے چہرے کے رنگ اڑتے تاثر میں کوئی تبدیلی نہیں آئی تھی۔

''تم ایڈنبرا میں تھیں ناں......ہم وہاں مل چکے ہیں۔'' وہ آخر کہاں کہاں سے بھاگے گی......زندگی میں انسان کو فرار کے کتنے موقع ملتے ہیں بھلا......؟ وہ کسی حقیر سے خوفزدہ چوہے کی طرح گھر کر مارے جانا نہیں چاہتی تھی۔

''تم یقین نہیں کرو گی کہ میں تمہیں کتنے دنوں سے ڈھونڈ رہا ہوں۔'' وہ اپنی شستہ انگریزی میں جو کہہ رہا تھا، یقیناً اس کا لغوی مطلب بھی وہی تھا۔

''تو کیا وہ سوچ لے کہ اس کی اڑان بس یہیں تک تھی؟'' اتنی تھکا دینے والی طویل پرواز کے بعد کسی نے اس کی ڈوری کھینچی اور پھر پھڑ پھڑاتی ہوئی وہ زمین پر آ رہی۔ اس نے دیکھا، اس کے سامنے کھڑے شخص کی آنکھوں میں، ایک انوکھی سی چمک تھی۔ اس نے فرار کی بے فائدہ کوشش کے لیے کچھ دور بیڈمنٹن کھیلتی چڑیوں کی طرح چہچہاتی لڑکیوں کے گروپ کی طرف نظر دوڑائی مگر وہ اس کے ارادے بھانپ چکا تھا۔

''سبرینہ گیبرئیل......!'' اس نے ذرا جھک کر کہا۔

''آپ کی مہربانی ہوگی اگر آپ مجھے بتا دیں اگلی بار میں آپ سے ملنا چاہوں تو مجھے آپ کو کہاں تلاش کرنا چاہیے۔ معاف کیجیے...... اگر آپ دوبارہ گم ہو گئیں تو میں آپ کو کہاں ڈھونڈتا پھروں گا؟'' اس کے اٹھتے قدم رکے۔

شرارت آمیز دوستانہ انداز، جس میں حکم نہیں شکوہ سا تھا۔ وہ ایسے لہجوں کی بالکل عادی نہیں رہی تھی۔ اس نے ایک لمحے کا توقف کیا لیکن رکنے کا ارادہ بالکل ترک کر کے دوبارہ لڑکیوں کی طرف قدم بڑھا دیے۔

''دیکھو......'' وہ اس کے ساتھ آیا۔ ''تم میری بات کا جواب تو دے سکتی ہو؟''

لڑکیوں کا گروپ، اس گھونسلے جیسے بالوں والی لمبی لڑکی کے ساتھ بے پروا ہنسی بکھیرتا ان کے قریب آ رہا تھا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY READING Section

Click on http://www.paksociety.com for more

"کیا تم نے مجھے واقعی نہیں پہچانا؟"
اس نے بغیر سوچے سمجھے انکار میں گردن ہلاتے ہوئے دیکھا۔ مہربان لہجے والا شخص توجہ سے، اس کی ایک ہاں یا نہ کا منتظر کھڑا تھا۔ وہ ڈگمگا گئی۔
فہد مرتضیٰ اگر دماغ پر ذرا سا زور دیتا تو سوچ سکتا تھا کہ اس کے سامنے کھڑی لڑکی کے انداز میں خود مختاروں والی تو کوئی بات نہیں تھی۔ وہ جیسے کسی فیصلے تک پہنچنے کی کوشش میں اپنے آپ سے الجھتی لگ رہی تھی۔ پھر کسی اکتا دینے والی گھڑی میں وہ اس کھیل سے بھی تنگ آ گئی۔
"میرے پہچاننے یا نہ پہچاننے سے کیا فرق پڑتا ہے؟"
فہد کی مسکراہٹ بے ساختہ تھی۔
"شکریہ...... ورنہ مجھ سے بڑا بے وقوف اس شہر میں کوئی نہ کہلاتا۔" اسے کچھ کچھ یاد آیا، وہ شخص تو شاید ایسا ہی تھا۔ حالات اور وقت صرف اسی کے لیے تبدیل ہوئے تھے۔
اور ممکن ہے، یہ سب ویسے نہ ہو جیسے وہ سمجھ رہی ہے۔ دوست اور دشمن لہجوں میں اتنا فرق بھی نہیں ہوتا۔
کسی گہری مشکل سے نکل کر اس نے ہلکے سے مسکرانے کی کوشش کی۔
"اور...... سب کیسے ہیں؟"
"اور سب کون......؟" فہد کے منہ سے نکلا پھر جیسے اس نے اپنے جملے پر نظر ثانی کر لی۔
"واپس آنے کے بعد پچھلے کچھ سال، میں اتنا مصروف رہا کہ کسی سے زیادہ ملنے کا موقع نہیں ملا۔ تمہاری کسی سے ملاقات ہوئی؟"
اس کے سامنے کھڑے شخص کی آنکھوں میں یہ پڑھنا مشکل نہیں تھا کہ اس کے خدشے بے بنیاد ہیں پھر بھی یقین اور بے یقینی کا درمیانی فاصلہ پل صراط بنا ہوا تھا۔
"نہیں......" اب وہ آنے والے حالات کا سامنا کرنے کے لیے بالکل تیار تھی۔
"میں تو کسی سے ملی نہیں۔" کیا فائدہ ایسی سچائیوں کا جو آپ کی غلطیوں کا اشتہار بنا کر بل بورڈ پر لگا دیں۔
"یونہی تمہیں دیکھ کر مجھے خیال آیا......"
کم عمر لڑکیوں کی بے پروا ہنسی نے رابطہ بڑھاتی



گفتگو کا یہ مشکل قائم ہوا تسلسل توڑ دیا تھا۔ بھورے رنگ کے بالوں والی لڑکی اپنی کلائی پر بندھی گھڑی کی طرف اشارہ کرتی اس سے واپسی کا ارادہ معلوم کر رہی تھی۔
"تم بتاؤ گی نہیں کہ تم کہاں ٹھہری ہوئی ہو؟" فہد کو لگا کہ وہ اس پر ایک نظر اور ڈالنے کی تکلیف گوارا کیے بغیر دوبارہ کھو جانا پسند کرے گی۔ چند منٹوں میں اس نے اس کے چہرے کو بہت سے حساب کتاب کرتے دیکھا تھا۔ فہد نے اپنے پرس سے ایک کارڈ نکال کر اس کی طرف بڑھاتے اپنا پین اسے پیش کرتے اس کے چہرے پر لکھے زبردست گریز کو صاف محسوس کیا تھا۔ اب وہ کارڈ اپنی ہتھیلی پر الٹ کر کچھ نہ کچھ لکھ رہی تھی۔
کارڈ پر نظر ڈال کر وہ خوش ہو گیا۔
"پڑھتی ہو وہاں؟"
"پڑھاتی ہوں۔" وہ اس سے اس کا وزیٹنگ کارڈ لیے بغیر جا چکی تھی۔ پھر بھی فہد کو لگا مغرب میں گرتے سورج کی کرنیں آج کچھ روشن روشن سی تھیں۔

☆☆☆

"بہت بڑی غلطی ہو گئی تھی۔ پتا نہیں وہ سچ بول رہا تھا یا جھوٹ...... اور کیا پتا جو......" ایک اونچے قہقہے نے اس کی توجہ کھینچی...... سونیا کا چہرہ جوش سے سرخ تھا۔ وہ اینڈریا کے ہاتھ پر ہاتھ مار کر، آج کے کسی غیر اہم واقعے کو، ناقابلِ فراموش ثابت کرنے پر تلی ہوئی تھی۔ وہ اسپتال کی لڑکیوں سے زیادہ فاصلہ رکھنے کی قائل نہیں تھی۔ وہ جتنا سونیا کو جان چکی تھی وہ جونیئر اور سینئر ہاسٹل کی تمام وارڈنز اور لڑکیوں میں سب سے بڑی ڈراما کوئین تھی۔
"کس قدر بے تکا ہنستی ہے یہ سونیا......"
اس نے خفیف سی ناگواری سے اپنی نظر ہٹا لی۔
ہاسٹل کا کامن روم جو شام کو ٹی وی روم بن جاتا تھا۔ محبت کی کسی لازوال کہانی پر مبنی ڈرامے کے نشر ہونے کا منتظر تھا۔ کمرا بے فکر لڑکیوں سے بھرا ہوا تھا۔ سبرینہ نے اپنی توجہ واپس اسی نکتے پر مرکوز کی، جس نے کم از کم آج کی رات تو اس کی نیند اڑا ہی ڈالی تھی۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

"اور اگر اس کے سارے شک ٹھیک نکلے تو......؟" اس نے زندگی میں بہت سی غلطیاں کی تھیں، بہت سے غلط فیصلے کیے تھے۔ اسے یقین تھا یہ خوف سے بھری زندگی اور اندیشوں کے عفریت اس کی سزائیں ہی ہیں...... لیکن ہاں، اگر آج اس سے غلطی ہوئی تھی تو اب تک کی تمام غلطیوں میں یہ سب سے بڑی ہے۔ اور اب یہ کون؟ کون سے عذاب نہیں لائے گی...... یہ سوچ کر اسے جھرجھری آگئی۔

اور بھلا کیا ہو جاتا، اگر وہ اسے پہچاننے سے انکار کر دیتی تو...... مگر اس سے اتنی بڑی حماقت ہوئی کیوں آخر...؟ کیا اس لیے کہ وہ دشمنوں میں سے نہیں لگ رہا تھا۔ یا اس لیے کہ وہ بہت دنوں بعد باہر نکلی تھی اور زندگی کے تمام بڑے سوال بھلا کر، کچھ دیر تازہ ہوا میں سانس لینا چاہتی تھی۔ یا وہ شخص بہت جانا پہچانا سا تھا یا شاید جانا پہچانا اتنا نہیں تھا جتنی اس کی آنکھوں میں دوستی تھی۔ خوش خلقی سے مسکراتی، مانوس سی، دوست آنکھیں...... یا شاید عرصے سے دشمن دنیا کے راستوں پر خوف کے ٹوکرے لادے، وہ اتنی خود ترسی کا شکار ہو گئی تھی کہ جو پہلا شناسا سا چہرہ اسے دکھائی دیا بس اس نے اسی کو اپنا نجات دہندہ مان لیا۔

وہ ہاسٹل کے ڈائننگ ہال میں کتنی دیر سے کھانے کی میز پر بیٹھی پچھتاؤں سے برسرِ پیکار تھی۔ سب کھانے والے کھانا کھا کر اٹھ چکے تھے۔

سونیا بھی اپنی پسندیدہ اسٹوڈنٹس کے ساتھ، کب کی ہاسٹل واپس جا چکی تھی۔ روزانہ سبرینہ اور اینڈریا بھی ان کے ساتھ ہی نکلا کرتی تھیں۔ رات کے کھانے کے بعد کچھ دیر کالج کے ڈائننگ ہال سے جونیئر اور سینئر ہاسٹل کے درمیان لمبی اندھیری روشوں پر رات کے پھولوں کی خوشبو سونگھتے کچھ دیر چہل قدمی کرنا، اسے تازہ دم کر دیا کرتا تھا۔

لیکن آج سبرینہ چپ چاپ تھی۔ اینڈریا نے اسے کبھی اتنی گہری سوچ میں ڈوبے نہیں دیکھا تھا...... اور ہاسٹل میں رہنے والی ایک خاتون لیکچرر سے طویل بحث میں الجھی، اسی کے اٹھنے کے انتظار میں تھی۔ وہ دیکھ رہی تھی۔ وہ جب سے پارک سے واپس آئی ہے، کسی اہم مسئلے میں گرفتار ہے۔ آخر جب ڈائننگ ہال کا اسٹاف، کھڑکیاں دروازے بند کرنے اور میزیں رات سے پہلے آخری بار چمکانے لگا تو اس سے رہا نہیں گیا۔ خاتون لیکچرر کو رخصت کر کے وہ اس کی طرف آگئی۔

"آج واپسی کا ارادہ نہیں؟" اس نے نرمی سے پوچھا تھا۔ سبرینہ بغیر ایک لفظ کہے اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔

"کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے۔"

اس نے اینڈریا ایلیسن کے ساتھ اندھیرے درختوں کے نیچے دور تک خاموشی سے لیٹی طویل روش پر سے گزرتے اپنے آپ کو مخاطب کیا۔

اور کوئی، کوئی وقت اتنا ظالم ہوتا ہے جب انسان وقت کو نہیں، وقت انسان کو گزارتا ہے۔ اس کے ساتھ ایک بار پھر ایسا ہی ہوا تھا۔

"کس قدر اندھیرا ہے۔" اس نے اینڈریا کو... بڑبڑاتے ہوئے سنا۔

"پتا نہیں کیوں یہاں روشنی کا بندوبست نہیں کرتے، صبح ضرور بات کروں گی آفس میں۔"

اینڈریا نہیں جانتی تھی کہ اس کے لیے اندھیرے کتنی بڑی نعمت ہیں۔ وہ ایسی پناہ گاہوں کی تلاش میں کتنی بار زخمی ہوئی...... اور کس کس طرح......

"وہ تمہارا دوست تھا کوئی؟" اینڈریا اس سے پارک میں ملنے والے اس اجنبی کے بارے میں سوال نہ کرتی اگر جو اسے شام سے اتنا پریشان نہ دیکھ رہی ہوتی۔

"نہیں۔" بہت دیر بعد اس کی آواز آئی۔

"دوست تو نہیں تھا۔" اس نے اینڈریا سے زیادہ خود اپنے آپ کو یقین دلایا۔

اینڈریا نے اپنے کمرے کا رخ کیا تو وہ ہاسٹل کی دوسری منزل پر اپنے کمرے کو جانے والی سیڑھیوں کی طرف بڑھ گئی۔

دوسری منزل کے لمبے برآمدے میں کھلنے والے ترتیب وار کمروں سے، کسی امریکی گلوکارہ کا گیت اس



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



کے کانوں تک پہنچ رہا تھا۔

وہ اپنے کمرے کے باہر کاریڈور کے نیم روشن کونے میں پڑی کرسی پر ڈھیر ہوگئی۔

''کیا تھا جو آج کا دن کسی بڑے حادثے کے بغیر گزر جاتا۔'' وہ ہاتھ میں ہاتھ ڈالے کندھے سے کندھا ملائے، سیڑھیاں چڑھ کر اوپر آتی لڑکیوں کو، ایک بے دھیان سی مسکراہٹ کے ساتھ، نظروں کے سامنے سے گزرتا دیکھتے ہوئے سوچ رہی تھی۔

لڑکیاں ڈراما دیکھ کر واپس آرہی تھیں۔ اونچی آواز میں ہیرو پر، ایک ساتھ جان دینے والی اور زندگی سے اپنا حصہ وصول کرتی لڑکیاں، جنہیں یقین تھا کہ ان کے حسین خواب، حقیقت ضرور بنیں گے، انہیں درد میں ڈوبی گلوکارہ وٹنی ہیوسٹن میں کوئی دلچسپی نہیں تھی جو کہہ رہی تھی۔

(''میں نے تم سے زیادتی کی لیکن میرے پیارے، کیا تم دیکھ نہیں سکتے، کیا تم میرے اندر جھانک نہیں سکتے۔'')

اور اس کی آواز سبرینہ کے دل میں، بہت دور تک بہت زور سے کسی ٹھیس کی طرح لگ رہی تھی۔

(''اگر میرے الفاظ بے معنی ہیں تو میرے گیت کی دُھن پر دھیان دو کیونکہ میری محبت وہیں کہیں چھپی ہوئی ہے۔'')

کاش اسے کوئی ٹائم مشین مل سکتی...... وہ وقت کو اتنا پیچھے لے جاسکتی کہ زندگی کی کتاب میں لکھی... بدصورت تحریریں مٹا کر دوبارہ لکھی جاسکتیں۔ وہ کسی اداس، ندیدے بچے کی طرح دونوں ہاتھوں میں چہرہ ٹکائے، اپنے آپ کو بھی اچھی نہیں لگ رہی تھی۔

لیکن افسوس کہ ایسا ہوتا نہیں...... زندگی ایک منہ بند غار ہے، جس میں صرف ایک ہی راستے پر آگے بڑھا جاسکتا ہے۔ پیچھے پلٹ کر جانے کا کوئی راستہ نہیں ہوتا۔

وہ ایک، ایک کمرے میں جھانکتی، لڑکیوں کی گنتی پوری کرکے حاضری لگاتی، ٹھیک رات دس بجے جونیئر ہاسٹل کے تمام کمروں کی بتیاں بجھوا کر لڑکیوں کو سو جانے کی ہدایت کرتی...... اپنے روزگار کے تمام فرائض ایمانداری سے انجام دے کر اپنے بستر پر آگئی۔

شام سے اب تک ملامت، پچھتاوے اور افسوس کے کتنے ہی دور، اس پر سے گزرتے رہے تھے لیکن تکیے پر سر رکھتے ہی ایک زبردست خوف اس پر حملہ آور ہوا۔

یہ ستمبر کی ابتدائی راتیں تھیں۔ گرمی بہت زیادہ نہیں تھی۔ یا شاید اسے ہی اچھے برے موسم گزارنے کی عادت ہوگئی تھی...... لیکن اینڈریا بہت تکلیف میں تھی۔

وہ امریکا کی سرد ترین ریاست مینیسوٹا سے آئی تھی۔ اسے اس قیامت کی گرمی میں اپنے کمرے کے پوری رفتار سے چلتے پنکھے میں بھی نیند نہیں آرہی تھی۔ اپنی طرف کے کمروں کی چھت پر مچھردانی لگا کر سونے کا آئیڈیا بھی اینڈریا کا ہی تھا...... اسی نے سبرینہ کو بتایا تھا کہ اس ملک میں، گرمی کے موسم میں چھت پر سونا ایک عام سی بات ہے۔ سبرینہ نے اینڈریا کو یہ بتا کر مایوس نہیں کیا کہ اس ملک پاکستان سے وہ اس سے کچھ زیادہ ہی اچھی طرح واقف ہے۔ سخت گرمیاں شروع ہونے کے بعد سے وہ اور اینڈریا چھت پر سو رہی تھیں۔

ستاروں بھرے آسمان سے اس کی دوستی بھی خوب ہوگئی تھی۔

آسمان جو ایک مہربان سامع تھا۔ ساری شکایتیں، سارے سوال خاموشی سے سنتا تھا۔ مگر آج ایک غیر معمولی رات تھی۔

اسے آسمان کی تاریکی سے، ایک کوبرا سانپ اپنی طرف لپکتا نظر آیا۔

''اگر فاروق کو سچ مچ پتا چل گیا تو......؟'' اسے لگا، رات بہت کالی ہے، چندا بھی نہیں نکلا تھا...... لیکن ستارے چمکتے، چمکتے تھک کر سو بھی گئے تھے۔ جگمگانے اور چمکنے کا یہ کھیل جیسے ان کے لیے کوئی ناپسندیدہ سا فعل بن کر رہ گیا ہو۔

''تم اس بھول میں مت رہنا کہ تم کہیں بھاگ کر جا بھی سکتی ہو۔''

کسی کی خون جما دینے والی سفاکانہ سرگوشی اس



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

کے کان میں گونجی تھی۔
"میں زیادہ نہیں کہنا چاہتا...... مگر مجھے آزمانے کی غلطی مت کرنا...... اب تک تمہیں شاید ٹھیک سے اندازہ نہیں ہوا۔"
اسے ٹھیک سے اندازہ ہو چکا تھا۔ اس نے محسوس کیا، اس کی کنپٹی سے ہو کر کان اور بالوں میں جذب ہوتے ٹھنڈے پسینے کے قطرے، گرمی سے نہیں، خوف کی زیادتی سے بہہ نکلے تھے۔
اسے اندازہ ہو رہا تھا کہ وہ اتنے مضبوط اعصاب کی مالک نہیں۔ وہ ہولے ہولے کانپ رہی تھی۔
اس خوفناک اکیلی رات میں، اس کے ساتھ کوئی بھی بڑا حادثہ پیش آسکتا ہے۔ شاید وہ کل کا سورج دیکھنے کے لیے نہ بچ سکے۔ اور اگر اگلی تمام عمر اس کے نام، ایک بے رحم قاتل کے خنجر تیز کرنے کی مشقت لکھ دی گئی...... تو وہ اس خون آلود سرخ جہنم میں کیسے جل سکے گی۔ کتنی دیر تک خوف کی شدید لہر اس کی ریڑھ کی ہڈی کو سنسناتی گزرتی رہی۔ کتنی دفعہ اس نے سوچا کہ وہ آواز دے کر ساتھ کی چارپائی پر سوئی اینڈریا کو جگالے۔ لیکن اسے لگا اگر اس نے ذرا سی آواز اونچی نکالی تو چھت کے کسی اندھیرے کونے سے، برآمدے کے کسی ستون کے پیچھے سے نکل کر کوئی ڈراؤنا ہیولہ اسے دبوچ لے گا۔
پتا نہیں کتنی رات گزر چکی تھی اور کتنی ابھی گزرنا باقی تھی۔
شاید اسے تھوڑی سی نیند آگئی تھی کہ سناٹے میں ایک ارتعاش پیدا ہوا۔ جیسے کوئی وزنی چیز دھم سے گری ہو۔ وہ ہڑبڑا کر اٹھی...... اس کا دل اچھل کر حلق میں دھڑک رہا تھا۔
ایسی آوازیں صرف وہم سے نہیں آیا کرتیں مگر کاش یہ اس کا وہم ہی ہو۔ کتنی دیر سانس روکے پڑے رہنے کے بعد اسے لگا وہ خوفناک سا اسرار، وہ بھیانک سرسراہٹ، اس کے اردگرد کی فضا سے معدوم ہوگئی ہے۔
اس کے دل کی دھڑکن ابھی معمول پر نہیں آئی تھی پھر بھی وہ اٹھ بیٹھی۔ چاروں طرف غضب کا سکون اور اطمینان تھا۔ رات اپنے دامن میں بے شمار لوگوں کے خواب سمیٹے دھیرے دھیرے گزر رہی تھی۔ دور بہت دور ہاسٹل کی باؤنڈری وال کے اُدھر لمبی اور ویران سڑک خاموشی سے لیٹی رات کے مسافروں کو راستہ دکھا رہی تھی۔ سڑک پر سے گزرنے والی گاڑیوں کی ہیڈ لائٹس ذرا دیر کو ہاسٹل کی پچھلی دیوار پر لہراتیں پھر دور ہوتے ہوتے بالکل معدوم ہو جاتیں۔
گاڑیوں کے وقتاً فوقتاً بجتے ہارن، کسی بے قابو کار کے چرچراتے ٹائر، چند لمحوں کو فضا کے جامد سناٹے کو منتشر کرتے...... پھر گزر جاتے۔
یہ دوسری ہزاروں راتوں جیسی ایک عام سی رات تھی۔ جس میں کوئی غیر معمولی پن نہیں تھا۔ کائنات کی ہر حرکت پُرسکون تھی۔ سوائے ہاسٹل کی چھت پر سانس روکے بیٹھی اس لڑکی کے جسے ایک معصوم بلی نے انجانے میں کود کر بے سکون کر دیا تھا۔ وہ پوری چھت پر ٹہل کر، یہاں وہاں سے نیچے جھانک کر اچھی طرح اطمینان کر کے بستر پر واپس آئی تو بھی اسے یقین نہیں تھا کہ اس کا خوف بے بنیاد ہے۔
صبح ہونے میں چند گھنٹے باقی تھے۔ وہ مؤذن کی آواز کو مہربان ماں کی لوری کی طرح سنتی، کب سوئی، اسے پتا نہیں چلا۔ ایسی ہی ایک اور لمبی رات کو، اس نے اپنے خدا کے بالکل نزدیک جا کر ایک دعا پہلے بھی مانگی تھی۔ وہ بند آنکھوں سے اپنے آپ کو اسی رات کی اذیت میں مبتلا دیکھ رہی تھی۔
اسے لگا، اسے سوئے ابھی کچھ ہی دیر ہوئی تھی کہ کسی نے اسے بری طرح جھنجوڑ دیا۔
اس نے بہ مشکل تمام کھلتی، بند ہوتی آنکھوں سے دیکھا، اینڈریا اس سے کچھ کہہ رہی تھی پر کیا......؟ وہ سمجھ نہیں سکی...... وہ ایک خواب میں مسلسل جاگ رہی تھی...... کتوں کے بھونکنے کی آوازیں اس کے قریب پہنچ چکی تھیں...... اس کی سانس اکھڑ رہی تھی۔ اس کے پاؤں زخمی تھے مگر وہ رک نہیں سکتی تھی...... وہ بھاگے چلی



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
Section

Click on http://www.paksociety.com for more



جا رہی تھی۔ اسے ڈیڈی کے پاس جانا تھا...... اسے ایما کے پاس جانا تھا مگر کتے اس کے تعاقب میں تھے...... اس کی بوٹیاں نوچنے کو بے قرار...... سرخ لپکتی زبانوں والے...... اس کی آنکھ کھلی تو تیز چمکیلی دھوپ اس کے اوپر تک آ رہی تھی۔

وہ بستر سمیٹ کر نیچے آئی تو ہاسٹل کی خاموشی بتا رہی تھی کہ پڑھنے والے پڑھائی کرنے جا چکے تھے۔ اس نے منہ ہاتھ دھونے کے دوران واش بیسن کے آئینے میں نظر ڈالی۔ کیا رات بھر کی کہانی اس کے چہرے پر صاف پڑھی جا سکتی تھی؟ وہ اپنا پہلا پیریڈ مس کر چکی تھی۔ کالج کی پرنسپل اچھی خاتون تھیں لیکن انہیں شکایت کا موقع دینا اچھی بات نہیں تھی۔ وہ ان کی احسان مند تھی کہ انہوں نے اسے بغیر کسی حوالے اور دستاویزی لوازمات کے، اس اجنبی ملک میں روزگار اور چھت کا آسرا دیا تھا۔ اس نے پرنسپل کے کمرے میں اپنی طبیعت کی خرابی کو تاخیر کا سبب بنا کر پیش کرنا چاہا...... اسے پتا چلا اینڈریا ایلیسن اس کی دوست یہ کام پہلے ہی کر چکی تھی۔

''ہم بلاوجہ ہی دنیا سے بدگمان رہتے ہیں...... کتنے اچھے لوگ اسی دنیا میں روزانہ ہمیں ملتے ہیں اور ہمیں احساس تک نہیں ہونے دیتے۔''

اس نے بہت شکر گزاری سے اینڈریا کے بارے میں سوچا۔ یہ کل سے اب تک ہونے والا سب سے اچھا واقعہ تھا۔

اینڈریا اسے پرنسپل کے کمرے سے نکلتے ہی ملی۔ وہ سونیا بروس کی کوئی بات توجہ سے سنتی اسی طرف آ رہی تھی۔ اسے دیکھ کر دور ہی سے بولی۔

''میں نے پرنسپل کو بتا دیا تھا کہ آج تمہاری طبیعت ٹھیک نہیں، تم کوئی کلاس نہیں لوگی۔'' اسے خیال آیا...... رات جب وہ خوفزدہ بلی بنی...... چھت پر یہاں وہاں گھوم رہی تھی تو اینڈریا نے ایک بار بھی آنکھ کھول کر نہیں دیکھا تھا۔

''کیا وہ دوسروں کی بے چینی، سوتے میں بھی بھانپ لینے پر قادر ہے؟'' سبرینہ کو یہ بات زیادہ مناسب معلوم نہیں ہوئی۔

''نہیں، میں ٹھیک ہوں۔''

اینڈریا کو لگا، وہ کسی بات کا برا مان گئی ہے...... وہ سونیا کے ہاتھ میں دبی، اپنی کہنی ہٹا کر اس کے نزدیک آئی۔

''مجھے لگا، تمہیں آرام کی ضرورت ہے۔'' سبرینہ کو اچھا نہیں لگا، جیسے وہ اس کے چہرے پر کسی سوال کا جواب تلاش کر رہی تھی۔

''تم رات بھر بے چین رہیں، میری آنکھ کھلی تو تم چھت پر ٹہل رہی تھیں۔ تم کچھ پریشان ہو سبرینہ......؟ تم مجھ سے ہر بات کر سکتی ہو۔'' وہ اس کے بالکل نزدیک کھڑی، اتنی فکرمندی سے پوچھ رہی تھی کہ سبرینہ نے گرمجوشی کی ایک زبردست لہر اپنے دل میں اٹھتی محسوس کی۔

''نہیں، ایسی کوئی بات نہیں......'' وہ اپنی تھرڈ ائیر کی کلاس لینے جا چکی تھی۔

اینڈریا کو لگا...... وہ کوئی فاصلہ کم کرنے کو تیار نہیں، وہ کسی پر اعتبار کرنے کو تیار نہیں ہے، وہ خود اپنے مسکرانے سے خوفزدہ ہے...... حتیٰ کہ اب وہ کسی سے بات کرنے سے بھی خوفزدہ ہے حالانکہ سب کی رائے سبرینہ گیبرئیل کے بارے میں یہ نہیں تھی۔ یہیں اسی کالج میں، کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ وہ حسین، مغرور اور لیے دیے رہنے والی نئی لیکچرر، کسی کو اپنے برابر کا نہیں سمجھتی...... لیکن اینڈریا ایلیسن جانتی تھی کہ ایسا نہیں ہے۔

ابھی زیادہ دن نہیں گزرے تھے کہ اس نے اینڈریا کو ہونے والے زبردست ملیریا بخار میں، دن رات ایک کر کے اس کی دیکھ بھال کی تھی۔ کسی معمولی اکتاہٹ کے اظہار کے بغیر اسے تازہ سوپ اور پلین دلیا کھلاتی، اس کا دھیان رکھتی وہ لڑکی، اینڈریا کو لوگوں کے ہر اندازے کو غلط ثابت کرتی بہت اچھی لگی تھی۔

☆☆☆

اپنی عمر کی چوتھی دہائی پھلانگ چکنے والی سونیا کا تعلق آسٹریلیا سے تھا۔ وہ ہاسٹل کی حالیہ چند سالہ تاریخ



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

کی سب سے پرانی غیر ملکی وارڈن تھی۔ اسے خود کو کم عمر اور پُر اعتماد ظاہر کرنے کا شوق تھا۔ اسے لوگوں پر ہنسنا اور بے لاگ تبصرے کرنا بھی پسند تھا۔ اس سے انسان زیادہ پُر اعتماد دکھائی دیتا ہے اور نہ جانے کیوں، اسے سبرینہ سے ایک عجیب چڑ تھی اور وہ ہاسٹل کی دیگر وارڈنز کو، اپنے خیالات سے آگاہ کرنے میں کوئی حرج بھی نہیں سمجھتی تھی۔

اسے یقین تھا کہ سبرینہ کو اپنے حسن پر سخت غرور ہے، تبھی وہ کسی سے گھلتی ملتی نہیں..... کوئی اس کے بارے میں کچھ نہیں جانتا۔

''وہ اتنی کم عمر نہیں، جتنی لگتی ہے۔'' اور......

''پتا نہیں، اس نے بیچلرز بھی کیا ہے یا نہیں..... یہ تو مسز احمد ہی اتنی سادہ ہیں کہ اسے یہاں جاب مل گئی۔''

اینڈریا کو سونیا بروس سے سخت اختلاف تھا..... لیکن وہ دیکھتی تھی کہ سبرینہ کے لیے، سونیا جیسی عورت جیسے کوئی وجود ہی نہیں رکھتی تھی اور صرف سونیا ہی نہیں، اسے اپنے اردگرد کی دنیا میں کسی سے کوئی زیادہ مطلب نہیں تھا۔ سبرینہ کے لیے اتنا کافی تھا کہ کالج کی نیک دل پرنسپل نے، اس کی استعداد کو، ایک ہی ملاقات میں جانچ کر اسے زندگی نئے سرے سے شروع کرنے کا موقع دیا تھا۔

چونکہ وہ پچھلے کئی مہینوں سے ہاسٹل میں ہی رہ رہی تھی، اسے جونیئر ہاسٹل کی وارڈن کی جزوی ذمے داری دینا، ان کے لیے زیادہ مشکل ثابت نہیں ہوا۔ انہیں انسانوں کی پرکھ کا دعویٰ تھا اب تک جو غلط ثابت نہیں ہوا تھا۔

وہ پڑھاتی کیسا تھی، اس کا اندازہ انہیں تھرڈ ائیر اکنامکس کی طالبات کے امتحانی نتائج دیکھ کر ہو چکا تھا۔ وہ جس بھی وجہ سے یہاں تھی کسی کو نقصان پہنچانے نہیں آئی تھی۔ پرنسپل یہ اندازہ بھی لگا سکتی تھیں کہ وہ زیادہ دیر شاید یہاں نہ رکے مگر جب تک یہاں ہے تب تک کالج کو اس کی قابلیت سے فائدہ اٹھا لینا چاہیے۔

اس کے دو ہی شوق تھے..... کتابیں پڑھنا......

اپنی نوٹ بک میں کچھ لکھتے رہنا..... اور کالج کی ایک سینئر پروفیسر مس تزئین اظہر سے ملنے ہاسٹل ہی میں موجود ان کی رہائش گاہ ''اسٹاف ہاؤس'' جانا۔ اسے بحث کرنے میں دلچسپی نہیں تھی..... لیکن مس اظہر کی باتیں اسے اچھی لگتی تھی۔

تزئین اظہر تاریخ پڑھاتی تھیں۔ جنوبی ایشیا اور اسلامی دنیا کی تاریخ..... جو اُن کے بقول، کبھی ترقی معکوس کا باب معلوم ہوتی ہے..... کبھی درباریوں کی خوشامد اور کبھی مستقبل میں جھانک سکنے والا جادوگرنی کا کرسٹل بال..... انہیں یقین تھا کہ تاریخ کو درست طریقے سے لکھا گیا ہوتا تو دنیا اس سے حقیقتاً کچھ سبق سیکھ سکتی تھی۔ جو تاریخ کتابوں میں درج ہے، اس میں سچ اور جھوٹ کی تمیز کرنا اتنا ہی مشکل ہے جتنا ریت سے سونا الگ کرنا۔

تاریخ سبرینہ کا مضمون نہیں تھا مگر اِس ملک کی تاریخ کا اُس ملک سے بہت گہرا تعلق تھا، جہاں سے وہ آئی تھی۔

کالج کے ساتھ تزئین اظہر کا بہت دیرینہ تعلق تھا..... دہرہ دون میں بچپن گزارنے والی تزئین اظہر تقسیم ہندوستان سے پہلے بننے والے اس تاریخی کالج کے ابتدائی سالوں کی فارغ التحصیل طالبات میں سے تھیں۔

''پاکستان بنانے والوں نے کیا سوچ کر ایک الگ ملک مانگا تھا؟''

''بعد میں آنے والوں نے اسے کیا بنا دیا؟''

سن سینتالیس میں، پاکستان بننے کے بعد، مسلمان گھرانوں کی جو گنی چنی لڑکیاں کالج کی تعلیم حاصل کر رہی تھیں اور جو تزئین اظہر کے بقول، ساڑی پہن کر سائیکل چلا لیا کرتی تھیں، بہت بہادر اور ترقی پسند لڑکیاں تھیں..... وہ ایسی لڑکیاں، اس نئے ملک کی تعمیر کے لیے، کس قدر قیمتی رہی ہوں گی۔'' وہ پاکستان کی تاریخ کے تمام اندرونی ابواب سے واقف نہ ہوکر بھی بخوبی اندازہ لگا سکتی تھی۔



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



اس ملک اور اس میں رہنے والوں کو بہت عجیب انداز سے بہت قریب سے دیکھ لینے کے باوجود وہ ان تمام اچھی باتوں پر بھروسا کرنا چاہتی تھی۔ مسز تزئین اظہر جو اپنے گھنگریالے، سرمئی بالوں میں ہاتھوں سے کنگھی کرتیں...... وہ اس ملک میں اب تک اسے ملنے والی سب سے متاثر کُن شخصیت تھیں۔ وہ اسے کالج کی عظمتِ رفتہ کے قصے سناتیں۔ مسز منجلا کماری اور مسز رحیم الدین کے زمانے کی سنہری یادیں تازہ کرتیں...... تعلیم حاصل کرنے کے لیے، اپنے زمانے کی طالبات کی زبردست لگن اور مشکلات کا ذکر کرتیں...... لیکن جو بات انہیں اپنی عمر کے دیگر لوگوں سے ممتاز کرتی تھی، وہ مستقبل سے مایوس نہیں تھیں۔ سبرینہ ان کی مثبت سوچ اور امید بھرے الفاظ کو سنتی حیران ہوتی رہتی...... ان کی باتوں میں، ان کے خیالات میں کہیں بھی وہ پیرانہ سالی، وہ عمر رسیدگی نہیں تھی جو اُن کی دوہری ہوتی کمر اور چہرے اور ہاتھوں کی جھریوں میں نمایاں طور پر جھلکتی تھی۔

سبرینہ سمجھ سکتی تھی...... وہ لڑکیاں کتنی خوش قسمت رہی ہوں گی جنہیں ان سے پڑھنے کا موقع ملتا رہا تھا۔ ہاں لیکن...... آج کے دن اس کے لیے دنیا کی ہر دلچسپی اپنی کشش کھو بیٹھی تھی۔

اس نے اس بھیانک کالی رات کی کسی گھڑی میں، خدا کے بالکل نزدیک جا کر دعا مانگی تھی اور وہ قبول بھی ہوگئی تھی لیکن وہ جانتی نہیں تھی کہ رات سے صبح کرے گی تو دن سے رات کرنا عذاب ہو جائے گا۔

یہ ایک گھنٹا گزرا ہے اب دوسرا گھنٹا گزر رہا ہے، ابھی تین گھنٹے بھی نہیں ہوئے۔ وقت جیسے کسی اڑیل ضدی گھوڑے کی طرح راستے کے بیچ رک گیا تھا اور چابک برسانے پر اور زیادہ اکڑفوں دکھانے لگتا...... وہ تمام دن گھڑی کی سوئیوں پر نظریں جمائے نامعلوم جلاد آہٹوں کی منتظر رہی تھی۔

اور اب پھر...... ایک سیاہ رات اس کے کمرے کے دروازے کے باہر سوال بن کر کھڑی تھی...... کاش اس نے لمحوں کے بجائے عمر بھر کے لیے خدا سے اپنے تحفظ کی ضمانت مانگی ہوتی۔

اس رات وہ ضد کر کے اپنے کمرے میں سوئی، کھڑکیاں دروازے اچھی طرح بند کیے حالانکہ وہ جانتی تھی جس خوفناک گھڑی کے آنے کا اسے ڈر ہے اس نے اگر سچ آنے کا ارادہ کرلیا تو یہ تالے، یہ چٹخنیاں کسی کام نہیں آئیں گی۔ وہ سائیڈ ٹیبل کا لیمپ جلا کر بستر پر آگئی اور چھت کے گھومتے پنکھے کو گھورتے ہوئے پچھلے اٹھائیس گھنٹوں کے اٹھائیس کروڑ لمحوں میں اٹھائیس ارب دفعہ گزرنے والے اسی بھیانک خوف کو اپنے اوپر سرسراتا محسوس کرنے لگی، جس نے کل سے اس کا خون خشک کیے رکھا تھا اور یہ جان کر اسے مایوسی ہوئی کہ وہ بالکل بھی بہادر نہیں ہے۔

وہ اور ہوتے ہیں جو سکون سے خود اپنے ڈوبتے، ڈوبتے رہنے کا نظارہ کرتے ہیں، آہستہ...... آہستہ...... آہستہ اور آہستہ...... بہت بہادر اور بہت ہی عالی حوصلہ...... وہ مگر اتنا۔ اتنا سارا حوصلہ کہاں سے لائے لیکن وہ رات کوئی انہونی کیے بغیر گزر گئی تھی اور اس سے اگلی رات اور اس سے اگلی والی بھی...... اصولاً

## قائدِ اعظم کی عظمت

قیامِ پاکستان کے بعد ایک غیر ملکی صحافی نے قائدِ اعظم سے کہا۔ ”آپ کتنے خوش نصیب ہیں آپ نے اپنی قوم کے لیے ایک الگ ملک حاصل کرلیا آپ بانیِ پاکستان ہیں۔“ قائدِ اعظم نے جواب دیا۔ ”میں اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ پاکستان میری زندگی میں بن گیا لیکن میں بانیِ پاکستان نہیں ہوں۔“ صحافی نے تعجب کا اظہار کرتے ہوئے پوچھا۔ ”اگر آپ اس مملکت کے بانی نہیں تو پھر کون ہے؟“ قائدِ اعظم نے جواب دیا۔ ”ہر ایک مسلمان۔“ یہ سن کر صحافی بہت حیران اور مرعوب ہوا۔

مرسلہ: رفعت مبین رفی، یو ایس اے



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

تو اسے سکون کی سانس لینی چاہیے تھی مگر وہ اور بھی بے سکون ہوگئی۔ تمام دن وہ جلے پیر کی بلی کی طرح صبح سے دوپہر تک کلاسیں بدلتی پھرتی اور اسے لگتا، وہ منحوس گھڑی نہایت سفا کی سے دور بیٹھی اس کا تماشا دیکھ رہی ہے۔ خوش فہمیاں پالنے کی اسے عادت نہیں رہی تھی۔
پھر اسے غصہ آنے لگتا...... جس برے وقت کو آنا ہے آخر وہ آ کیوں نہیں جاتا۔ اسے کس چیز کا انتظار ہے؟
کبھی وہ سوچتی...... کیوں نہیں وہ یہ ساری بزدلی چھوڑ کر بھاگ کھڑی ہوتی؟ اس اتنی بڑی دنیا میں کیا اسے چھپنے کے لیے ایک ننھا سا کونا بھی دستیاب نہیں ہوگا؟
اور سوچنے کی بات یہ بھی تھی یہ خیال پہلے کبھی اتنی شدت سے کیوں نہیں آیا؟ پھر وسوسے اس کا راستہ گم کرنے لگتے، اسے فرار کی ہر کوشش بے فائدہ لگنے لگتی۔
اسے شک تھا...... فاروق شاید کسی زیرک شکاری کی طرح اونچی مچان پر بیٹھ کر شکار کے دام میں آنے سے پہلے کی بوکھلاہٹ کا مزہ لے رہا ہے اور اسے یقین ہو کہ شکار چاہے کتنا ہی تیز دوڑے...... کتنا ہی آگے نکل جائے...... وہ رسی کا حقیر پھندا پھینک کر اسے پل میں قابو کر لے گا۔

☆☆☆

"May I come in Ma,m?"
کسی نے جالی کے دروازے سے ناک چپکا کر اسے پکارا تھا۔ وہ ابھی اپنے دھلے ہوئے کپڑے برآمدے میں تنی رسی پر پھیلا کر کمرے میں آئی ہی تھی۔ اس نے گھوم کر دیکھا اور گردن کی ہلکی سی جنبش سے لڑکی کو اندر آنے کا راستہ دیا۔
وہ اس دفعہ کے بیچ کی ہاسٹل آنے والی ان دونئی طالبات میں سے ایک تھی۔ جن کی انگریزی بولنے سے جان جاتی تھی۔ وہ جب بھی آتی، اپنا کوئی نہ کوئی مترجم ساتھ لاتی تھی۔ وہ لاہور کے کسی نواحی علاقے سے آئی تھی اور آمد و رفت کا کوئی ذریعہ نہ ہونے یا شاید کسی اور مسئلے کی وجہ سے ہاسٹل میں رہنے پر مجبور ہوئی تھی۔ مگر جس دن سے آئی تھی ہاسٹل اس کے لیے عذاب بنا ہوا تھا۔
شاید وہ اپنے گھر والوں سے اتنی قریب تھی کہ ہاسٹل کی زندگی سے سمجھوتا نہیں کر پا رہی تھی۔ سبرینہ جب بھی اسے دیکھتی، اس کی آنکھیں روئی روئی اور چہرہ سرخ ہو رہا ہوتا۔ وہ جتنا چاہتی تھی کہ اس کا وارڈن سے واسطہ نہ پڑے، اتنا ہی اس کے کام سبرینہ کے پاس اٹکے رہتے تھے۔ وہ ہر بار کسی ساتھی طالبہ کو ساتھ لے کر آتی تھی۔ اس کے کان میں وہ اپنا مسئلہ بتاتی اور ساتھی طالبہ مستعدی سے انگریزی ترجمہ اگلنے لگتی۔
''میم یہ کہہ رہی ہے، اس کے ہاسٹل کے بلیو کارڈ پر اس کے بھائی کے دستخط ہونے رہ گئے ہیں...... اب یہ ویک اینڈ پر گھر کیسے جائے گی؟ اسے ہاسٹل سے گھر لے جانے کے لیے صرف اس کا بھائی ہی آسکتا ہے۔'' وہ تھوڑی دیر رک کر پھر بولی۔
''میم...... اسے اپنے فزیکل ایجوکیشن کے یونیفارم کے لیے اپنے گھر فون کرنا ہے، کیا آپ اسے ساتھ لے جا کر کالج کے باہر کہیں سے فون کروا دیں گی؟ آج اسے یونیفارم نہ ہونے کی وجہ سے جرمانہ ہوا ہے۔ دراصل کالج سے فون نہیں ہو سکتا، مسٹر چوہدری کے پاس فون کے ٹوکن ختم ہو گئے ہیں۔'' وہ دونوں لڑکیوں کے پیغامات سنتی، مسئلے حل کرتی رہتی...... اس نے کبھی یہ بتانا ضروری نہیں سمجھا کہ اسے لڑکی کی کوئی بات سمجھنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آ رہی۔
اس نے دیکھا آج وہ اکیلی آئی تھی۔
لڑکی اس کے اشارے پر کرسی سنبھالتے محتاط انگریزی میں بولی۔
سبرینہ نے اپنی کرسی سنبھال لی پھر میز پر رکھے کاغذات کی ترتیب درست کرتے ہوئے بڑے غور سے اسے دیکھا۔ وہ گھبرائی ہوئی نہیں لگ رہی تھی جیسے آج اپنے سارے مسئلے خود ہی حل کرنے کا تہیہ کر کے آئی ہو۔ ہمیشہ کی روئی روئی آنکھیں بھی آج کچھ روشن روشن سی تھیں۔
اس نے کارڈز کے ڈھیر کے نیچے سے اپنا مطلوبہ کاغذ تلاش کر کے سیدھا کیا۔
''میں نے یہ پوچھنے کے لیے تمہیں بلایا ہے کہ


READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



مجھے سمجھ نہیں آئی، یہ کیا ہے؟'' اس نے ایک کاغذ اس کے سامنے لہرایا۔

لڑکی ذرا سا ہچکچائی...... جیسے کچھ غلط کہنے سے ڈرتی ہو۔ پھر بولی۔

''دراصل میم...... میں اپنے گھر واپس جانا چاہتی ہوں۔''

''کیا تم جانتی ہو......؟'' سبرینہ نے اسے سمجھانا چاہا۔ ''ایک بار تم نے ہاسٹل چھوڑ دیا تو تمہیں دوبارہ یہاں جگہ نہیں مل سکے گی۔ کیا مسئلہ ہے تمہیں یہاں...... مجھے بتاؤ؟''

لڑکی نے اپنے ہاتھ مسلے اور سبرینہ کو محنت سے یہ سمجھانے کی کوشش کرنے لگی کہ وہ ہاسٹل کی زندگی سے مر کر بھی خود کو ہم آہنگ نہیں کر پائے گی۔

''وہی تو میں جاننے کی کوشش کر رہی ہوں کہ کیوں......؟'' اسے لگا وہ خواہ مخواہ ہی بحث کر رہی ہے۔

''تم اپنا مسئلہ سمجھاؤ گی نہیں تو ہم اسے کیسے حل کریں گے۔'' لڑکی کچھ دیر سر جھکائے رہی پھر بالکل صاف انگریزی میں بولی تھی۔

''میں آپ کو سمجھا نہیں سکتی میم، یہ بہت عجیب سی بات ہے، دراصل میں اپنے گھر سے دور نہیں رہ سکتی۔''

''اور یہ تو میں سمجھنے کی کوشش کر رہی ہوں کہ کیوں؟''

سبرینہ کی آواز بلند نہیں ہوئی تھی مگر لڑکی سمجھ گئی تھی کہ میم اب غصے میں آ رہی ہیں۔ اس کے بالوں کی چھوٹی، چھوٹی لٹیں چھت کے گھومتے پنکھے کی آزمائش سے بے قابو ہو رہی تھیں۔ پھر اس نے لڑکی کو پہلے سے قدرے کمزور انداز میں وضاحت کرتے سنا۔

''دیکھیں...... میم! میں رات دس بجے کے بعد اپنی پڑھائی شروع کرتی ہوں اور یہاں رات دس بجے ساری لائٹس آف کر دی جاتی ہیں...... اور مجھے کسی کے ساتھ ایک کمرے میں رہنے کی عادت نہیں ہے۔'' وہ بتاتی جا رہی تھی۔

''ہاسٹل کا ماحول میرے گھر سے مختلف ہے...... اور...... میں اپنے گھر کے بغیر جی ہی نہیں سکتی۔''

وہ رک رک کر یہاں نہ رہنے کے سبب بتاتی چلی گئی۔

سبرینہ نے اپنے سامنے میز پر رکھا رجسٹر بے سبب ہی کھولا تھا۔ پتا نہیں کیوں...... اسے شبہ ہوا وہ لڑکی اسے چڑانے کی کوشش کر رہی ہے۔

''میں اپنے گھر کے بغیر نہیں رہ سکتی، گھر...... ہونہہ۔''

لیکن لڑکی حیران رہ گئی تھی۔ میم سبرینہ نے اگلا فقرہ زبردست اردو میں ادا کر کے دھماکا کر دیا تھا۔

''ہاں لیکن اپنے مستقبل کے لیے اپنی پڑھائی کے لیے ایسی چھوٹی چھوٹی قربانیاں تو دینی پڑتی ہیں۔''

لڑکی منہ کھول کر حیرت کا بہ آواز اظہار کرنے کے بجائے اچانک ہی خوش ہو گئی تھی۔

سبرینہ نے خود کو اس کے چہرے پر پھیلنے والی روشنی سے اور بھی چڑتے ہوئے محسوس کیا۔ اب وہ اسے ہاسٹل قوانین کے جن دکھا، دکھا کر ڈرا رہی تھی۔

''تم نے تین دن پہلے سے اطلاع نہیں دی تھی کہ تم ہفتے کے درمیان میں ہاسٹل سے گھر جانا چاہتی ہو۔ ہاسٹل کے قوانین میں نے نہیں بنائے۔ جس نے بنائے ہیں ان کے پاس جا کر اعتراض کرو۔'' وہ چڑ کر بولی تھی۔

''اگر ہاسٹل کی رُولز بک تم نے نہیں پڑھی تو میرا کیا قصور......؟'' وہ ٹپ ٹپ آنسو بہاتی لڑکی، وضاحتیں کرتی ہلکان ہو رہی تھی۔ وہ فوری طور پر اپنے گھر اس لیے جانا چاہتی تھی کہ صرف چند دن کے لیے خود گھر سے روز کالج آ کر دیکھ سکے، آیا وہ تنہا پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر کر سکتی ہے یا نہیں، اس کے بعد وہ ہاسٹل سرے سے ہی چھوڑ دے گی۔

مگر سبرینہ کسی بدمزاج ہیڈ مسٹریس کی طرح ''نہ'' ''نہ'' کرتی کچھ بھی سننے پر آمادہ نہیں تھی۔

آخر لڑکی تھک کر چپ ہو گئی۔ اب وہ ہاتھ کی پوروں سے اپنے آنسو صاف کر رہی تھی۔ سبرینہ کا دل افسوس سے بھر گیا...... اتنی معصوم سی لڑکی کو رُلا کر وہ دراصل کس چیز کا بدلہ، کس سے لینا چاہتی ہے۔ پھر وہ چھوٹی سی لڑکی یہ دیکھ کر حیران رہ گئی کہ جتنی ضدی سی



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

Click on http://www.paksociety.com for more

بن کر میم سبرینہ اتنی دیر سے مسلسل انکار کیے جا رہی تھیں...... اتنے ہی آرام سے وہ مان بھی گئیں۔ انہوں نے اسے گھر جانے کی اجازت دینے کے ساتھ، ساتھ اچھی سی مزیدار سی کافی بھی بنا کر پلائی تھی۔

☆☆☆

وہ بدمزاج بوڑھیوں کی طرح ہر ایک سے الجھنے لگی تھی۔ صبح سے دوپہر تک پیریڈ کی گھنٹیوں کے تعاقب میں، ایک سے دوسرے کلاس روم میں جانا، اسے مشکل ہو رہا تھا۔ وہ ان دنوں اپنی اسٹوڈنٹس کو کیا پڑھا رہی تھی اگر اتنی الجھی ہوئی نہ ہوتی تو اپنا محاسبہ ضرور کرتی۔

اور وہ ایسا ہی اکتاہٹ بھرا دن تھا جس میں سونیا بروس سے اس کی جھڑپ ہوتے ہوتے بچی...... اینڈریا اس کے عجیب وغریب موڈ سے تنگ آ کر لڑ پڑی تھی اور اس اداس سی روئی روئی آنکھوں والی لڑکی کو چڑیا کی طرح چہچہاتے، اپنی ماں کے ساتھ ہاسٹل سے رخصت کرتے، اس کی آنکھیں خواہ مخواہ گرم پانیوں سے بھر رہی تھیں۔ اس نے شدید رشک سے اپنی ماں اور بھائی کے ساتھ اپنے محبوب گھر کو روانہ ہونے والی شادمان و فرحاں لڑکی کو دیکھا۔ جس نے زمانے کی مشکلات پر لعنت بھیج کر، اپنے گھر اور اس میں رہنے والوں کو اپنے لیے چن لیا تھا۔

لیکن اسے پتا نہیں، اتنی تکلیف کس بات پر ہو رہی تھی۔ وہ ساری شام قیمتی گاڑیوں میں آنے والے والدین اور ہاسٹل میں رہنے والی بیٹیوں کی ملاقات کے مناظر دیکھ دیکھ کر کڑھتی رہی...... اور سب سے زیادہ تکلیف اسے تب ہوئی، جب وہ لمبا سفر کر کے آنے والوں کے گلے میں جھولتی، خوشی سے چلاتی، کالج کے قصے سناتی، ہاسٹل کی کم عمر طالبات کو دیکھ کر حسد محسوس کر رہی تھی۔ محبت اور فکر کا اظہار کرتے، حال چال پوچھتے، کالج کی سرگرمیوں کی روداد سنتے والدین...... ہنستے کھلکھلاتے بہن بھائی...... کچھ ماڈرن کچھ دیہاتی، درمیانی عمر کی مائیں...... سوٹ بوٹ والے، شلوار قمیص والے باپ...... سب کے معاشی درجے، اس ملک کی اس کلاس کے نمائندگی کرتے تھے، جن کا بڑا حصہ تزئین اظہر کے بقول قومی خزانے میں چند فیصد ہی ٹیکس جمع کروا پاتا ہے۔

وہی کلاس جسے ٹھوکر مارنے میں اسے کچھ تاخیر ہو گئی تھی۔ لیکن معاشی درجہ بندی سے پرے وہ سب ایک دوسرے سے جڑے...... محبت بھرے رشتے تھے اور یہ صاف ظاہر تھا۔

اسے شدید احساسِ کمتری ہوا۔ کتنے عرصے سے وہ اپنے آپ کو مضبوط کر رہی تھی۔ کتنے عرصے پہلے اسے لگا تھا اس نے خود کو سمجھا لیا ہے...... مگر یہ سچ بھی، کبھی بالکل برداشت نہیں ہوتا...... کہ کسی کو یہاں اس جگہ اس سے ملنے نہیں آنا تھا۔

اپنے باپ کو تو وہ اپنی سرکشی کی قبر میں دفن کر آئی تھی اور......

''ایما...... ایما کیا کر رہی ہو گی اس وقت......؟''

اس نے اندازہ لگانے کی کوشش کی۔ وہ دھماکوں میں گھرے، چکنا چور کھڑکیوں والے، کسی پھٹے پرانے اسپتال کی آپریشن ٹیبل پر تکلیف سے کراہتے، درد سے چلاتے انسانوں کے زخم سی رہی ہو گی۔

کسی عظیم جدوجہد کے زخموں سے چور چور سپوت کی تکلیف اپنے ہاتھوں سے چنتے اسے ایک لمحے کو بھی یہ سوچنے کی فرصت نہیں ملی ہو گی کہ اس کی بہن دنیا کے کس نامعلوم کونے میں زندگی کے کن عذابوں میں گھری، اسے یاد کر رہی ہے...... آنسو پینے کی زبردست کوشش میں، اس کا گلا بری طرح دکھ رہا تھا۔

اور یہاں آنا ہی کسے تھا...... سوائے اس بے رحم گھڑی کے...... جو قیامت کے کئی دن گزار کر بھی آ نہیں رہی تھی۔

ملاقات کا وقت ختم ہو رہا تھا۔ آنے والے مہمان اپنی منزلوں کو روانہ ہونے والے تھے...... وہ ہاسٹل واپسی کے ارادے سے کالج کے مین آفس کے باہر پڑے میز کرسی سے اپنا سامان اٹھا کر پلٹ رہی تھی کہ اسے لگا...... اس کا وہم سچا ہو گیا ہے۔

(باقی آئندہ)

For Next Episodes Visit
Paksociety.com



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more


Downloaded From
Paksociety.com

# اے عمرِ رواں آہستہ چل

عاشفہ مسعود

چالیس کا سنگِ میل عبور کیے چند ہی دن ہوئے تھے۔ ایک روز صبح جلدی آنکھ کھل گئی۔ باتھ روم میں آئینہ دیکھا۔ شکل کچھ عجیب سی محسوس ہوئی۔ شاید بہت عرصے بعد فرصت سے آئینے کے روبرو ہوئے تھے۔ ٹوتھ برش وہیں چھوڑا اور بار بار غور کیا۔ چُندھی آنکھیں کھول کھول کر دیکھا۔ کچھ سمجھ نہ آیا شکل شریف کیوں اتنی باسی سی لگ رہی ہے۔ جیسے فریج میں سبزیوں کے نیچے کسی کونے کھدرے میں رہ جانے والی مولی گاجر...... دل کو تسلی دی شاید باتھ روم میں روشنی کم ہے۔ اصل میں جیسے جیسے بجلی کے نرخوں میں اضافہ ہو رہا ہے انرجی سیور کی وولٹیج کم ہو رہی ہے۔

چھوٹا آئینہ ڈھونڈ ڈھانڈ کر نکالا۔ کھڑکی کھول کر



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

ٹیرس پہ آگئے۔ بند گھروں میں رہنے کی وجہ سے دن کی روشنی میں شاید برسوں بعد اپنی شکل دیکھی۔ ایک تو سورج کی روشنی دوسرے آئینہ بھی وہ کم بخت جو شکل کو بڑا کر کے دکھائے۔ چہرہ غور سے ملاحظہ کیا تو حواس گم ہوتے ہوئے محسوس ہوئے۔

''یا الٰہی یہ ہم ہیں یا کوئی دکھیاری ادھیڑ عمر عورت......'' آنکھوں کے کونوں پر دو لائنیں...... بھیتری آنکھیں پٹپٹائیں لائنیں جوں کی توں...... دور کی نظر بھی کم زور ہے اور عینک کے بغیر آئینہ بھی شاید عرصے بعد دیکھا تھا۔ آنکھوں کے نیچے باریک باریک لکیریں، غور سے دیکھنے کے لیے آئینہ منہ کے قریب کیا تو جلد کے کھلے مسام کھلے مین ہول لگے۔ ہونٹوں کے اطراف کی لکیریں گہری بلکہ مستقل سی ہوگئی تھیں۔ دوہری ٹھوڑی...... یا اللہ گزشتہ پندرہ بیس سال سے وزن سو پونڈ سے کم ہی رکھنے کے لیے کیا کیا جتن نہ کیے کیسے کیسے کھانے چھوڑ کر تقریبات اور شادیوں میں صرف سلاد اور ایک آدھ بوٹی پر گزارہ کیا اور مشروبات سے یوں پرہیز کیا جیسے سچ مچ ام الخبائث ہو۔ شادیوں میں جہاں کولڈ ڈرنک کی نہریں بہہ رہی ہوتی ہیں کیونکہ مائیں بچوں سے پکڑ پکڑ کر کرسیوں کے نیچے رکھتی جاتی ہیں اور پھر خود ہی اپنے ہلنے جلنے سے گرادیتی ہیں۔ ایسے میں بہت جی للچاتا تو بچے سے ایک آدھ گھونٹ لے لیا۔

''لاؤ دیکھوں تو زیادہ ٹھنڈا تو نہیں۔'' دل کو شدید دھکا لگا۔ غم کے اثرات جب چہرے پر پہنچے تو ماتھے پر باریک ،باریک لکیروں کا جال بچھ گیا۔ دل ڈوبنے لگا۔ درودیوار گھومتے نظر آئے۔ دل چاہا دنیا بھر کے تمام آئینے نہ سہی پر گھر بھر کے تو ضرور توڑ دیں۔ اور چیخ چیخ کر روئیں۔ رونا اگر مسئلے کا حل ہوتا تو شدتِ غم سے دیواروں پر ٹکریں مار مار کر روتے...... مگر اے تیسری دنیا کی مجبور عورت تجھے ابھی ہمت کر کے اٹھنا ہے۔ ''ان'' اور بچوں کو رخصت کرنا ہے۔ تیرے پاس اپنی ذات کا غم منانے کی فرصت کہاں۔ تجھے تو شاید جب فرشتۂ اجل بھی لینے آئے تو کہنا پڑے۔ ''بھائی ایک منٹ ٹھہرو بچہ ذرا باتھ روم میں ہے اسے دھولیں۔'' ''ان'' کو کہیں ہم دنیا سے جارہے ہیں تو فرمائیں گے ایک کپ چائے دیتی جانا اور دروازہ بند کردینا میرا ابھی اٹھنے کا موڈ نہیں۔ تھوڑی دیر بعد اٹھوں گا تمہارے مرنے کی دو چار چھٹیاں تو کرنی پڑیں گی۔'' بہرحال حواس مجتمع کیے اندر آکر ان کو غور سے دیکھا کہتے تو ہم بھی ان کو موصوف ہی ہیں لیکن اگر موصوف کے تخاطب سے لکھتے تو کچھ قارئین جو ہماری طرح مصنفہ کا نام پڑھے بغیر پڑھنے کی عادی ہیں کسی مزاح نگار کا سمجھ کر سوچتیں اس مرتبہ انہوں نے کچھ ماٹھا سا لکھا ہے۔ اپنے ''ان'' کا ظالم نظروں سے ایکسرے کیا تو معلوم ہوا بدلے بدلے میرے سرکار نظر آتے ہیں۔ حالت تو اُدھر بھی کچھ پتلی سی ہے۔ وہ زلفیں جو کنگھا کرنے کے بعد ماتھے پر جھولتی تھیں پیچھے ہٹی ہوئی تھیں۔ چندیا کچھ خالی، خالی سی نظر آرہی تھی اور شکل پر بھی بڑھاپے کے آثار وجیہہ جوان کے بجائے انکل انکل سے لگے تو دل کو کمینی سی تسلی ہوئی۔ اس دشت میں ہم تنہا داخل نہیں ہوئے۔

اصل میں ان کی اور ہماری عمر میں تین سال اور بارہ دن کا فرق ہے۔ بڑا کون ہے آپ خود اندازہ لگائیں شاید اس طرح ہمیں کچھ مارجن مل جائے۔ ہم دونوں ہی سنگل پسلی اور عمر چور بلکہ ڈاکو دونوں کو ہی چھوٹا بننے کا مراق...... یہ مراق کیسے پیدا ہوا اس کی ایک الگ داستان ہے۔ جب ہماری شادی ہوئی تو ساتھ ہی ہمارے جیٹھ کی بھی شادی ہوئی۔ وہ دونوں ماشاء اللہ کھاتے پیتے گھرانوں سے تعلق رکھتے ہیں...... شاید ہم دونوں کا وزن ملا کر بھی ان میں سے ہر ایک سے کم ہو اس لیے ہم سب کو چھوٹے، چھوٹے لگے بیوٹی پارلر پر ایک خاتون گویا ہوئیں۔

''آج کل ماؤں کو آخیر آئی ہوئی ہے ان کا بس نہیں چلتا ورنہ پیدا ہوتی کو ہی بیاہ دیں۔'' شادی کے بعد ہمسائیوں سے میل ملاپ ہوا ٹیرس پر سے کسی سے ہائے ہیلو سوال ہوا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

''یہ سب روبیشہ کا ہی کیا دھرا ہے۔'' بالآخر وہ فیصلہ کن انداز میں سوچتی ہوئی اٹھیں۔ منہل لاؤنج میں پتھر کا بت بنی ٹی وی کے آگے بیٹھی تھی۔ اسے بتا کر باہر نکل آئیں۔ ان کا رخ ٹیکسی اسٹینڈ کی جانب تھا۔ دیورانی کے گھر کا راستہ قدرے لمبا سہی مگر اتنا بھی طویل نہ تھا کہ وہ زین کے علم میں لائے بنا وہاں جا نہ سکیں۔

☆☆☆

ریحان سعدی گہری نظروں اور انتہائی سنجیدگی سے اپنے اکلوتے فرمانبردار بیٹے کو دیکھ رہے تھے۔ وہ شرمسار تو تھا لیکن اپنی بات سے پیچھے ہٹنے کے لیے ذرہ برابر تیار نہ تھا۔

''تم اچھی طرح جانتے ہو۔ تمہاری دونوں باتیں بڑوں کی ناراضی کا سبب بن رہی ہیں۔ ہانیہ سے شادی سے انکار بھی اور اس لڑکی کی ضد بھی۔'' اپنی بیگم کی بہ نسبت انہیں روبیشہ اور اس کے گھر والوں سے کوئی ذاتی پُرخاش نہ تھی۔ بلکہ منصفانہ طریقے سے سوچتے تو وہ ہی انہیں ہمدردی کی مستحق بھی نظر آتیں۔

''لیکن دونوں باتیں جائز بھی ہیں اور میرا حق بھی۔ میں ہانیہ سے شادی سے انکار بھی کر سکتا ہوں اور رُبا کا انتخاب بھی کر سکتا ہوں۔''

آمنہ کی برداشت کی حد بس یہیں تک تھی۔

''تمہیں اندازہ نہیں ہے، یہ صرف اتنی سی بات نہیں ہے بلال۔ اگر ہانیہ تمہیں پسند نہیں تو کہیں اور کرلو شادی مگر وہاں...... وہاں نہیں۔''

''کیوں نہیں؟'' وہ اب بھی پُرسکون تھا۔

''ایک تو وہ میری بہن کی سوکن کی لڑکی ہے دوسرے تم...... تم کچھ نہیں جانتے۔ بھئی اسے سمجھائیں ناں'' وہ آخر میں زچ ہو کر پھر شوہر کی طرف مڑ گئیں۔

''بیٹا، اس فیملی میں صرف ایک اس لڑکی کو چھوڑ کر باقی سب میں کوئی نہ کوئی فزیکل یا مینٹل ڈسٹربنس ہے۔ اس کی بڑی بہن کی شادی کو کافی عرصہ گزر چکا ہے۔ وہ اب تک بے اولاد ہے۔ خود ان کی اپنی والدہ کوئی صحت مند خاتون نہیں تھیں۔ جبھی تو صداقت کو دوسری شادی کرنا پڑی۔'' انہیں جوان بیٹے سے نظریں چرانا پڑیں۔ آمنہ کا سر بھی جھک گیا۔

''اس کی اپنی جڑواں بہن فلی مینٹلی اپنارمل ہے۔ بڑی بہن بے اولاد ہے اور بچپن میں دو بھائی پیدا ہوتے ہی انتقال کر چکے۔ ایسی لڑکی سے شادی کی خواہش؟ اور کون ضمانت دے گا کہ مستقبل میں وہ اس قسم کی مشکلات سے دوچار نہیں ہوگی۔ یا اسے ایسا کوئی مسئلہ درپیش نہیں ہوگا۔''

انہوں نے رک رک کر اپنی بات مکمل کی۔

''اس بات کی ضمانت تو کوئی بھی نہیں دے سکتا بابا اور بھلا مستقبل کی کسی بھی بات کی ضمانت دے ہی کون سکتا ہے۔ اللہ کے سوا......؟''

''تم اپنا منہ بند ہی کرلو تو بہتر ہے۔ ارے سالوں سے وہاں دیکھ رہی تھیں امینہ بیگم مگر ہوا کیا۔ اس نے بھی دکھادی ناں ہری جھنڈی۔ ظاہر ہے آنکھوں دیکھی مکھی کون نگلتا ہے۔ بس اب تم بھی اس بات کو یہیں ختم کردو۔''

اپنی طرف سے انہوں نے جھٹ پٹ معاملہ نمٹایا تھا۔ مگر بلال ایک دم بھڑک اٹھا۔

''ہرگز نہیں۔ اگر آپ یہ سمجھ رہی ہیں کہ اس طرح کی فضول فکریں پکڑا کر میرا ارادہ بدل دیں گی تو یہ آپ کی بھول ہے۔ میں اگر شادی کروں گا تو صرف روبیشہ سے بس۔'' وہ بولتے ہوئے باہر نکل گیا۔ آمنہ حق دق رہ گئیں۔ باپ کے سامنے اس قدر بدتمیزی اور بلال۔ وہ کبھی تصور بھی نہیں کر سکتی تھیں لیکن ریحان سعدی سمجھدار تھے۔ وہ نہ تو حیران تھے اپنی بیگم کی طرح...... نہ ضدی تھے اپنے بیٹے کی طرح۔ وہ پُرسوچ انداز میں دروازے کی سمت دیکھ رہے تھے جہاں سے بلال باہر نکلا تھا۔

''میرے خیال میں ہمیں بلال کی بات مان لینی چاہیے۔'' کافی دیر بعد ان کے منہ سے نکلا۔ آمنہ نے جھکا ہوا سر اٹھا کر بے یقینی سے انہیں دیکھا تھا۔

☆☆☆



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

''ارے واہ کتنی آسانی سے کتنی بڑی بات کہہ دی آپا!'' فون پر صالحہ تھیں۔ ان کا ردِعمل توقع سے بہت قریب تھا۔

''آسانی سے نہیں کی ہے صالحہ! تم اچھی طرح جانتی ہو۔ اگر ایک طرف تمہاری بیٹی ہے تو دوسری طرف میری اپنی اولاد اسی فیصلے کی زد میں آکر نقصان اٹھائے گی۔''

''تو پھر یہ بیوقوفی کیوں؟ مزے آ گئے بلال کے تو۔ بیٹھے بٹھائے من کی مراد مل جائے گی اور میری بیٹی اس کا کیا کروں میں؟ وہ بیمار پڑ گئی ہے۔ جب سے گھر میں یہ بات نکلی ہے۔'' ان کی آواز بھرا سی گئی۔

''تو پھر تم ہی بتاؤ صالحہ میں کیا کروں۔ ایک طرف ہماری بیٹیاں ہیں تو دوسری طرف...... '' انہوں نے دانت بھینچ کر اپنا غصہ نکالا۔ خدا جانے بلال پر یا روبیشہ پر۔

''اور اب تو ریحان بھی اس کی حمایت کر رہے ہیں۔''

آمنہ کا بس نہیں چلتا تھا کہ بلال کو روئی کی طرح دُھنک کر رکھ دیں۔ جس نے انہیں اپنی بہن کے سامنے شرمندہ کروانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی۔ اور اس روبیشہ کو تو کچا ہی چبا ڈالیں۔

''تم ذرا ایک دو دن صبر کرو آپا، میں صداقت سے کہتی ہوں۔'' صالحہ کی پُرسوچ آواز نے ان کے مُردہ جسم میں جیسے نئی روح پھونک دی۔

''ہیں؟ تم بات کرو گی ان سے وہ مان جائیں گے؟''

''کچھ کہہ نہیں سکتی۔ کبھی ان بیوی، بیٹیوں کا نام تو زبان پر نہیں لاتے۔ مگر خرچہ بھیجنے میں ایک دن کی بھی تاخیر نہیں کرتے۔''

ان کے صاف گو انداز پر وہ ڈھیلی سی پڑ گئیں۔

''اچھا دیکھو! خدا کرے کوئی صورت نکل آئے۔''

دل ہی دل میں دعا کرتے ہوئے انہوں نے مُردہ دلی سے ریسیور رکھ دیا۔

☆☆☆

مغرب کا دھندلا سماں اپنے پر پھیلائے سرد اداسی میں اونگھ رہا تھا۔ جبھی ایسا لگا جیسے گھر میں بھونچال آ گیا ہو۔ وہ گھبرا کر کمرے سے باہر نکلی۔ کب سے جائے نماز پر بیٹھی اپنے مجازی خدا کے مزاج مل جانے کی دعا مانگتی گڑگڑا رہی تھی۔

''ہاں گئی تھی میں، ان ماں بیٹیوں کے لچھن سدھارنے...... ارے شرم نہیں آتی...... لوگوں کے گھر اجاڑنے کا سامان کرتی پھر رہی ہے دن دہاڑے۔ ایسی بے شرم لڑکی تو دیکھی نہ سنی۔''

''کیا ہو گیا ہے امی آپ کو؟ آپ کی اپنی بھتیجی ہے وہ، آپ کا اپنا خون۔ اس پر اس طرح کا الزام لگاتے ہوئے آپ کو شرم آنی چاہیے۔ آپ خود بھی بیٹیوں والی ہیں۔''

''اے ہاں ہم بھی بیٹیوں والے ہیں مگر خدا گواہ ہے۔ ہماری بیٹیوں نے کسی پر نگاہ نہیں رکھی۔ جہاں باندھ دیا چپ چاپ سر جھکا کر بندھ گئیں نہ چوں نہ چرا ایک یہ ہیں۔ جوانی پھٹی جا رہی ہے......'' تائی امی کے زبان کے جوہر پہلی بار منہل پر کھلے تھے۔ اس کا منہ کھل گیا۔

''بس کریں امی!'' زین اس قدر زور سے دھاڑا کہ اسے لگا اس کا دل باہر آ جائے گا۔ اس نے بے اختیار اپنے سینے پر ہاتھ رکھا۔

''اب ایک لفظ نہیں بولیے گا آپ۔ بہت کہہ چکیں اور بہت سن لیا میں نے۔'' اس کا چہرہ انگارے کے مانند دہک اٹھا۔ تائی امی اور منہل دونوں ہی اپنی جگہ سہم سی گئیں۔

''روبیشہ کے بارے میں کسی نے مجھ سے ایک لفظ بھی آئندہ کہا تو نتائج کا ذمے دار وہ خود ہو گا۔'' اس کی آواز کسی دھاڑ سے مشابہ تھی۔ وہ تیز تیز قدم اٹھاتا کمرے میں گیا۔ اور پوری قوت سے دروازہ دے مارا۔ دروازہ بند ہونے کی آواز پورے گھر میں گونج گئی۔ اور اس کے ساتھ ہی تائی امی اور منہل کسی خواب سے جاگی تھیں۔

☆☆☆



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more


اسے اپنے وجود سے آگ کی لپٹیں سی نکلتی محسوس ہو رہی تھیں۔ ایک وحشت کے عالم میں اس نے ٹائی گھسیٹ کر دور پھینکی۔ اس کی نگاہوں میں روبیشہ کا سرخ چہرہ گھوم رہا تھا۔

''کیوں آتے ہیں بار بار یہاں۔ جانتے نہیں ہیں سب کو برا لگتا ہے۔'' اس نے جبڑے بھینچ کر شرٹ کے بٹن کھولے اور بیڈ پر اچھال دی۔

''ایک بار مجھے ٹھکرا کر چین نہیں ملا کیا آپ کو۔ جو بار بار بے عزت کرنے......''

''او خدایا!'' اس نے فل اسپیڈ میں پنکھا چلا دیا۔

''وہ روئی تھی۔'' اس نے پورے جسم پر پسینے کی نمی محسوس کی۔

''وہ مجھ سے بدگمان تھی۔''

''اسے مجھ سے شکایت ہوئی...... رہا کو...... مجھ سے۔'' وہ اب اپنے جسم پر موجود بنیان گھسیٹ رہا تھا۔ پنکھے کی سرد ہوا خنک موسم میں جسم میں گھسنے لگی تھی مگر اس کا وجود کسی طور ٹھنڈا نہیں ہو رہا تھا۔

''مت آیا کریں یہاں۔ جائیں یہاں سے۔''

کسی نے اس کے پردۂ سماعت پر انگارہ گرایا۔

''مت آیا کریں۔''

''چلے جائیں مت آیا کریں۔''

اسے چین نہیں مل رہا تھا۔ وہ واش روم کی طرف بڑھ رہا تھا۔ اس کی نگاہوں میں صرف روبیشہ کا چہرہ تھا۔ سرخ متورم۔ اس کے کانوں میں صرف روبیشہ کی آواز تھی...... رندھی ہوئی...... بیٹھی ہوئی...... چلاتی ہوئی۔

''مت آیا کریں یہاں۔'' وہ اب ٹھنڈے پانی کا شاور کھول کر اس کے نیچے کھڑا تھا۔ یخ پانی کی دھاریں اس کے وجود کو سرد کرتی جا رہی تھیں اور وہ بے حس و حرکت کھڑا تھا۔

☆☆☆

ریحان صاحب بہت دیر سے اپنی بیگم کا کھویا کھویا سا انداز ملاحظہ کر رہے تھے۔ کتنی بار انہوں نے بات کرنے کے لیے منہ کھولا مگر پھر چپ کر گئیں۔ بھی صرف ایک گہری سانس بھرنے پر اکتفا کیا۔

''کیا سوچ رہی ہیں آپ؟'' انہوں نے ہاتھ میں پکڑی کتاب سینے پر الٹ کر رکھ لی۔

''یہی کہ بلال کا رشتہ لے جانے کے لیے کون سا دن مناسب رہے گا؟'' بات تھی یا آہ۔ جو جانے کب سے دل میں دبی تھی۔

''تو آپ بالآخر اس بات پر راضی ہو ہی گئیں۔''

''کیا کرتی ہونا ہی پڑا۔'' ان کے لہجے میں کچھ تھا کہ وہ چونک سے گئے۔

''کیوں؟ کل تک تو آپ پروں پر پانی نہیں پڑنے دے رہی تھیں۔''

''ہاں......بس'' انہوں نے چہرے پر ہاتھ پھیرا۔

''صالحہ نے کہا تھا صداقت بھائی سے کہلوانے کے لیے کہ وہ لوگ اس رشتے سے انکار کر دیں۔''

''کیا...... بات کر رہی ہیں آپ آمنہ؟ کیا ضرورت تھی یہ فضول بات کرنے کی۔'' ریحان ایک دم بگڑ سے گئے۔ آمنہ گڑبڑا گئیں۔

''میں نے کہاں......؟ بس صالحہ خود ہی کہہ رہی تھی تو میں نے بھی کچھ نہیں کہا۔'' وہ صرف اتنا ہی کہہ سکیں۔

''حد کرتی ہیں آپ بھی۔ ایک باپ پہلے ہی بیٹیوں کو عید کے علاوہ شکل نہیں دکھاتا۔ اوپر سے آپ کہتی ہیں کہ ایک بیٹی کا رشتہ بچانے کے لیے دوسری بیٹی کے رشتے سے انکار کر دیں وہ؟'' ان کی بات غلط نہ تھی۔ آمنہ کے پاس سوائے ایک اور ٹھنڈی سانس بھرنے کے کوئی چارہ نہ تھا۔

''انہوں نے بھی یہی کہا کہ میرے لیے تو دونوں ہی برابر ہیں۔''

''ہاں تو کیا غلط کہا انہوں نے۔ رویے بھلے غیر متوازن ہوں مگر اولاد تو اولاد ہوتی ہے۔'' وہ تکیہ سیدھا کر کے لیٹتے ہوئے بولے۔

''میرے خیال میں یہ ویک اینڈ مناسب رہے گا۔''

☆☆☆



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

منگنی کی انگوٹھی بہت قیمتی اور خوبصورت تھی۔ بلاشبہ پہنانے والوں کے ذوق کا منہ بولتا ثبوت تھی اور اس کی انگلی میں آکر سج سی گئی تھی۔ اسے یہ انگوٹھی پہنے چوبیس گھنٹے گزر چکے تھے۔ مگر جذبات اس حوالے سے بالکل سپاٹ سے تھے۔ اسے امی کا تمتماتا ہوا چہرہ اور نم آنکھیں یاد تھیں۔ ایسی ہی نمی اس نے شاید زین کی آنکھوں میں بھی دیکھی تھی۔ جو بالکل اچانک بلال اور اس کے گھر والوں کی آمد کے بعد وہاں آیا تھا۔

مگر......

وہ وہاں آیا ہی کیوں تھا۔ کیسے......؟ کس لیے......؟ ایک بار رومیشہ سے سن لینے کے بعد اسے یقیناً دوبارہ پلٹ کر وہاں نہیں آنا چاہیے تھا۔ وہ ایسا وعدہ خلاف تو نہ تھا پھر......؟

''میں نے بلایا تھا اسے، تاکہ اپنی آنکھوں سے تمہاری نسبت ہوتی دیکھ لے اور پھر آئندہ تمہارا نام نہ لے۔'' اس کی سوچیں یمنیٰ نے پڑھ لی تھیں۔

اور وہ ایک دم ہی ہنس دی پھر دیر تک ہنستی رہی۔ یہاں تک کہ اس کی آنکھوں میں بھی ویسی ہی نمی آن ٹھہری۔ جو اس نے زین کی بے یقین نگاہوں میں چمکتی دیکھی تھی۔

''تم کتنی نادان ہو یمنیٰ! کتنی نادان......تم سمجھتی ہو زین کو یہاں بلا کر انہیں میری منگنی کی رسم دکھا کر تم نے ان کے دل میں موجود میرے لیے جو جذبات ہیں ان کا سدِباب کر دیا ہے؟'' اس نے جیسے یمنیٰ کے بچپنے پر سر جھٹکا۔

''بالکل پاگل ہو تم۔'' آنسوؤں کا گولہ اس کے حلق میں پھنسنے لگا تھا اور وہ نگلنے پر مجبور تھی۔

''معلوم نہیں کیوں......کیوں سب لوگ ہمارے اتنے دشمن ہو گئے۔ وہ لوگ جو ہمارے اپنے تھے۔ کیا ملا انہیں ہمیں یوں دور دور دیکھ کر۔ ہم نے تو کسی کا کچھ بھی نہیں بگاڑا تھا۔'' وہ ایک عالم بے خودی میں بڑبڑاتی، بیڈ پر دم سادھے بیٹھ گئی۔ یمنیٰ تھوڑی دیر اسے دیکھتی رہی۔ پھر دھیرے سے آواز دی۔ مگر وہ اپنے آپ میں تھی کہاں۔

''کچھ بھی تو نہیں مانگا تھا کسی سے ہم نے......ہم نے تو......ایک دوجے سے ایک دوسرے کا ساتھ تک نہیں مانگا۔ پھر کیوں...... کیوں سب ہمارے ایسے دشمن ہو گئے؟ ہمیں قریب دیکھ کر خفا ہمیں دور دیکھ کر خوش، راضی......''

''ربا!......ربا......'' یمنیٰ نے گھبرا کر اس کا کندھا جھنجوڑا۔ مگر وہ سامنے جانے کون سے غیر مرئی نکتے کو گھور رہی تھی۔

''ہم کون سا مر رہے تھے ایک ہونے کے لیے۔ ہم نے تو صبر ہی کر لیا تھا ناں۔ پھر کیوں تماشا بنانے لگے سب؟ کیا ملا سب کو یہ کر کے؟ جدا تو ہو گئے تھے ہم۔ مان تو لی تھی بات۔ مار تو لیا تھا دل پھر پھر...... پہلے تائی امی، پھر تم......''

''ربا ہوش کرو کچھ، کیا ہو گیا ہے؟'' اب کی بار یمنیٰ کی آواز بلند تھی۔ اس نے بنا چونکے یمنیٰ کی طرف چہرہ موڑا تو آنکھوں میں ٹھہرا پانی چھلک گیا۔

''کیا کیا انہوں نے؟ کیا کیا تائی امی نے؟'' وہ یمنیٰ کے سوال پر چونک کر جیسے حواسوں میں لوٹی۔

''انہوں نے وہی کیا جو تم نے آج کیا۔ مگر وہ جیت گئیں۔ وہ بازی لے گئیں۔ تم جیت گئیں۔ سب لوگ جیت گئے ایک سوائے میرے۔ صرف میں ہار گئی۔ زین ہار گئے۔ بس......بس ہم۔'' وہ بے دردی سے اپنے ہاتھوں میں پہنے گجرے کھسوٹ رہی تھی۔

☆☆☆

رات کے سیاہ کشکول سے، تاریکی اور سناٹے کے سکے ایک ایک کر کے گرتے جا رہے تھے۔ اس کی بے نیند سرخ آنکھیں پوری طرح کھلی ہوئی تھیں۔ اور ان میں صرف ایک مانوس چہرہ آن سمایا تھا۔ کتنی حیرت اور بے یقینی تھی اس چہرے پر۔ کتنے سوال تھے اس کے خاموش لہجے میں۔ اور کتنا دکھ تھا اس معمولی سی نمی کی تہ میں...... اور وہ واپس چلا گیا۔ چچی کو مبارک باد دے کر۔ اس نے کوئی سوال نہیں کیا۔ کوئی جواب نہیں



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



مانگا۔ کوئی بات نہیں کی۔ اس کے پاس آ کر بیٹھا تک نہیں۔ اور رویشہ کا سر جو جھکا تو اس کے بعد دوبارہ اٹھ ہی نہ سکا۔

اس کا دل تو تب سے ہی پگھل رہا تھا۔ دھیرے دھیرے، قطرہ قطرہ، لمحہ لمحہ، نہ کل رات اور نہ آج، اسے نیند نہیں آئی تھی۔ اسے یاد بھی نہیں تھا کہ کل وہ واپس کب گیا۔ وہ اس کے بعد سب کچھ بھول گئی تھی۔

یمنیٰ کی چہکتی آواز...... بلال کے چہرے کے انگنت رنگ...... متوقع ساس اور سسر کا روکھا رویہ اور اکلوتی نند کی غیر موجودگی وہ بھی اتنے اہم موقع پر۔ کسی بھی دھیان کی راہ پکڑنے سے پہلے دو نم، حیران آنکھیں اس کے راستے میں کھڑی ہوئیں اور وہ خود سے نظریں چرانے لگی۔ موبائل کی اسکرین لمحہ بھر کو چمک کر بجھ گئی۔ اور زندگی میں پہلی بار اس نے مسکرا کر نہیں بلکہ بے تابی سے جھپٹ کر سیل اٹھایا تھا۔

''راستے تو جدا ہو ہی گئے لیکن منزل پر پہنچنے سے پہلے ایک بار بھی مڑ کر نہ دیکھا۔ اپنی خوشی میں شامل کرنے کے لیے ہی سہی۔ ایک بار یاد تو کیا ہوتا۔ تم جان لیتیں...... دوستی کسے کہتے ہیں۔''

اس کی پلکوں پر ٹکے آنسو رواں ہو گئے۔

''یاد تو اسے کیا جاتا ہے جو بھول جائے۔''

یہ سیل بھی زین کا تحفہ تھا اور یہ سنگل بیڈ بھی۔ جس پر وہ لیٹی ہوئی تھی۔ سرہانے دیوار میں نصب ہوئی جدید طرز کی رائٹنگ ٹیبل، لیمپ اور کتابوں کے ڈھیر میں حصہ بنی بیشتر کتابیں اسی کی یادگار تھیں۔ اس کے دستخط اور دعائیہ الفاظ سے جن کے سرورق جگمگاتے تھے۔

وہ سیل آف کر کے سینے پر رکھ کر بے اختیار سسک پڑی۔ جس سینے میں دھڑکتا دل اسی کے نام کی مالا جپتا تھا۔

''مجھے معاف کر دیں زین جو بھی تکلیف آپ نے یمنیٰ کی وجہ سے اٹھائی اس کے لیے۔'' ٹوٹتے الفاظ، لبوں کو چومتے جا رہے تھے۔ بالکل اسی طرح، جس طرح کچھ دن پہلے زین کے لبوں سے نکلتے






READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

فضاؤں میں تحلیل ہو گئے تھے۔
"مجھے معاف کر دو روبیشہ، جو بھی تکلیف تمہیں امی نے پہنچائی اس کے لیے۔"

☆☆☆

آج پتا نہیں کون سا دن تھا...زین العابدین اور منہل کی بات چیت بند ہوئے۔ وہ اس کے معمولات اور ضروریات کا پہلے ہی کی طرح خیال رکھ رہی تھی لیکن زین ایک "ہوں" سے آگے بڑھنے کو تیار نہ تھا۔ کئی بار اس نے سوچا، اس سے اس موضوع پر بات کرے یا کم سے کم اتنا ہی پوچھ لے کہ جو کچھ بھی ہوا اس میں اس کا کیا قصور تھا۔ بہر حال وہ اس کا شوہر تھا اور ایک مشرقی بیوی کی طرح اس کی بے اعتنائی اسے جلاتی اور تڑپاتی تھی۔ خاص طور پر اس صورت میں جبکہ اسے اچھی طرح پتا چل چکا تھا کہ اپنے شوہر کی سوچوں اور دل و دماغ پر وہ اکیلی ہی قابض نہیں۔ کوئی اور بھی پورے طمطراق سے وہاں براجمان ہے۔ یا پھر شاید وہ خود تو کہیں تھی ہی نہیں۔ ہر جگہ وہ ہی وہ تھی...... "روبیشہ......" اس نے ایک حسرت سے اس کا نام لے کر دوسری طرف کروٹ لے کر سوتے ہوئے زین کو دیکھا۔ پھر کچھ دیر یونہی دیکھتی رہی۔ پھر جانے کیا سوچ کر دھیرے سے اس کا بازو ہلایا۔

"زین!......زین!"

وہ گہری نیند سے جاگا تو مُندی مُندی آنکھوں میں حیرانی سموئے اسے دیکھنے لگا۔ اور وہ اسے جگا تو چکی تھی۔ لیکن سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ کیا بات کرے۔ اسے یوں نیند سے جگانے کی کیا وجہ بیان کرے۔ کوئی ایسی بات جو اس کا دل خوش کر دے۔ یا کچھ ایسا کہ وہ مسکرا دے۔ الفت کی نظر یا کرم کی کوئی ایک ساعت اس کے نصیب میں لکھ دے۔

"میں...... مجھے نیند نہیں آ رہی۔" وہ اٹکنے لگی۔

"تو......؟" اس کا سوال اتنا ہی لاتعلق تھا جتنا کہ وہ خود۔

"میں نے سوچا آپ تھوڑی دیر......

میں......میرے ساتھ جاگ لیں تو ہم باتیں کر لیتے۔"

آخری الفاظ پر اس کی آواز بالکل دم توڑ گئی۔

"نیند تمہیں نہیں آ رہی اور جاگوں میں؟" منہل کو لگا جیسے لمحے بھر کے لیے اس نے منہل کی ہنسی اڑائی۔ گویا پسِ عبارت کہیں "تمہاری اوقات کیا ہے؟" چھپا بیٹھا تھا۔

وہ سر جھکا کے لب کچلنے لگی۔ کسی ناکردہ جرم کے مانند اس نے زین کو جگانے کی غلطی کر ڈالی تھی۔

"کوئی سلیپنگ پلز لے لو۔ مجھے صبح آفس جانا ہے۔" قیمتی مشورہ حاضر تھا۔

وہ کمبل منہ تک تان کر لیٹ چکا تھا۔

شادی کی پہلی رات کے علاوہ اس نے کبھی منہل کو اپنی اس "خاص توجہ" سے نہیں نوازا تھا جس کا ارمان اور جس کا تصور ہر نو بیاہتا کے چہرے پر گلال بکھیر دیتا ہے۔ جو سہاگن کے وجود کو گلاب کی طرح مہکا دیتا ہے۔

منہل کب تک اس پتھر کے وجود کو تکتی اپنی قسمت سے شکوہ کرتی۔ جلد یا بدیر اسے نیند آ ہی جاتی تھی۔ پلز کے بغیر بھی لیکن جب تک نیند نہ آئی۔ آنسو اس پر مہربان تھے۔ جانے کیوں بہتے آنسوؤں کی تپش تلے دل کے کسی پوشیدہ کونے میں کہیں کچھ بہت غلط ہو جانے کا احساس سربھوڑائے سلگ رہا تھا۔

☆☆☆

بلال کو اس کا نمبر پہنچایا جا چکا تھا۔ یقیناً یہ یمنیٰ کی مہربانی تھی۔ جس کی خود اسے خواہش تھی نہ ضرورت۔ ہاں ایک مجبوری ضرور تھی۔ جو اسے نبھانی تھی۔ اس بات سے بے خبر یا جان بوجھ کر نگاہیں چرائے کہ یہ خیر خیریت، صبح و شب بخیر کے مختصر پیغامات چند لمحوں یا چند دنوں یا چند ہفتوں کی بات نہیں اور مجبوری تاحیات کون نبھا سکتا ہے بھلا...... ایک نہ ایک دن، کسی نہ کسی کو تو ختم ہونا ہی پڑتا ہے۔ یا تو مجبوری...... یا اسے نبھانے والے کو خود......

ایک سرخ، سرد، اداس شام میں یمنیٰ آئی تو



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
Section

Click on http://www.paksociety.com for more



مسکراہٹ اس کے لبوں پر دمک رہی تھی اور نگاہوں کی چمک خیرہ کُن تھی۔

امی نے چٹا چٹ چوم کر اس کی نظر اتار ڈالی وہ ہونق بنی اس کا منہ تک رہی تھی جب انہوں نے اس کی کمر پر ایک دھپ رسید کی۔

''دیکھ کیا رہی ہو خیر سے خالہ بننے والی ہو۔ خدا خیریت سے وہ دن دکھائے میری تو آنکھیں ترس گئی تھیں اس سچی خوشی کو دیکھنے کے لیے۔''

انہوں نے کپکپاتے لبوں سے اس کی پیشانی چوم کر ڈھیروں دعائیں دیں اور خود چائے بنانے اٹھ گئیں۔

دوسرے دن شام تک اس خوشی کو بانٹنے کچھ مہربان چلے آئے۔ تائی امی اور منہل کی آمد نے اسے اس حد تک حیران کیا کہ وہ سلام کرنا ہی بھول گئی۔ دل تو چاہا کہ وہیں سے پلٹ کر کمرے میں چلی جائے اور دروازہ بند کر کے اس وقت تک باہر نہ نکلے جب تک وہ واپس نہ چلی جائیں مگر دل پر کس کا زور...... لوگ کس طرح دوسروں کو اپنی نظروں سے گرا کر رشتے استوار کرنے چلے آتے ہیں۔

''اور ان کو یہ خبر دی کس نے؟'' یہ معما بھی ان ہی کی زبانی حل ہوا۔ دوپہر کو آمنہ کے فون کرنے پر امی نے خوشی خوشی انہیں اپنی خوشی میں شریک کیا اور شام تک نمک پاشی کے اسباب سمیت احباب موجود تھے۔

''ارے دوسری سب باتیں بھلا کر خوشی منانے چلے آئے ہم تو۔'' انہیں اپنے گزشتہ رویے پر کوئی ندامت نہ تھی۔

''بس اللہ نظرِ بد سے بچائے۔'' امی حسبِ عادت مسکرائے گئیں۔

سالوں گزرے انہوں نے جیٹھانی سے کبھی تکرار نہیں کی تھی۔ جب باقاعدہ ارادے کے ساتھ وہ روبیشہ کے کردار پر کیچڑ اچھالنے آئی تھیں تب بھی نہیں تو پھر اب اس مبارک موقع پر تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔

''ہر مہینے دھیان سے الٹرا ساؤنڈ کروانا۔ ورنہ اپنی بہن کا قصہ تو یاد ہے ناں تمہیں۔'' تائی امی نے پٹاخا چھوڑا۔

''یا اللہ خیر......''

''میری بہن کے ساتھ ایسا ویسا کچھ نہ ہو۔'' اس نے بے اختیار دہل کر خدا سے دعا کی۔

''ہاں بھئی اللہ سب کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ ہم تو خدا سے یہی دعا کرتے ہیں بس۔'' روبیشہ کو ایک فیصد بھی یقین نہ تھا۔ نہ ان کی باتوں پر نہ ان کی دعاؤں پر۔

کہر آلود شام کو اندھیرے نگل رہے تھے۔ برآمدے میں پلنگ کے پائے سے لپٹی صبغہ اپنا سر کھجا رہی تھی۔ اس نے سردی کی شدت میں اضافے کو محسوس کر کے اسے اندر لے جانا چاہا تو اس کے پیر سے بندھی زنجیر نے اس کی آنکھیں بھگو دیں۔

☆☆☆

وقت سست رفتاری سے گزرا مگر، بہر حال...... اسے بلال کی خبر گیری کی عادت پڑ ہی گئی۔ خوش ہوئے بغیر وہ اس کے ایس ایم ایس اور کال کی منتظر رہنے لگی۔

زین تو اس دن کے بعد سے پلٹ کر نہیں آیا۔ بس وہ آخری پیغام اور اس سے جڑی طویل خاموشی ایک ایسا زخم تھا جو معمولی سی یاد کی ٹھیس سے پکنے لگتا۔ رِسنے لگتا اور ایسے میں بلال کو زبردستی سوچنا نکال نکال کر اس کے میسجز پڑھنا...... ایک پین کلر کے مانند...... ایک درد کُشا کے بہلاوے کی طرح۔ درد کشا...... جس کا زخم کی گہرائی اور اس کی نوعیت سے اتنا واسطہ نہیں ہوتا لیکن وہ زخم کھانے والے کو وقتی طور پر درد سے نجات دلا کر ایک پُرسکون غنودگی میں دھکیل دیتا ہے۔

ایسا ہی ایک درد کُشا منہل کو چاہیے تھا۔ اپنے شریکِ سفر کی بے رخی، بے اعتنائی کاٹنے کے لیے۔ ساتھ ہوتے ہوئے بھی تنہائی کا عذاب بھوگنے کے لیے اور اس کے پاس اس کی تنہائی کے رفیق فی الحال یہ سناٹے اور خاموشی ہی تھی۔

وہ اکیلے ان بدنما، عفریت نما دوستوں سے نبرد آزما رہتی اور زین چپ، چاپ اپنے کام میں گم۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

وہ آزمائش کی کن گتھیوں سے الجھ رہی تھی اسے خود بھی نہیں پتا تھا۔

وہ کسے آزما رہی تھی۔ خود کو، اپنے ضبط کو یا زین کی محبت کو جو کسی اور کے در پر تشنہ چھوڑ آیا تھا۔ وہ خود نہیں جانتی تھی۔

آگہی کا ناگ جو لاشعور سے شعور کے درمیان کھنچے باریک حاشیے پر کنڈلی مارے بیٹھا تھا۔ اسے تب ڈستا جب وہ ادراک کے دروازے کھولتی اور یہ کواڑ تو ایک نہ ایک دن وا ہونے ہی تھے پھر وہ دن جلد ہی آن پہنچا۔

تائی امی یمنیٰ کی خوشخبری کی مبارکباد دے کر آنے کے بعد سے ہی اسے ٹٹول رہی تھیں۔ اٹھتے بیٹھے، کھاتے پیتے چلتے ہوئے وہ ان کی نظریں خود پر محسوس کرتی جز بز ہوتی رہتی۔

''کتنے ہفتے ہو گئے شادی کو اب تک کوئی خوشی کی خبر نہیں سنائی تم نے۔'' انہوں نے بہت نرمی اور سبھاؤ سے بات شروع کی تھی۔ وہ اسی وقت فون پر بیرونِ ملک مقیم اپنی بیٹی سے بات کر کے اس موضوع پر مشاورت کر کے بیٹھی تھیں۔

''جی!'' منہل بات کو یہیں تک رکھنا چاہتی تھی۔

''جی...... کیا جی'' انہوں نے حیرت سے گھورا۔

''کل چلنا میرے ساتھ۔'' بالکل اچانک فیصلہ ہوا۔

''کیوں؟'' وہ ہکا بکا سی ہو گئی۔

''ارے چیک اپ کراؤں گی تمہارا اور کیوں۔''

''لیکن کیوں...... کس لیے؟''

''لو جیسے تمہیں کچھ پتا نہیں۔ اتنے مہینے ہو گئے شادی کو اور بچے کی آمد کے کوئی آثار ہی نہیں۔ آج کل ویسے ہی زمانہ خراب ہے۔ نت نئی بیماریاں سن لو آئے دن بیٹھے بٹھائے۔'' تائی امی ناگواری سے بولتی چلی جا رہی تھیں۔

''لیکن میں کوئی بیمار نہیں ہوں۔'' وہ غصے کے مارے اتنا ہی بول سکی۔

''تمہارے کہنے سے کیا ہوتا ہے۔ اچھی بھلی عورتیں شادی کے بعد بانجھ نکلتی ہیں۔ یہ تو ڈاکٹر ہی بتائے گی۔''

''کیا بتائے گی ڈاکٹر؟ میرے بانجھ پن کی تصدیق کرے گی وہ...... تو سن لیں کان کھول کر۔ میں بانجھ نہیں ہوں گی اور محرومی آپ کے بیٹے میں ہے۔ سنا آپ نے۔''

''ہیں...... کیا بکواس کر رہی ہو لڑکی......؟'' وہ اچھل ہی تو پڑیں۔

''جی، ٹھیک کہہ رہی ہوں میں۔ پوچھیے اس سے جا کر۔ اگر میری بات غلط ہے تو اتنے مہینوں سے......''

بات کچھ مکمل کرتے، کچھ نہ کرتے اس کی آواز، انا، نسوانیت سب ریت کا ڈھیر بن گیا۔ اور آنسوؤں کے سیلاب میں یہ ریت بہہ ہی جاتی لیکن وہ اٹھ کر تیزی سے کمرے میں چلی گئی۔

تائی امی گنگ تھیں۔ حیرت سے یا شاید صدمے سے۔

☆☆☆

بلال کے بالکل اچانک ہی باہر جانے کے انتظامات مکمل ہو گئے۔ وہ دل میں اٹھتے اداسی کے احساسات کو کچلنے کا سوچ کر ہی دنگ رہ گئی۔

''محبت رنگ بدلتی ہے۔''

اس نے سنا تھا کبھی۔ اب شاید اس تجربے سے گزرنے کا وقت آیا ہی چاہتا تھا۔ جبھی اس نے جانے سے پہلے ایک بار رُبا سے اپنے آنے کی خواہش کا اظہار کیا تو وہ انکار نہ کر سکی۔

''دوپہر کے کھانے میں ذرا اہتمام کر لینا۔ باہر چلا گیا تو جانے کب واپسی ہو گی۔'' امی نے کہا۔

کباب، بریانی، کوفتے، ٹرائفل اور چائنیز سوپ۔ اس اہتمام میں سب ہی کچھ شامل تھا۔ چاہے ایک فرد کے لیے ہی سہی لیکن اسے مستقل ایسا لگتا رہا جیسے سب کچھ اوپری سا ہے۔

''اور اگر اسی جگہ آج زین کو آنا ہوتا یا زین مجھے چھوڑ کر جا رہے ہوتے تو......؟'' ایک خیال بڑا بے موقع چبھ گیا۔ گرم گرم سوپ چمچے سے اس کے ہاتھ پر ٹپک گیا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

اس نے ''سی'' کی آواز کے ساتھ ہاتھ مل کے نیچے کر دیا۔ چند ہی لمحوں میں وہاں ایک ننھا سا آبلہ بن چکا تھا۔

وہ کئی لمحے اس آبلے کو دیکھتی اسے زین کی یاد سے جڑے تحفے سے تعبیر کرتی رہی۔ یہاں تک کہ بیل بج اٹھی۔

امی نے دروازہ کھولا تھا۔ اسے لاؤنج سے بلال کے دھیرے دھیرے بولنے کی آواز آ رہی تھی اور اپنے کمرے سے صبغہ کے چلّانے کی بھی۔ اسے رات سے شدید بخار تھا۔

''مجھے بھی جا کر سلام کرنا چاہیے۔''

ہر مرحلہ ایک پُرسوچ آزمائش بن چکا تھا۔ (اور بھلا پوری زندگی آزمائش میں گزاری جا سکتی ہے؟ جانی بوجھی آزمائش)

''ایک شخص کے بدلنے سے کیا کچھ بدل چکا تھا۔ کہاں کہاں، کس کس جگہ۔'' اس نے گہری سانس لے کر قسمت کے آگے ہتھیار ڈال دیے۔

بلال کی آنکھوں میں اسے دیکھ کر ایک واضح چمک آئی۔ یا شاید اس کی آنکھیں چمکدار ہی ہوں گی۔ اس وقت چمک بڑھ گئی تھی اور اس چمک کا عکس چہرے پر جھلملا کر اسے روشن کر رہا تھا۔

''کیسی ہو رہا؟'' الفاظ کے سوا سب ہی کچھ مختلف تھا...... آواز، لہجہ اور انہیں ادا کرنے والا۔

وہ ''ٹھیک اور خیریت'' کی رسم کے درمیان معلّق ہوئی چاہتی تھی کہ کمرے سے یکدم صبغہ کے چیخنے کی آواز آئی۔

''میں ابھی آتی ہوں۔''

وہ پل میں لپک کر اندر چلی گئی۔ اور وہ پل کے لیے بے مزہ سا ہو گیا۔ لیکن یہ کیفیت زیادہ دیر نہیں رہی۔ اسے جلدی واپس جانا تھا۔ اس لیے جلد ہی کھانا چُن دیا گیا۔

وہ پہلی بار اپنی ہونے والی سسرال یوں تنہا آیا تھا۔ وہ بھی گھر والوں کے علم میں لائے بغیر اس کے خیال میں امی یا بابا اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ وہ اکیلے یہاں آئے۔ لیکن دراصل وہ اکیلے ہی آنا چاہتا تھا تاکہ من چاہی ہستی کے ساتھ تھوڑا وقت گزار سکے۔ کھانا مزیدار تھا۔ اور پھر یادگار بھی ہو گیا۔

روبیشہ بالکل سامنے ہی تو بیٹھی تھی۔ رکی رکی سی، نیچی نظریں، دھیمی دھیمی آواز لہجہ اور انداز۔ ایک مسحور کُن احساس اسے اپنی لپیٹ میں لے رہا تھا۔ سفید دوپٹے کے ہالے میں اس کا سادہ چہرہ دمک رہا تھا۔ کچھ دیر کے لیے اسے تکتے ہوئے، وہ اپنے برابر میں بیٹھی اس کی تواضع کا دھیان کرتی امینہ بیگم کو بھی بھول گیا۔ جبھی ایک سوچ......

''اگر زین بھائی دیوانے تھے بھی تو، یونہی تو نہیں ہوں گے۔'' ایکا ایکی دل میں ابھرنے والے اس خیال نے لحظہ بھر کے لیے اسے دنگ کیا پھر مضطرب......

ابھی وہ خود کو پیش کی جانے والی تاویل کی پھسلتی ڈور کو سنبھال ہی رہا تھا کہ کسی نے اس کے کندھے پر ہاتھ مارا۔ اس نے یونہی بے دھیانی میں مڑ کر دیکھا۔ اور پھر جیسے ایک دم ہڑبڑا کر رہ گیا۔ وہ کون تھی؟ روکھے بے ترتیب بال۔ بڑے بڑے باہر کو ابلتے دیلے دیلے ہونٹوں کے کناروں سے نکلتی رال اور عجیب بھاری اور ڈراؤنی آواز۔ اسے لگا، اس کا دل سینے سے باہر نکلتے نکلتے بچا ہے۔

''ارے صبغہ۔ تم کہاں آ گئیں یہاں۔'' رہا نے ایک دم بڑھ کر اسے سنبھال لیا پھر برابر میں بٹھا لیا۔ بلال نے ایک نظر اسے دیکھا۔ اور نظر چرا کر دوبارہ بیٹھ گیا۔

''گھبراؤ نہیں یہ کچھ نہیں کہے گی تمہیں۔'' امینہ بیگم نے اس کی گھبراہٹ بھانپ لی تھی۔ وہ جھینپ کر کھانے کی طرف متوجہ ہو گیا۔

روبیشہ اب خود کھانے کے بجائے اسے کھلا رہی تھی۔ وہ ایک چمچہ سوپ لے کر اس کے منہ میں ڈالتی پھر، باچھوں سے بہہ نکلنے والا لعاب کپڑے سے صاف کرتی۔

بلال کے لیے کھانا مشکل ہو گیا۔ اسے بے اختیار



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

گھن آنے لگی۔ اس نے جلد ہی کھانے سے ہاتھ کھینچ لیا اور پھر مزید اصرار کے باوجود اور نہیں کھا سکا۔

روبیشہ جانتی تھی یہی ہوگا۔ اس نے بلال کا ردِعمل دیکھنے کے لیے صبغہ کو وہاں بٹھایا تھا۔ اور اس کا ردِعمل اس کی توقع سے مختلف نہ تھا۔ اس کے دل میں بے اختیار دکھ نے سر اٹھایا اور کسی احساسِ زیاں نے بھی۔

زین نے آج تک کبھی صبغہ سے گھن کھائی تھی نہ خوف۔ وہ ہمیشہ بہت آرام سے اسے چھوٹی بچی کی طرح ٹریٹ کرتا تھا۔ اور بلال ابھی تک اس پر ایک اچٹتی نظر ڈال کر جھر جھری لے رہا تھا۔

''اوہ خدایا!''

بلال کے دل سے بار بار صدا نکلتی۔

''یہ روبیشہ سے اس قدر مشابہ کیوں ہے؟''

اس کی نظر اڑ اڑ کر ان دونوں پر پڑتی رہی، جب تک کہ روبیشہ وہاں سے اٹھ کر چلی نہ گئی۔ لیکن اس نے جان بوجھ کر صبغہ کو وہیں چھوڑ دیا۔

''جب زندگی بھر کا ناتا جڑنے جا رہا ہے۔ تو بہتر ہوگا کہ وہ مجھے اور مجھ سے جڑے تمام پہلوؤں کو اچھی طرح پرکھ لے۔'' اس کی سوچ تھی۔

اسے چائے پکڑا کر واپس آتے ہوئے اس نے بلال کے چہرے پر کراہیت دیکھی۔ اس کا دل نئے سرے سے دُکھا۔

ابھی وہ اسی خیال میں گم چائے کی کیتلی سنک میں رکھے اسے گھور رہی تھی۔ جب اس نے صبغہ کی آواز سنی۔ وہ زور زور سے اسے بلا رہی تھی۔ اماں جانے کہاں چلی گئی تھیں۔ پھرتی سے پلٹ کر کچن سے نکلتے نکلتے اسے بلال بھی آواز دے چکا تھا۔

صبغہ اس کا ہاتھ مٹھی میں دبوچے بری طرح کھینچ رہی تھی۔ دوسرے ہاتھ میں گرم چائے کا کپ اور ساسر تھی۔ جسے وہ بچانے کی بھرپور کوشش کر رہا تھا۔ لیکن کوشش ناکام رہی اور گرم چائے اس کی سفید بے داغ شرٹ پر الٹ گئی۔ چائے بے حد گرم تھی۔ یقیناً اسے تکلیف ہوئی ہوگی۔ روبیشہ نے بے اختیار زبان دانتوں میں دبالی۔ لیکن اس سے پہلے کہ وہ صبغہ کو روکتی یا کچھ کرتی۔ بلال نے ایک جھٹکے سے اپنا بازو چھڑا کے صبغہ کے منہ پر تھپڑ دے مارا۔

''ہا......'' روبیشہ کا منہ کھلا رہ گیا۔

صبغہ کی آواز کا گلا گھونٹ دیا گیا۔ ہلچل مچاتے منظر پر سکتہ طاری ہوگیا۔ وہ بری طرح الٹ کر پیچھے گری۔

''صبغہ......صوبی میری جان۔''

روبیشہ کا دل جیسے کسی نے بھاری بوٹ تلے مسل دیا۔ وہ لپک کر بہن کو اٹھانے لگی۔ صبغہ کے منہ سے آواز نہیں نکل رہی تھی۔ وہ عجیب وغریب انداز میں بھونڈی سی آواز میں دھیرے دھیرے رونے لگی۔ روبیشہ اسے بے تحاشا چوم رہی تھی۔ بلال کو اس نے یکسر نظرانداز کر دیا تھا۔ بلال چند لمحے کوفت زدہ انداز میں اسے اپنی جڑواں ابنارمل بہن کو پیار کرتے دیکھتا رہا پھر اپنی سفید شرٹ پر پڑے بدنما داغ دیکھتا ہوا سیدھا نکلتا چلا گیا۔

☆☆☆

دوپہر ڈھل کر منڈیروں پر سمٹ گئی تھی۔ زرد، اداس اکیلی دوپہر۔ اسے اپنے وجود میں اور اس دم توڑتی دوپہر میں کوئی فرق محسوس نہ ہوا۔ عزتِ نفس کی موت اگر انسان کی اپنی موت ہوتی تو وہ کب کی مر چکی ہوتی۔

''بانجھ......بیٹے سے پوچھیں۔''

ادھوری پرچھائیاں......

''مجھے کوئی بیماری نہیں۔'' بولتا لہجہ اور بدلتا منظر۔ خون آشام جڑیلی، سوکھی بیلیں، تند و تیز ہواؤں کے جھکڑ میں ڈولتی......

''بانجھ ہے یہ...... یہ ہے بانجھ۔ اتنے...... کتنے......کتنے مہینے ہوگئے ہ؟''

غصے میں چیختی چلاتی انگلی اٹھا کر اس کی طرف اشارہ کرتی......

وہ اس منظر میں موجود ہی نہیں تھی۔ جہاں وہ تھی،



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY Section

Click on http://www.paksociety.com for more



وہ تو کہیں اور پہنچی ہوئی تھی۔

گھنا، تاریک، تنہا، جنگل.....کالی گھور سیاہ رات......اور سر سے زمین تک لٹکتی سیاہ بیلیں جن میں کوئی پتا نہ تھا، کوئی پھول نہ تھا، فقط سرمئی سیاہ......جن کے نوکیلے ابھری نیلی رگوں والے ہاتھ لمبے ہوکر فضا میں لہرا رہے تھے۔ اس کے بازوؤں کو اپنے شکنجے میں جکڑ رہے تھے۔ اس کے وجود سے لپٹ کر اسے بے بس کررہے تھے۔ وہ چاہ کر بھی اپنا آپ چھڑا نہیں پارہی تھی۔ تبھی کہ تبھی......

''دھپ'' کوئی چیز اس کے برابر میں آکر گری۔ اس کی چپٹی ہوئی پلکیں جھپک گئیں۔ اس نے چونک کر برابر میں دیکھا۔

''یہ کچھ کتابیں ہیں۔ تمہیں رات میں نیند نہیں آرہی تھی ناں آج بھی شکایت ہوتو...... پڑھ لینا وقت اچھا گزرے گا۔''

اس کی اجنبی نظریں مانوس خدوخال پر ٹھہری تھیں اور وہ اندر جاچکا تھا۔ اسے لگا اسے یہیں بیٹھے بیٹھے رات بتادینی چاہیے۔

جانے کتنا وقت گزرا تھا۔ وہ ڈراؤنا خواب دیکھتے، دیکھتے۔

عصر سے عشاء کا وقت ہونے کو آیا۔ جب کھلی آنکھوں میں چلتا خواب ٹوٹا بھی تو اسی دشمن جاں کی آواز پر جو اس کا سکون غارت کرکے اب بیڈروم میں بند ہوچکا تھا۔

تائی امی کا موڈ جانے کس بات پر خراب تھا۔ دوپہر میں زین کی چھوٹی بہن اپنے میکے کا چکر لگا کر گئی تھی۔ وہ تبھی سے خار کھائے بیٹھی تھیں۔

تو یہ طے ہے کہ آج کے دن کا آخری کھانا بھی مجھے تنہا زہر مار کرنا ہے۔ دوپہر میں بھی ساس امی نے اپنی بیٹی کے ساتھ دوپہر کا کھانا اپنے کمرے میں ہی کھالیا تھا۔

اس کا جی ہر چیز سے اچاٹ ہونے لگا۔ جی چاہا ایک ہاتھ مار کر سجی سجائی ٹیبل الٹ دے۔ وہ اپنے خیال کو عملی جامہ تو نہ پہنا سکی۔ لیکن کمرے میں زین وقت سے کہیں پہلے خدا جانے سو رہا تھا یا سونے کی ایکٹنگ کررہا تھا۔ اس نے جا کر بری طرح جھنجوڑ دیا۔

''کیا بات ہے؟ کیا مصیبت ہے؟''

''میرے اندر آگ لگی ہے۔'' اس کی آواز سرگوشی سے زیادہ بلند نہ تھی۔

''بھانبھڑ جل رہے ہیں۔ عزت داؤ پر لگی ہے اور تم یہاں پڑے سو رہے ہو۔'' آخر میں اس کی آواز چیخ میں بدل گئی۔

''کیا بکواس کررہی ہو۔ مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہا۔''

''اور سمجھ آئے گا بھی نہیں۔ اس منحوس کی پٹی آنکھوں سے اترے گی تب ناں۔''

''کون؟'' اس نے آنکھیں سکیڑ کر اسے دیکھا۔ ''روبیشہ!''

''ہاں اسی ڈائن کی بات کررہی ہوں میں۔''

اس وقت وہ خود کسی بلا کی طرح اسے نیند سے جگا کر بلائے ناگہانی کی طرح نازل ہوگئی تھی۔ زین لب بھینچے اسے دیکھتا رہا۔ پھر یکدم اس کا بازو پکڑ کر زور دار جھٹکا دیا۔

''ڈائن وہ نہیں، ڈائن تم ہو تم۔ ایسی ڈائن جس نے میرے خوابوں کو کھالیا، میری خواہشوں کو نگل لیا، میری زندگی کی سب سے بڑی خوشی کو ختم کردیا تم نے اور اگر تھوڑے دن تم اور یہاں رہو گی تو ایک دن، مجھے بھی ختم کردو گی۔''

چبا چبا کر بولتا وہ ایک جھٹکے سے اس کا بازو چھوڑ کر اٹھا تھا۔ وہ سکتے کی کیفیت میں پیچھے کو لڑکھڑائی اور وہ تیزی سے اٹھ کر چپلیں گھسیٹتا باہر نکل گیا۔

☆☆☆

کتنی صدیاں بیتی تھیں۔ کتنے زمانے گزرے تھے۔ جانے کتنا وقت باقی تھا صبح صادق کے آثار نمودار ہونے میں۔ زیست پر چھائی کالی رات ٹلتی نظر نہ آتی تھی۔ صبح کا ستارہ ناامیدی کی گود میں جا سویا تھا۔ جلتی آنکھیں، بھیگے لب، کسی نقصان کا نوحہ پڑھ رہے تھے۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

گہری بدلیوں نے چاند کے چہرے پر نقاب ڈال دیا تھا۔ اس کے دل کی طرح بھرے بھرے بادل کسی بھی لمحے برس پڑنے کو بے تاب تھے۔ تن تنہا...... خالی کمرا، ویران وجود، بے شکن بستر۔ سب اس کی بربادی میں برابر کا غم بانٹنے کو تیار تھے۔

جبھی کمرے میں رقص کرتی وحشت کے گھنگرو تھمے اور سناٹے نے ہانپتے ہوئے سانس بھری۔

ایک مانوس سی موسیقی کمرے میں جاگ رہی تھی۔ ایک بار، دوبار... اس نے جھنجلا کر سیل اٹھایا۔ زین کے موبائل پر روبیشہ کا نمبر دیکھ کر اس کا دل چاہا کہ اس موبائل کو سامنے دیوار پر پوری قوت سے دے مارے مگر...... جانے کس خیال نے دستک دی تھی۔ اس نے کال ریسیو کرلی۔

''زین...... زین آپ پلیز گھر آجائیں۔ صوبی کی طبیعت بگڑ رہی ہے۔ اسے شام سے فٹس پڑ پڑ کے حالت خراب ہوگئی ہے۔ شدید بخار چڑھ گیا ہے پلیز آجائیں۔''

وہ اس سے بہت کچھ کہنا چاہتی تھی کچھ ایسا جو اس کے اندر جلتے الاؤ پر سرد چھینٹے ڈال دے۔ جو اس کے اندر بھری نفرت اور غصے کو ایک جملے میں اس پر انڈیل دے۔ جیسے اس کی اپنی نیندیں جل اٹھی تھیں۔ ویسے ہی اس کی نیندیں بھی جہنم رسید کردے لیکن وہ تو پہلے ہی رو رہی تھی۔ منہل کو قرار سا ملنے لگا۔ وہ مضطرب تھی۔ زین کو پکار رہی تھی۔ بلا رہی تھی مگر...... زین تو......

''وہ گھر پر نہیں ہیں۔''

اس کے خیال میں اسے مزید کچھ کہنے کی ضرورت نہیں تھی۔ بات مکمل کرتے ہی لائن کٹ گئی۔ کال پھر آنے لگی۔

''کہاں ہیں زین! پلیز ان سے کہیں گھر آجائیں۔''

''کیسے کہہ دوں جب وہ یہاں ہیں ہی نہیں۔''

''دیکھیں میں آپ کی منت کرتی ہوں۔ باہر بہت شدید بارش ہے۔ ورنہ میں اکیلی اسے اسپتال لے جاتی۔ ابو اور ان کی فیملی بھی یہاں نہیں۔ پلیز میری زین سے بات کروادیں۔ ایک بار خدا کے لیے......''

اس کے ہاتھ سے ضبط کا دامن چھوٹ گیا۔

''تمہیں ایک بار کی بات سمجھ نہیں آتی۔ نہیں ہے وہ یہاں اور اب فون مت کرنا۔'' اس نے سختی سے بات کرکے فون سرہانے کی طرف اچھال دیا اور واش روم میں جا کر منہ پر یخ پانی کے چھینٹے مارنے لگی۔

جلتی آنکھوں کو ذرا سا سکون دے کر جب باہر نکلی تو سیل متواتر بج رہا تھا۔ اس نے فیصلہ کن انداز میں موبائل آف کرکے سائڈ ٹیبل کی سب سے نچلی دراز میں پھینک دیا۔

☆☆☆

اگلے دن کی صبح کسی قیامت سے کم نہ تھی۔ پاس پڑوس کی عورتوں کی آمد و رفت شروع ہوچکی تھی۔ گھر کا سامان باہر نکالا جارہا تھا۔ دن چڑھا اور سورج کی ادھ مری تپش آنگن تک آئی، تو چاندنیوں اور سپاروں کے انتظامات کیے جانے لگے۔

جن بازوؤں نے آخری وقت میں اسے سمیٹا تھا۔ وہی بازو گھٹنوں پر لپیٹے... ان میں منہ چھپائے وہ کب سے خاموش سب سے پرلی دیوار سے ٹیک لگائے بیٹھی تھی۔

آہیں، آوازیں، سوگواریت، دنیا، لوگ...... ہر چیز سے چھپنا چاہتی تھی وہ۔ کہیں کسی اندھیرے کونے میں دور، بہت دور۔ جہاں کوئی آواز اس تک نہ پہنچے۔ کوئی زندگی کا احساس دلاتی چیز نہ سنائی دے، نہ دکھائی دے، نہ محسوس ہو...... کوئی جنبش نہیں...... کوئی سانس، کوئی دھڑکن تک نہیں۔

میت کو غسل دیا جاچکا تھا۔ رشتے دار جمع ہوگئے تھے۔ خواتین، اماں کے سسکتے وجود کو دلاسا دینے کے لیے لپٹاتیں۔ یمنیٰ کو صبر کی تلقین کررہی تھیں۔ جب کسی نے اس کا شانہ ہلایا۔

''بہن کو دیکھ لو بیٹی، آخری بار''

آواز اداسی میں ملفوف ادھوری رہ گئی۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

''آخری بار'' اس نے دھیرے سے سر اٹھایا۔ پتھرائی آنکھوں سے سامنے سفید لباس میں لپٹی بے جان مورت کو دیکھا۔ پھر اس کے پاس، سرہانے جا کر بیٹھ گئی۔

بال نظر نہیں آتے تھے۔ عیب دار آنکھیں...... پپوٹوں تلے چھپ گئی تھیں۔ لب خاموش، خشک شاید آج سے پہلے وہ کبھی اتنی صاف ستھری اور پاکیزہ نہیں لگی تھی۔ صاف ستھری پاکیزہ لیکن بے جان۔ ہو بہو اس کی شکل...اُسی کا قدبت...... اس کی جڑواں بہن......وجود کا حصہ۔

ایک آنسو اپنی بے قدری کا احساس لپیٹ کر پلکوں کی دہلیز سے نکلا اور رزقِ خاک ہو گیا۔ کتنے گھنٹوں سے باندھا گیا بند ٹوٹ گیا اور نمکین سیلاب بہہ نکلا۔ وہ پھوٹ پھوٹ کر روئی اس سے لپٹ رہی تھی۔ اسے بے تحاشا چوم رہی تھی۔

جبھی برسوں کے بعد، جانے کتنے زمانوں کے بعد صداقت علی اور ان کے بالکل پیچھے زین العابدین نے گھر میں قدم رکھا۔

اس نے اپنی سرخ انگارہ آنکھیں اٹھائیں۔ کمرے کے کھلے دروازے سے نظر آتے صحن کے وسط میں وہ اور اس کے پیچھے منہل...... وہ اٹھی اور باہر نکلی آگے بڑھتے صداقت علی کو نظر انداز کرتی سیدھی زین کے سامنے پہنچ گئی۔

زین نے اسے اپنے سامنے حال سے بے حال کھڑے دیکھا۔ اور اس کے سینے میں کسی نے بھالا اتار دیا۔

''اب آئے ہیں آپ یہاں اتنی دیر لگا کر؟ کہاں تھے کل رات سے؟ کتنا بلایا میں نے۔ میری بہن چلی گئی مجھے چھوڑ کر زین......سب کو بوجھ لگتی تھی وہ۔ سب اس کے زندہ رہنے سے تکلیف میں تھے۔ مگر آپ تو ایسے نہیں تھے۔ کیوں کیا آپ نے ایسا؟ کیوں نہیں آئے آپ؟ کتنا بلایا میں نے، کہاں تھے آپ؟ کیوں نہیں آئے؟''

بے تحاشا روتے ہوئے وہ اس کا گریبان تھام کر، جیسے دنیا جہان بھلا کر کسی اپنے سے اپنا غم کہہ رہی تھی۔ دو قدم پر کھڑے صداقت علی کی ہمت نہ تھی کہ اسے روک لیتے۔

کمرے کے اندر باہر......گھر کے پورے منظر پر جمود طاری تھا۔ ان کے ساتھ کھڑے دو خاندانوں نے جدا جدا تاثرات سے یہ منظر دیکھا۔ ان میں بلال بھی شامل تھا اور ہانیہ بھی۔ تائی امی بھی تھیں اور منہل بھی۔ لیکن آج اسے کسی کی پروا نہیں تھی۔ پھٹے بانس کی طرح بیٹھی آواز اور خراش زدہ حلق کے ساتھ زور زور سے روتی وہ صرف زین کو دیکھ رہی تھی۔ اس سے شکوہ کر رہی تھی۔ جو اسے سنبھالتے، سمیٹتے بے بس ہوا جا رہا تھا۔ بالآخر اس کے اعصاب جواب دے گئے اور وہ ان ہی مہربان بازوؤں میں ہوش و حواس سے بے بہرہ ہو گئی۔ جن کا سہارا لینا اس کے نصیب میں نہ تھا اور وہ اپنے نصیب سے ہار چکی تھی۔

☆☆☆

زیست کیسا کیسا وقت سامنے لاتی ہے۔ کڑا سماں، مشکل لمحات، کٹھن مرحلے...... انسان جانتے بوجھتے کسی منظر سے چرا کر آنکھیں بند کرتا ہے۔ پھر بند آنکھوں کے پیچھے اسی منظر سے گھبرا کر آنکھیں کھولتا ہے۔ پھر بند کرتا ہے، جھٹلاتا ہے، جھنجلاتا ہے، شعور کی تیز نوکیلی آواز کو اَن سنا کرتا ہے۔ بہرہ بن جاتا ہے۔ لیکن سچائی کسی عینک کی طرح ادراک کے دونوں اطراف کمانیاں اڑا کر بیٹھ جاتی ہے۔ دائیں بائیں اوپر نیچے اسے کتنا ہی ہٹانے کی کوشش کرو وہ شعور کی آنکھ سے چپکی ہی رہتی ہے۔ تاوقتیکہ انسان اپنی تمام انا، ضد اور بعض اوقات عزت کو بھی بالائے طاق رکھ کر اس حقیقت کو قبول کر لیتا ہے۔ وہ بھی ایک ایسے ہی منظر کی لپیٹ میں آ گیا تھا۔

ایک جلتا ہوا منظر، ایک سلگتی ہوئی حقیقت، جس نے پچھلے چند ایک سال سے سجائے ہوئے اپنے تئیں تمام سپنے اور ارمان، ایک طنزیہ ہنسی اور پاؤں کی


READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

Click on http://www.paksociety.com for more

حقارت بھری ٹھوکر سے ہوا میں اڑا دیے تھے۔
اپنے دل کی سنتے، سنتے وہ جس حقیقت سے نظریں چرا کر اسے جھٹلانے چلا تھا۔ اب وہ حقیقت اپنے چہرے پر کڑوی آگہی مل کے، پوری آنکھیں کھول کر اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے کھڑی تھی۔ نہ کوئی جائے پناہ تھی نہ راہِ فرار۔ بس چند آوازیں تھیں۔ پچھل پیریوں کی طرح تعاقب کرتی۔ راستے میں کھڑی کالی بلی کی طرح۔

''میں نے آپ کو بلایا تھا۔ آپ کیوں نہیں آئے۔''

''سب کو اس سے تکلیف تھی سوائے آپ کے۔''

یہ سن کر تو بلال کو وہیں صحن میں ہی سرما کی دھوپ میں پت جھڑ کی زردی گھلتی محسوس ہونے لگی تھی۔ اسے لگا جیسے روبیشہ نے انگلی اٹھا کر اس کی طرف اشارہ کیا ہو۔

☆☆☆

امینہ بیگم کے لیے یہ دن پوری زندگی سے زیادہ بھاری تھے۔ جب صداقت علی ان کے گھر میں روز ہی تشریف لا رہے تھے۔ دنیا کی عورتوں کے لیے ان کے مرد سے بڑھ کر کوئی سہارا نہیں ہوتا۔ وہ کیسے خاوند تھے کہ ان کی آمد اور موجودگی نے امینہ بیگم کے دکھ کو دگنا کر دیا تھا۔ ان کے دل کا بوجھ اور بڑھا دیا تھا۔ پہلے دن سے لگی آنسوؤں کی جھڑی اب تک نہ ٹھہری تھی۔ اور سر کا درد گھر کے افراد کی طرح مکین تھا۔

بالآخر بہت سوچ سمجھ کر اور دقت کے ساتھ وہ اپنے باپ کے روبرو تھی۔

''آپ اپنے گھر چلے جائیں واپس۔'' نظریں زمین میں گاڑے اس نے پتھر سے لڑھکائے۔ صداقت علی ایک دم اٹھ کر کھڑے ہو گئے۔ ان کی نظروں میں حیرت اور بے یقینی ثبت تھی۔

''بیٹی میں بہت شرمندہ......''

''برائے مہربانی'' اس نے نرمی سے ہاتھ اٹھا کر ان کی بات کاٹی۔

''ہم ان بھاری الفاظ کے قابل نہیں۔ بس آپ آئندہ تشریف لانے کی زحمت نہ کریں۔ ہمارا خرچہ اٹھا کر پہلے ہی آپ نے ہمیں اپنے احسانات کے بوجھ تلے دبا رکھا ہے۔ اب اگر مزید آپ یہاں رک بھی گئے تو اس احسان کے بوجھ سے ہمارا دم گھٹ جائے گا۔'' اس کی آواز بھاری ہو گئی۔ آنکھوں میں جلن اور نمی بڑھ گئی۔

''ایسا مت کہو بیٹا۔ میری بات تو سنو۔''

''آپ میری بات سن لیں میں اپنی بہن کو کھو چکی ہوں، ماں کو کھونے کی ہمت نہیں۔ اور ویسے بھی ہم آپ کے بغیر جینا سیکھ چکے ہیں۔ ہمیں آپ کی عادت نہیں رہی۔''

بیرونی دروازے سے داخل ہوتے زین نے روبیشہ کو پھوٹ پھوٹ کر روتے۔ اور اپنے کمرے کا دروازہ بند کرتے دیکھا۔ چچا تھکے، تھکے برآمدے سے باہر نکل کر صحن میں آئے تھے۔

وہ لمحہ بھر کے لیے زین کے قریب ٹھہرے۔ اس کے سر پر ہاتھ رکھا اور باہر نکل گئے۔ ان کی آنکھوں میں اُمڈتی نمی زین کی نظروں سے مخفی نہیں رہی تھی۔

زین نے ایک بڑی محرومی کا دکھ از سرِ نو اپنے بائیں پہلو میں کروٹیں لیتا محسوس کیا۔ اس نمی میں کیا کچھ تھا۔ شاید افسوس، شاید پچھتاوا یا شاید صرف جذباتیت۔ وہ خود بھی چپ چاپ ہاتھوں میں کپڑے، دواؤں اور پھلوں کے شاپرز برآمدے میں ٹیبل پر رکھ کر واپس پلٹ گیا۔

☆☆☆

منہل چلی گئی۔

تائی امی کو آئینہ دکھا کر۔ زین کے سامنے اعترافِ جرم کر کے۔ اس کا سر جھکا ہوا تھا۔ ہاتھ بندھے ہوئے تھے۔

''اس رات آپ کے جانے کے بعد......'' وہ جانتی تھی۔ زین واقف ہو چکا تھا۔

اس طوفانی رات کی صبح جب اس نے اپنا موبائل



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more



فون تلاش کیا تو وہ اسے سائیڈ ٹیبل کی دراز میں آف پڑا ہوا ملا۔ وہ خود تو فون وہاں نہیں رکھ کر گیا تھا۔ ظاہر ہے کسی نے جان بوجھ کے ہی وہاں ڈالا تھا۔ فون آن کرتے ہی ربا کی ڈھیروں مسڈ کالز اور میسجز نے ساری حقیقت اس کے سامنے عیاں کر دی تھی۔ بعد میں اس ہی نے صداقت اور دوسرے لوگوں کو اطلاع دی تھی۔ لیکن اس نے منہل سے کوئی بھی سوال نہیں کیا تھا۔ کوئی باز پرس نہ کی تھی۔ منہل کی سزا کے لیے اس کے ضمیر کی چبھن ہی کافی تھی۔

"مجھے معاف کر دیں۔ میں غصے میں بالکل اندھی، بہری بن گئی تھی۔" وہ سر جھکائے سسک رہی تھی۔

زین نے تب بھی کچھ نہیں کہا۔ صرف اس کے بندھے ہاتھ کھول کر، اس کے آنسو صاف کر دیے اور تھکے ماندے قدموں سے گھر سے باہر نکل گیا۔

تب وہ اٹھی اور اپنا سامان سمیٹ کر ساس کے سامنے کھڑی ہو گئی۔

"آپ تو ماں ہیں اور ماں اپنی اولاد کی ہر تکلیف، ہر خوشی، ہر خواہش کو سمجھ لیتی ہے پہچان لیتی ہے...... اس وقت سے جب اسے ہنسنا اور رونے کے سوا اور کچھ نہیں آتا۔ پھر آپ کیوں نہیں سمجھ سکیں اس کے دل کی خواہش کو؟ اس کی آرزو کی گہرائی کو ناپ کیوں نہیں سکیں امی؟"

تائی امی حیرت زدہ و نادم سی اسے سن رہی تھیں۔

"اب بھی بہت دیر نہیں ہوئی۔ سنبھل جائیں۔ سمجھ جائیں۔ وہ گھل رہے ہیں، اندر ہی اندر جل رہے ہیں۔ یہ زبردستی کا ساتھ نہیں نبھا پائیں گے۔ وہ میرے ساتھ ہوتے ہوئے بھی ساتھ نہیں ہوتے۔ وہ رومیشہ سے ملتے نہیں۔ اسے دیکھتے تک نہیں۔ اس کی آواز بھی نہیں سنتے مگر اس کے ساتھ ہوتے ہیں ہر وقت۔ فضول کے واہموں میں گھر کر اپنی اولاد کو اس عذاب میں مزید مت تڑپائیں۔ پتا نہیں آپ کو اتنے سالوں میں کیوں نظر نہیں آیا وہ سب، جو میں نے فقط ایک منظر میں دیکھ لیا۔ وہ سب جو آپ کو سالوں پہلے نظر آ جانا چاہیے تھا اور رہی میں، تو مجھ میں کوئی کمی نہیں، کوئی خامی نہیں۔ کوئی عیب نہیں...... پھر میں کیوں زبردستی ایک ایسے شخص کے سر پر سوار رہوں جو دانستہ یا نادانستہ میری ذات کی نفی کر کے خود تو ندامت سہے گا ہی، مجھے بھی نفسیاتی مریض بنا دے گا۔"

تائی امی کا سر جھک گیا۔ ندامت کے احساس تلے چُور چُور ہو گئیں۔ جو باتیں منہل آج ان سے کہہ رہی تھی۔ یہ تو وہ ہمیشہ سے سمجھتی تھیں، جانتی تھیں۔ وہ ان کے قدموں میں بیٹھ گئی اور ان کے ہاتھ تھام لیے۔

"آپ نے اپنے بیٹے کی خود سے محبت آزمالی۔ وہ آپ کی خواہش کیا احترام میں اپنی زندگی سے ہی دستبردار ہو گئے۔ اب آپ انہیں زندہ کر دیں امی! اپنے بیٹے کو اس کی زندگی، ایک جیتی جاگتی زندگی لوٹا دیں۔ ہاں میں ان کی بیوی ہوں مگر میں ایک عورت بھی تو ہوں اور عورت کا ظرف ناپنے کا کوئی پیمانہ نہیں ہوتا۔ سمندر جتنی وسعت اور ظرف عطا کیا ہے قدرت نے عورت کو۔ آپ کے پاس بھی اتنا ہی وسیع ظرف ہے۔ اتنا ہی بڑا دل ہے۔ بس اس کی کھوج لگا لیجیے گا۔ بہت سی الجھنیں سلجھ جائیں گی۔"

☆☆☆

وقت کے پیمانے سے قطرہ قطرہ ٹپکتے دنوں نے اس گہرے گھاؤ پر ٹھنڈے پانی سے بھیگا پھایا رکھا تو تھا۔ پر کبھی کبھی کوئی یاد دل میں چٹکی بھرتی تو کچے زخم سے کھرنڈ اتر جاتا اور وہ کہیں کونے کھدرے میں منہ دے کر دل ہلکا کر لیتی۔ کیونکہ وہ امی کے سامنے رونا نہیں چاہتی تھی۔ زین کی آمد و رفت ختم نہیں مگر کم ضرور ہو گئی تھی۔ رومیشہ البتہ اس سے بات کرنے میں احتیاط ہی برتتی تھی۔ ان ہی دنوں اس کا گھر ٹوٹنے کی خبر پورے خاندان میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔

امی نے زین سے تفصیلات تو جاننے کی کوشش نہیں کی۔ البتہ افسوس ضرور کیا۔ مگر وہ کوئی بھی ردِعمل ظاہر کیے بغیر خاموش بیٹھا رہا۔ رُبا وہاں نہیں تھی مگر اندر کمرے میں امی کی بات ضرور سن رہی تھی۔ اس کا گھر



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

ٹوٹنے کی خبر نے اسے کوئی خوشی نہیں دی تھی۔ اسے اپنے دل پر قابو رکھنا آچکا تھا۔ دل میں اب بھی اس کی محبت پورے دھڑلے سے دھرنا دیے بیٹھی تھی۔ مگر اسے پانے کی خواہش دم نہیں مار سکتی تھی۔ بلال بیرونِ ملک جاچکا تھا۔ جانے سے پہلے اس نے ایک مختصر سے میسج میں اسے خدا حافظ کہا تھا اور بس۔

یمنیٰ کی ڈلیوری کے دن نزدیک آگئے۔ بچے ٹوئنز تھے اس نے خاندان میں نہیں بتایا تھا۔ اس کے گھر آنے والی اس نئی خوشی کی تیاری نے امینہ بیگم اور روبیشہ کو صبغہ کی موت کے غم سے سنبھلنے میں بہت مدد دی۔ یمنیٰ نے بھی جان بوجھ کر انہیں اپنی تیاریوں میں مصروف کردیا تھا۔ اور یہ خوشی بہرحال کوئی چھوٹی بھی نہ تھی۔ وہ بہرحال کئی سالوں بعد بہت دعاؤں اور منتوں مرادوں سے ماں بننے جارہی تھی۔

بلال کے فون اور میسجز میں صبغہ والے واقعے اور پھر دوسرے ہی دن اس کی دائمی جدائی کے بعد بہت تیزی سے کمی آئی تھی۔ روبیشہ نے بھی نوٹس لینا ضروری نہیں سمجھا کہ وہ بہرحال اس حادثے میں کسی حد تک اسے بھی قصوروار سمجھتی تھی۔ اس دن صبغہ کو تیز بخار تھا اور اسے زندگی میں کبھی کسی نے سختی سے چھوا تک نہ تھا۔ کجا کہ کسی مردانہ ہاتھ کا تھپڑ...... اس کی طبیعت جب ہی سے بگڑنا شروع ہوئی تھی اور روبیشہ کے دل میں جنم لیتا بلال نامی نرم گوشہ تبھی سے پتھر ہونا شروع ہوا۔

☆☆☆

وہ جنوری کی ایک سرد ٹھٹھرتی ہوئی رات تھی۔ جب تیسرے پہر اسپتال کے یخ بستہ کاریڈور میں اس کے لبوں پر دعائیں جاری تھیں۔ آپریشن تھیٹر سے نکلتی ڈاکٹر نے تفکر آمیز انداز میں انہیں دیکھا اور نزدیک آئی۔

''مبارک ہو ٹوئنز ہیں، بیٹیاں''

''میری بہن......؟'' وہ بے تابانہ بولی۔

''وہ بالکل ٹھیک ہیں خدا کا شکر ہے لیکن بچیوں کے بارے میں کچھ کہا نہیں جاسکتا۔ دونوں بہت دیک ہیں۔ خاص طور پر ایک بچی کے بچنے کے چانسز بہت کم ہیں۔ پیدائش سے پہلے ہی اس کی بریتھنگ (تنفس) میں رکاوٹ آگئی تھی اور ہارٹ بیٹ میں بھی۔ آپ دعا کریں بس۔''

وہ بے دم انداز میں بینچ پر گرگئی۔

''اور کتنی آزمائش باقی ہے خدایا!''

امینہ بیگم کے لب بے آواز پھڑپھڑائے۔ انہیں لگا وقت الٹی چال چلنے لگا ہے۔ ان کی زندگی کے سخت ترین لمحات دوبارہ دُہرائے جانے والے ہیں۔

چند گھنٹے گزرے تو یمنیٰ کو روم میں شفٹ کردیا گیا اور ایک کامنی، پھول سی بچی اس کی گود میں آگئی۔ گلابی روئی کے گالے جیسی۔

''دوسری ابھی نرسری میں ہے''

نرس بے تاثر انداز میں اطلاع دے کر چلتی بنی۔

زین، تائی امی کو لے کر فجر کے وقت پہنچا۔ یمنیٰ کے شوہر کو گھر بھیجا اور خود ٹھہر گیا۔ یمنیٰ کی ساس گو کہ ضعیف تھیں مگر اس وقت مستقل وہیں موجود رہ کر امی کا حوصلہ بڑھانے کا سبب بنی رہیں۔ روبیشہ نے ان کی تھکن کا خیال کر کے انہیں بھی بیٹے کے ساتھ روانہ کردیا۔

وہ ننھی منی فرشتہ سی جیتی جاگتی گڑیا کو دیکھ کر خوش ہورہی تھی۔ اسے چوم رہی تھی۔ اس کی آنکھوں میں ایک انمول خوشی تھی اور چہرے پر بچکانہ شوق۔ عرصے بعد زین نے نظر بھر کر اسے دیکھا تھا۔

تبھی ایک وارڈ بوائے وہ منحوس خبر لے کر آیا۔ جس نے سب کے دلوں پر غم کی کہر جمادی۔ یمنیٰ بے اختیار ہوکر زاروقطار رونے لگی۔ زین نے فوراً اس کی سسرال اور شوہر کو خبر دی۔ روبیشہ کو یوں لگ رہا تھا جیسے اللہ نے ایک بار پھر صبغہ کو ان سے واپس لے لیا ہے۔ لیکن وہ کفر کی مرتکب نہیں ہونا چاہتی تھی۔

''چپ ہوجاؤ یمنیٰ۔ اور شکر ادا کرو ایک بیٹی زندہ سلامت تمہارے پاس موجود ہے۔ خدا کی مرضی میں چھپی مصلحتوں کو بھلا ہم جیسے نادان کیا



Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

سمجھیں گے۔"

☆☆☆

"دیکھا...... دیکھا آپ نے؟" آمنہ ریحان بری طرح خار کھائے بیٹھی تھیں۔

"وہی ہوا ناں جس کا ڈر تھا۔ جڑواں بیٹیاں ہوئی تھیں یمنیٰ کے یہاں...... ایک ہی بچ سکی۔" ریحان سعدی خاموش تھے۔ وہ توہم پرستی کے سخت خلاف تھے مگر بیگم کو جھٹلانے کی پوزیشن میں بھی نہیں تھے۔

"میں ابھی فون کرتی ہوں بلال کو۔ اب تو میں کسی طور اس لڑکی کو بہو نہیں بنا سکتی۔ بس ہو گیا فیصلہ۔"

وہ قطعی انداز میں بولتی اٹھ کر فون ملانے چل دیں۔

☆☆☆

کوسوں، میلوں، سمندروں پار کتابیں کھولے وہ اپنی سوچوں سے اکیلا ہی نبرد آزما تھا۔ لندن فلائی کرنے سے ایک دن پہلے اس نے شاہ نور کو اندھیرے میں ٹیرس پر روتے ہوئے دیکھا۔ وہ جانتا تھا کہ اس کی بہن اس سے محبت کرتی ہے۔ لیکن اتنی زیادہ نہیں کہ اس کے جانے پر یوں چھپ چھپ کر آنسو بہائے۔ وہ حیرت زدہ انداز میں پوچھنے کی غلطی کر بیٹھا۔

"تمہیں کسی کے آنسو نظر آتے ہیں حیرت ہے؟" وہ تڑخ کر بولی۔

وہ گنگ رہ گیا تھا۔ مزید کچھ پوچھنے کی ضرورت نہیں تھی۔

"اور نظر آئیں بھی تو کیا۔ تم نے تو کر لی ناں اپنی خوشی پوری۔ اور اس کے پیچھے جو تین لوگ خوار ہوئے وہ؟ ہاں یقیناً تمہارے لیے تو تمہاری اس روبیشہ سے بڑھ کر کوئی نہیں۔ پھر میں ہوں، ہانیہ یا دانیال...... کوئی ہنسے یا روئے، جیے یا مرے۔ تمہیں اس سے مطلب؟"

وہ پھٹ پڑی تھی۔ اور کب سے اپنے دل میں جمع شدہ غبار کو نکال کر وہاں سے چلی گئی تھی۔

کئی مہینے پرانا ایک پریشان کن منظر بالکل کسی گرما گرم خبر کی طرح ابھی آنکھوں میں تازہ تھا۔ اس کے رنگ پھیکے نہ پڑے تھے۔ کہ ان رنگوں میں شاہ نور کے آنسو گھلنے لگے۔

"تم اتنے بے حس بھی ہو سکتے ہو بلال۔ میں نے کبھی نہیں سوچا تھا۔"

بھلا وہ بے حس کب تھا جو شاہ نور نے ایسا کہا۔

"آپ کیوں نہیں آئے؟ میں نے رات میں کتنا بلایا۔" روبیشہ کے لفظوں کی گونج، یہ اس کے احساسات ہی تو تھے۔ جنہوں نے جینا مشکل کر دیا تھا۔ ایک معمولی فقرے میں پوشیدہ جذبے اس پر ایک پل میں وا ہو گئے تھے۔ پھر بھلا وہ بے حس کہاں تھا۔

روتے ہوئے لہجے، ٹوٹے ہوئے مان کا مرثیہ پڑھتے الفاظ چابک کے مانند اس کی سماعتوں پر شائیں کر کے پڑتے اور وہ تکلیف سے سن ہو جاتا۔

دنوں پرانی باتیں یاد آتی جاتیں۔

"وہ جس نے زندگی میں کبھی تمہارے سوا کسی اور کی طرف دیکھا تک نہیں۔ وہ کیا کرے۔"

ایک عنکبوت اس کے گرد کس رہا تھا۔ وہ نہ چاہتے ہوئے بھی اس میں پھنسنا چاہتا تھا۔

☆☆☆

"اب بتاؤ۔ کیا اب بھی تمہارا دل مانتا ہے یہ شادی کرنے کو؟" آمنہ بیگم فون پر بلال کی برین واشنگ میں مصروف تھیں۔

"ہم تمہارے دشمن نہیں ہیں بیٹا!"

اس کی مسلسل خاموشی نے انہیں دھیما کر دیا۔

"تم خود سوچو، بے شک فیوچر کے بارے میں کسی انسان کو نہیں پتا۔ مگر جان بوجھ کر غلط فیصلہ کرنا تو کوئی عقل کی بات نہیں۔ ارے تم نے دیکھا نہیں تھا۔ اس کی جڑواں بہن کو۔"

آمنہ بیزاری سے اسے بتا رہی تھیں۔

"بالکل ابنارمل لڑکی تھی وہ، خود سوچو، بھلا جس


READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

Click on http://www.paksociety.com for more

خاندان میں اس طرح کے کیسز ان کی ماں کے زمانے سے چلے آرہے ہوں تو۔ وہاں سے کون لڑکی لے گا۔ ذرا ٹھنڈے دل ودماغ سے غور کرو۔"

بلال کی خاموشی ان کا حوصلہ بھی بڑھا رہی تھی۔ اور وہ دل ہی دل میں ڈر بھی رہی تھیں۔

"اور وہ لڑکی روبیشہ...... وہ خود کون سا خوش تھی منگنی کے وقت...... ارے سارا خاندان جانتا ہے وہ اور زین انوالوڈ تھے ایک دوسرے کے ساتھ۔ زین کی بیوی بھی اسی وجہ سے اسے چھوڑ کر چلی گئی اور......"

"امی پلیز......" بہت دقت سے اس کے منہ سے نکلا۔

امی کو روانی سے بولتے بولتے بریک لگ گیا۔

"اچھا ٹھیک ہے۔ مگر ابھی دیر نہیں ہوئی۔ میں ان لوگوں سے معذرت کرلوں گی۔ تم بیٹا اپنے مستقبل کے بارے میں سوچو۔ ہانیہ کا سوچو۔ اس بیچاری کا اس معاملے میں کیا قصور ہے۔ وہ تو جب سے تمہاری منگنی ہوئی ہے۔ مستقل بیمار رہنے لگی ہے بیٹا۔"

بلال نے آنکھیں بند کرکے گہری سانس لی۔

"تو پھر میں جاؤں ان لوگوں کی طرف؟ ابھی تو اتنے دن بھی نہیں گزرے۔"

"ٹھیک ہے امی! جو آپ کا دل کرے وہ کریں۔"

ایک گھنٹے امی کی بات سننے کے بعد صرف اتنا کہنے میں ہی اس کے اعصاب شل ہوگئے۔ بے انتہا دکھ اور غم کے دم گھوٹتے احساس کے ساتھ اس نے ریسیور رکھا اور بستر پر گر گیا۔

"مجھے مستقبل کی کوئی فکر تھی نہ اپنی اولاد کا کوئی خدشہ لیکن......لیکن......"

آنکھیں صاف کرتے ہوئے وہ دھیرے سے بڑبڑایا اور تکیے میں منہ دے دیا۔

کبھی لوٹ آئیں تو نہ پوچھنا ہاں دیکھنا انہیں غور سے
جنہیں راستے میں خبر ہوئی کہ یہ راستہ کوئی اور ہے

☆☆☆

خاندان کے دو گھروں میں ایک ہی شام اپنی ڈھیر ساری رونقوں سمیت اتری تھی۔ اور صداقت علی کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ وہ کس گھر میں رکیں اور کس کو نظر انداز کریں۔

روبیشہ اور ہانیہ دونوں ہی ان کی بیٹیاں تھیں۔ ان کا اپنا خون۔

بے شک وہ ایک لمبے عرصے تک روبیشہ کے وجود سے بے پروا اور غافل رہے۔ مگر صبغہ کی موت نے انہیں دیر سے ہی سہی مگر ان کے حقوق یاد دلا دیے تھے۔

وہ ایک ہی وقت میں دو بیٹیوں کے فرض سے سبکدوش ہونے جا رہے تھے۔ خدا جانے اس میں بھی اللہ کی کوئی مصلحت تھی یا کیا...... مگر پورا دن گھر میں ہونے والی تقریب کے سلسلے میں وہ بے حد مصروف رہے۔ مغرب سے ذرا پہلے بمشکل وقت نکال کر جب اُدھر پہنچے تو وہاں بھی تمام انتظامات مکمل ہی تھے۔

زین بصد احترام ان سے ملا۔ تائی امی اور ان کی بڑی بیٹی جو خاص طور پر شہر سے باہر سے اس رسم کے لیے آئی تھی۔ دونوں کا ہی رویہ البتہ تھوڑا سرد سا تھا۔

صداقت علی کو آج یہی بات خوش کر رہی تھی کہ وہ روبیشہ کے نکاح میں سرپرست کی حیثیت سے شامل ہو رہے تھے۔ اور آج یہی بات انہیں افسردہ بھی کر رہی تھی کہ کچھ عرصہ پہلے تک وہ اپنی پہلی بیوی اور بیٹیوں کے وجود سے کس قدر غافل تھے۔ بار بار ان کی آنکھیں چمکتیں اور وہ بار بار فخر سے ایک اڑتی پڑتی نگاہ زین پر ڈال کر دل میں اطمینان اور سکون کی لہریں اترتی محسوس کر رہے تھے۔

انہیں آج پوری طرح احساس ہو رہا تھا کہ آج اگر یہاں زین کے بجائے بلال بیٹھا ہوتا تو وہ شاید اس نکاح میں شامل ہی نہ ہو پاتے۔ ہو بھی جاتے تو ان کی خوشی اور اطمینان کا یہ عالم نہ ہوتا۔

وہ کس طرح ایک بیٹی کا گھر بسانے کے لیے دوسری بیٹی کا گھر بسنے سے پہلے ہی اجڑتا ہوا دیکھتے۔

نکاح کے بعد مبارک سلامت کے معمولی سے تبادلے کے دوران انہوں نے اپنا کپکپاتا ہوا ہاتھ روبیشہ کے



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

